نیا اضافہ شدہ ایڈیشن

جادو کا آسان اور شرطیہ علاج

حصہ دوم

سید علی حسین شاہ

نیا اضافہ شدہ ایڈیشن

جادو کا آسان اور شرطیہ علاج

حصہ دوم

سید علی حسین شاہ

علم و عرفان پبلشرز
34 اردو بازار، لاہور۔ فون: 7232336-7352332
E-Mail:ilmoirfanpublishers@hotmail.com

فہرست (جادو کا آسان اور شرطیہ علاج) اصل حصہ دوم

فہرست (جادو کا آسان اور شرطیہ علاج) اصل حصہ دوم

ایک ضروری اعلان

میں اپنے تمام قارئین اور عقیدتمندوں کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ میری کتاب ''جادو کا آسان اور شرطیہ علاج (حصہ اوّل، دوئم)'' پہلے مختلف اداروں سے شائع ہوتی رہی ہے جہاں کتابوں کی تقسیم و ترسیل کا کوئی مؤثر انتظام نہیں تھا۔ دوستوں، خیرخواہوں اور اس میدان میں وسیع تجربہ رکھنے والے احباب کے مشورہ پر میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اب میری یہ کتاب، ادارہ علم و عرفان پبلشرز 34- اردو بازار، لاہور شائع کرے گا۔ جو کتابوں کی دنیا میں اپنی ایک الگ پہچان رکھتا ہے۔ میں نے اس کتاب کے حقوقِ اشاعت دائمی طور پر علم و عرفان پبلشرز کو دے دیئے ہیں۔ اس ادارے کے علاوہ اور کسی کو بھی میری یہ کتاب شائع کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔

سیّد علی حسین شاہ

قادری، قلندری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

جادو ایک بہت ہی زیادہ فعل قبیح ہے جو کسی پر بھی ہوسکتا ہے اس میں قطعاً ایسی کسی بھی شخصیت کو نہیں دیکھا جاتا کہ فلاں کوئی افسر ہے نواب، وزیر، بادشاہ، یا زندگی کے کسی بھی مسلک سے اس کا تعلق ہو اس کی کوئی بھی پرواہ نہیں ہوتی بلکہ جس پر یہ گندا اور پلید عمل کیا جاتا ہے وہ اس کے زیر ہو کر ہی رہتا ہے۔ اور اس کے اثرات تب تک چلتے رہتے ہیں جب تک اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے اور صحیح علاج تب ہی ہوگا جب تشخیص بالکل ٹھیک اور واضح طور پر ہوگی۔ علاج سے زیادہ اہمیت کا حامل پیشہ، مقصد یا کام سب سے پہلے مرض کی تشخیص کا ہوتا ہے اگر تشخیص میں کوئی کمی رہ جائے تو علاج بالکل ٹھیک نہیں ہوتا اور اگر مرض کی مکمل تشخیص کر لی جائے تو علاج نشانے پر تیر مارنے والے کے برابر ہوتا ہے اور ایک ہی جھٹکے میں جادو کو توڑ کر پاش پاش کر دیتا ہے۔ اس لئے اس کتاب میں نہایت ہی زبردست قسم کے نسخہ جات جادو کو تلاش کرنے تشخیص امراض اور اس کے مکمل اور کامیاب علاج کے نسخہ جات بالکل ٹھیک اور مکمل صحت کے ساتھ بیان کئے ہیں اس سے پہلے کا حصہ (جادو کا آسان اور شرطیہ علاج) ہاتھوں ہاتھ اسی لئے بک گئی اور عوام الناس نے نہایت ہی پسند کی کیونکہ اس میں جو کچھ درج تھا وہ بالکل سچ اور آزمانے پر تمام کے تمام نسخہ جات درست نکلے اسی لئے عوام الناس کے بے پناہ اسرار پر یہ اصل جلد دوم لکھی ہے۔ اور وہ سب کچھ سچ سچ بیان کر دیا ہے جس کی آج ہر کسی عامل یا عام فرد کو نہایت ہی ضرورت ہے اور ساتھ ہی مصنف کتب السیّد علی حسین شاہ نے کتاب میں سے مستفیض ہونے کیلئے تمام عوام الناس کو اجازت جیسی ضروری شے سے بھی ہمکنار کر دیا ہے۔ اس لئے اگر کوئی کتاب میں سے سو فیصد کامیاب ہونا چاہے تو وہ سب سے پہلے اللہ، حضور نبی کریم ﷺ حق چار یار اور اہلبیت کے نام کی حسب توفیق شیرینی بانٹے اور پھر چاہے کسی بھی عمل یا نقش

کو درج کرے اللہ کے حکم سے اس کا اثر روانہ ہو کر جس مقصد کیلئے کیا جائیگا وہ ضرور پورا کریگا۔ انشاء اللہ اس شرط کو لازمی ادا کرنا ہوگا اگر کتاب میں سے کسی عمل کا عامل بھی بننا ہوگا۔ تب بھی شیرینی یا میٹھی شے کو بچوں میں ضرور تقسیم کیا جائے اور خود اپنا یا کسی دوسرے کا علاج کیا جائے اللہ کے فضل سے اثرات برآمد ہونگے۔ اس لئے اللہ رب العزت سے خصوصی دعا ہے کہ وہ تمام افراد کو اپنی خاص حفظ و امان میں رکھے اور جادو جیسے فعل قبیح سے ہمیشہ کیلئے نجات دلوائے (آمین) اس کتاب میں جس مواد یا باتوں کو اہمیت دی گئی ہے وہ پہلی کتاب میں بالکل نہیں ہے۔ دنیا میں اس قسم کی کتاب کبھی تیار نہیں ہوگی اس بات کا چیلنج و دعویٰ ہے اور اس کا فیصلہ عوام الناس کریگی کہ واقعی مصنف کی طرف سے جس چیلنج کو کیا گیا ہے وہ سچ ہے کہ جھوٹ؟ اللہ رب العزت کی رضا سے میرا یہ دعویٰ اللہ کی کامل رحمت سے سچا ہی ہوگا۔ تمام کے تمام نسخہ جات کامل اور اصل چلتے ہوئے اثرات میں دکھانے والے درج کئے ہیں جو بغیر عامل بنے بھی فیض جیسی نعمت سے ضرور نوازتے ہیں۔ اور ان مسائل پر کھل کر تشریح کی گئی ہے جو جادو یا اس سے منسوب شیطانی قوتوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس کتاب میں سے سو فیصد کامیاب ہونے کیلئے ادارہ (الحسین پبلشرز) کا ممبر بننا ضروری ہے۔ وگرنہ رجعت کا احتمال رہیگا۔ اس لئے کتاب میں سے مستفیض ہونے کیلئے رجوع کریں۔ اڈریس پیچھے لکھا گیا ہے۔ پہلے فون پر رابطہ ڈائریکٹ قطعاً تشریف مت لائیں۔

از

پیر السید علی حسین شاہ

फइइड अळश्ठइ६ अळई :ऊश्श्अईण श:अ:

سجادہ نشین

श्अइझ्झअध्अ ण्श:इइण

حضرت پیر السید محمد شاہ

:अढडअ्ष फइइड अळश्ठइ६ ळऊ:अळळअ६ श:अ:

سرکار مدینہ ﷺ پر جادو ہوا کہ نہیں؟

یہ باتیں ایک مسلمان کیلئے جاننا نہایت ہی ضروری ہیں کیونکہ ہوسکتا کہ جیسے میں نے کئی افراد کے منہ سے اس بات کو سنا کہ جادو تو حضور نبی کریم ﷺ پر ہوگیا تھا۔ اس کے آگے ہم کیا شے ہیں تو ایسی سوچ رکھنے والوں کیلئے خصوصاً دوبارہ پھر اسی بات کو دھرایا جارہا ہے۔ کہ ایسا کوئی بھی جنتر منتر یا تنتر یا کوئی بھی جادو کا فارمولا بنا نہیں ہے۔ جو سرکار مدینہ ﷺ پر اپنا بد اثر دکھا سکے اس کا سب سے بڑا ثبوت آپ ﷺ کی حدیث مبارکہ سے ملتا ہے روایت ہے کہ صحابہؓ نے فرمایا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ کے ساتھ بھی شیطان ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں لیکن میں نے اسے اپنے تابع کیا ہوا ہے۔ جو ہستی جادو کے ماہر اعظم اور اس کے ذریعے سے پیدا ہونے والی قباحت کا سردار ہو جب وہ ہی سرکار مدینہ ﷺ نے اپنے تابع فرمالیا تو جادو کیسے ہوگیا یہ ان وقتوں کی بات ہے جب جاہل کافر اور اس دور میں رہنے والے جادوگر خود سرکار دو عالم ﷺ کو توبہ نعوذ باللہ جادوگر اور شعبدے باز کہتے اور سمجھتے تھے۔ جب انہوں نے اپنی جادو والی تدبیر سے سرکار دو عالم پر جادو کیا تو آپ خود اس کے زیر اثر ہوئے اور وہ دفینہ بھی نکال لیا گیا جو ایک فارمولے کے تحت آپ ﷺ پر کیا گیا تھا۔ تب آپ نے جادوگروں سے کہا کہ تم مجھے جادوگر کہتے ہو اگر میں تم پر جادو کروں تو تم کیا کرو گے انہوں نے کہا ہم پر جو بھی جادو کریگا ہم اسی پر واپس پلٹ دیں گے۔ تب آپ ﷺ نے فرمایا تم نے مجھ پر جادو کیا لیکن مجھ سے واپس پلٹا نہیں گیا یہ کیا ہے؟ تب ان کی ناقص عقل میں یہ بات گھسی کہ اگر یہ بھی جادوگر ہوتا تو ہم پر واپس جادو پلٹ دیتا لہذا ایسے نہیں ہوا اس لئے یہ جادوگر یا شعبدے باز نہیں ہوسکتا یہی وجہ ہے کہ سرکار مدینہ ﷺ نے اپنے آپ کو انسان منوانے نہ کہ جادوگر ہونے کیلئے ایک سب سے بڑا یہی ثبوت پیش کیا جس سے جادوگروں کو شکست ہوئی۔

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جادو، بد اعمال، بد تعویذ، اعمال پلید، اعمال نحس، بذریعہ اعمال سایہ یا جنات کو کسی گھر کو تباہ کرنے کیلئے بھیجنا، بد اعمال کے ذریعے جسمانی و روحانی ایسی بیماریوں میں مبتلا کرنا جس سے دنیاوی دوائی اثر نہ کرتی ہو، گھر میں اتفاق و سلوک کا خاتمہ بذریعہ عملیات کروانا، اتفاق اور اچھے بھلے کئی افراد یا دو افراد میں پھوٹ ڈلوانا، اچھی بھلی صحت مند خاتون کو بانجھ بنا دینا اور اس سے متعلق دیگر جتنے بھی بد اعمال ہیں یہ سب قریبی رشتہ یا ایسے افراد کرواتے ہیں جن کو اس طرح اذیت میں مبتلا کر کے ان کا مقصد حل ہوتا ہو۔ حسد کی آگ کو ٹھنڈک پہنچتی ہو نفس امارہ کو سکون ملتا ہو خصوصاً کسی کا مفاد ہو اور بد اعمال کے ذریعے وہ پورا ہوتا ہے۔ مثلاً میاں بیوی کی اولاد میں ان کی بیٹی یا بیٹا ہے لیے ان میں سے کوئی دوسرا رشتہ داران کا رشتہ چاہتا ہے اور اس لڑکی یا لڑکے کے والدین انکار کر دیتے ہیں تو کئی ایسے مسائل اچانک کھڑے ہو جاتے ہیں جن کی پہلے اس جوڑے نے قطعاً منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی اسی طرح کی کئی اور مثالیں ہیں جس سے جادو کیا یا کروایا جاتا ہے۔ اور مختلف دنیاوی امورات کی طرح مختلف اقسام کے جادو کروائے جاتے ہیں۔ جس سے جب حریف کو کوئی نقصان پہنچتا ہے کسی کا کاروبار تباہ ہوتا ہے یا کسی کے ہاں اولاد پیدا نہیں ہوتی تو نفس امارہ کو سکون ملتا ہے اور اللہ کی ذات کو ناراض کیا جاتا ہے۔ اس لئے یہ ضرور یاد رکھیں کہ بد اعمال یا جادو وہی کروائے گا جس کو کوئی مفاد ہوگا یا کسی کا اس نقصان میں کوئی فائدہ ہوگا۔ غیر غیر ہی ہوتا ہے۔ جب کہ اپنا ہر بات کو جانتا ہے۔

جنات یا؟

نہایت افسوس سے یہ بھی لکھنا پڑ رہا ہے کہ کئی ایسے افراد دیکھے ہیں جن میں اکثریت پڑھے لکھے لوگوں کی ہے لیکن جب ان کی سوچ اور باتیں سنتے ہیں تو لگتا کہ دنیا کے سب سے بڑے ان پڑھ یہی افراد ہیں جنہیں روحانیت سے نہ تو کوئی دلچسپی ہے اور نہ ہی وہ اس کے متعلق کچھ بھی جانتے ہیں۔ لیکن بچپن سے اپنے بڑوں کے منہ سے صرف ایک ہی لفظ جن سنا ہوا ہے جو آج تک ان کی عقل و فہم پر سمایا ہوا ہے اور ہر شرارت اور عجیب کام کے پیچھے انہیں صرف ایک ہی نام نظر آتا ہے اور وہ ہے جن کا اس لئے ایسے تمام افراد یہاں لکھے گئے ناموں کو اپنے ذہن نشین کر لیں کہ اس

کائنات میں صرف جنات ہی نہیں ہیں بلکہ کئی ایسی دیگر مخفی مخلوقات ہیں جن سے عاملین کام لیتے ہیں اور ہمارے پاکستان اور اس سے غیر ممالک میں رہنے والے افراد جنات کی کم اور اس مخلوق کی پکڑ میں زیادہ آتے ہیں۔ جنہیں صحیح طریقے سے کوئی عامل بھی نہیں جانتا اور نام جنات کا لگا کر اپنی جان چھڑواتا ہے اور روپوں سے جیب بھرتا ہے۔ اس کائنات میں جنات ایک ایسی زبردست قسم کی قوم ہے جو اپنے اندر ایسے اثرات رکھتی ہے۔ جو میرے حساب کے مطابق کم ہی کوئی ایسا انسان ہوگا جو اس کا سامنا کر سکے وگرنہ بڑی بڑی شیخیاں مارنا اور اپنی نا انجانی طاقتوں کا ڈھنڈورا پیٹنا بھی ہمارے اس معاشرے کی ایک واضح علامت بن چکا ہے اور جس کسی سے بھی کسی جن یا ڈائن یا کسی کا بھی واقع سنا ہے۔ تو وہ واقعہ سناتے ہوئے اس بات کا (END) یہی کرتا ہے۔ کہ آخر کار اس نے اس بھوت اور ڈائن کو بھگا دیا جب کہ میں یہ بات چیلنج کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر ایسے شیخی مار کے ساتھ اگر کوئی زندگی میں ایک عجیب سا واقعہ بھی پیش آ جائے تو وہ اسے جب بھی وہ واقعہ یاد آتا ہے اس کا سارا جسم کانپ جاتا ہے۔ لیکن وہ اسی واقعے کو بھی اسی طرح پیش کرے گا۔ کہ میں نے فلاں کر دیا میں نے ڈھمکاں کر دیا یہ سب کیا ہے؟ یہ ایسی باتیں ہیں جس سے عام انسان کو صحیح معلومات فراہم نہیں ہوتی اور وہ بیچارہ کسی بات کو کچھ سمجھ رہا ہوتا ہے اور جس سے پوچھنے کا وہ ارادہ کرتا ہے وہ بیچارہ خود اسے ایسے مسئلے میں سلجھاتا ہے کہ آئیندہ اس موضوع پر گفتگو کرنا ایک فضول اور بیکار سا موضوع سمجھا جاتا ہے۔ اس قسم کی باتوں سے ایمان میں خلل اس طریقے سے پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس بیچارے پر جادو ہوا ہو، کوئی سایہ پریشان کرتا ہو، کسی کو مسان کھلا دئے ہوں تو وہ اس کا مرض جوں کا توں رہتا ہے اور وہ اپنی اس تکلیف کا سارا ذمہ دار اپنا کامل علاج نہ ہونے پر اللہ کو ٹھہراتا ہے۔ لیکن اس کا ظاہراً کسی کو نہیں بتاتا بلکہ اسی بات کو وہ اپنے اندر ہی رکھتا ہے۔ اور ایسی عادات سے ایمان میں کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دینی و دنیاوی تمام معاملات کو سلجھا دیا ہے لیکن امر اس میں ہر بات کو سمجھ کر ڈھونڈنے کا ہے۔ جسے آج کا انسان بالکل سمجھنا نہیں چاہتا بلکہ ایسا کوئی طریقہ چاہتا ہے جس سے اسے صرف مالی فوائد حاصل ہوں اور قرآن پاک، نماز و روزہ اگر کر لیا تو ٹھیک ہے اگر نہ کیا تو بھی ٹھیک ہے۔ اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں ان کی مدد کرتا ہوں جو اپنی مدد

آپ کرتے ہیں اس لئے جس کسی نے بھی ایسی باتوں کا خود گہرائی میں جا کر معلوم نہیں کیا تو اس کا ایمان کو کمزور کرنا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات پاک پر شک کرنا کسی کفر سے کم نہیں اس لئے ایسے افراد اپنے ایمان کو کمزور ہونے سے پہلے کتاب میں لکھی باتوں کو تسلی سے پڑھیں اور خود دیکھ لیں کہ کیا سچ ہے اور کیا جھوٹ اور ایسا کیا کیا جائے جس سے امراض پر قابو اور دینی و دنیاوی معاملات میں کامیاب ہوا جا سکے

خوبصورت مرد و عورت لڑکی یا لڑکا اور جادو کے اثرات

اکثر حالات میں ایسے بھی ہوتا ہے کہ اگر کوئی لڑکا بہت خوبصورت ہو یا خوبصورت نہ بھی ہو اس کے چہرے یا جسم میں ایسی کوئی کشش ہو جس سے کوئی عورت یا لڑکی اسے پسند کرتی ہو تو وہ سب سے پہلے اس پر ظاہری طور سے اپنا قبضہ جمانے کی کوشش کرتی ہے۔ اور اگر وہ لڑکا خود بخود اس عورت کے زیر ہو جائے تو اسے جادو کرنے کی کوئی حاجت نہیں رہتی جب تک وہ لڑکا اس عورت یا لڑکی کے اشاروں پر ناچتا رہے اور جیسے ہی لڑکا اس سے جدا ہونے کی کوشش کرے یا کسی اور عورت کی طرف زیادہ مائل ہونا شروع ہو تو یہ ایک ایسی وجہ بن جاتی ہے جس سے وہ عورت جادو یا کسی ایسے عامل کا ساتھ ڈھونڈنا چاہتی ہے جو اس لڑکے کو ہمیشہ ہمیش کیلئے اس کے ایسے تابع کر دے جس سے وہ دن کو رات اور رات کو دن کہے ایسے جادوئی اعمال تب تک پورے نہیں ہوتے جب تک وہ لڑکا اس دوران اس عورت سے مل نہ جائے خواہ وہ اس کی آخری ملاقات ہی کیوں نہ ہو اس ملاقات میں اس کو ہمیشہ کیلئے زیر کرنے کا پہلے ہی بندوبست کیا ہوتا ہے۔ اور کسی تعویذ، نقش، عمل پلید یا جسمانی طور سے اسے مغلوب کیا جاتا ہے یعنی یا تو اسے کھانے و پینے والی شے میں کوئی تعویذ پلایا جاتا ہے یا اسے اپنی پلیدی پلا دی جاتی ہے جیسے خون حیض اور اس سے ملتے جلتے اعمال جس سے وہ لڑکا آیا تو آخری ملاقات کرنے ہے لیکن ہمیشہ کیلئے اس عورت کے چنگل میں ایسا پھنستا ہے کہ اسے والدین تک کی یاد نہیں آتی اور والدین بیچارے رو رو کر اپنی آنکھیں خراب کر لیتے ہیں اور زیادہ حالات اس طرح اس گھر کے خراب ہوتے ہیں یا اس گھر میں اس حرکت کی بدولت ایسی آفت ٹوٹ پڑتی ہے کہ والدین کا اکلوتا اور بڑھاپے کا سہارا ان سے ہمیشہ کیلئے جدا ہو جاتا

ہے۔ پھر وہ بیچارے والدین طرح طرح کے عاملین کے پاس جا کر کئی طرح کے اعمال کرواتے ہیں کہ ان کا سہارا واپس لوٹ آئے جو مشکل سے ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی لڑکی بہت خوبصورت ہو اور کوئی لڑکا یا خاندان والے لڑکی والوں کے خاندان کے برابر نہ ہوں لیکن وہ ان سے رشتہ کرنے کے خواہش مند ہوں اور انہیں معلوم بھی ہو کہ ہماری یہاں بات نہیں چل سکتی تب بھی ایسے خاندان والے یا لڑکا لڑکی اور اس کے گھر والوں کو اپنی طرف مائل کرنے کیلئے کئی طرح کے عاملین کے پاس جا کر طرح طرح کے بدعملیات کرواتا ہے جس سے لڑکی کا نصیب بند کر دیا جاتا ہے اور اچھے اچھے رشتے بھی طے نہیں پاتے یہ نہیں کہ رشتے نہیں آتے بلکہ رشتے مسلسل آتے رہتے ہیں لیکن کہیں بات طے نہیں پائی جاتی اس کی کوئی بھی صحیح ٹھیک وجہ لڑکی کے والدین کی سمجھ میں نہیں آتی اور لڑکی کی عمر روز بروز بڑھتی ہی رہتی ہے۔ بالکل اسی طرح لڑکے کا رشتہ بھی باندھ دیا جاتا ہے جس سے رشتے آتے رہتے ہیں اور کہیں بھی بات طے نہیں پاتی اگر کسی کی لڑکی کا نکاح بند کر دیا ہو اور رشتے ٹھہرتے نہ ہوں تو وہ آگے درج آیات کو صبح و شام سات مرتبہ سادے پانی پر دم کر کے پیا کرے اور لڑکی اس عمل کو خود کرے اور اگر ہو سکے یا اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنا ہو تو ان آیات کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے اکیس دنوں تک پیا جائے اللہ کے حکم سے جس قسم کی بھی رکاوٹ ہو گی اس کا خاتمہ ہو گا۔ اور کسی اچھی جگہ رشتہ ضرور ہو جائیگا۔ یا اگر کوئی بھی اس قباحت کے زیر سایہ آ چکا ہو یا کسی کی اولاد بالکل اسی نشانی کے برابر ہو تو وہ ان آیات کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر سب سے پہلے دو رکعت نفل اپنے مقصد کے ادا کرے اور سرہانے بیٹھ کر مقصد و نیت کا کامل تصور باندھ کر ان آیات کو پڑھ کر اپنے اس مسئلے کی ان بزرگ سے روحانی دعا کرنے کی دعا کروائے اللہ کے حکم سے وہ بزرگ جلال میں آتے ہوئے اور ان پاک آیات کے صدقے میں ضرور ایسی جلالت والی دعا فرمائیں گے جس سے ان کی اولاد واپس آ کر ہی رہے گی اور اگر کوئی بزرگ کے مزار پر نہ جا سکے تو گھر میں پاک وصاف علیحدہ کمرے میں گلاب کے پھولوں کا ہار سامنے رکھ کر ان آیات کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اور ان پھولوں کو کسی شہید یا بزرگ کے مزار پر ڈال دیا کرے روزانہ پھول ڈالنا ضروری نہیں ہفتہ کے ہفتے بھی ڈالے جا سکتے ہیں اور خود روزانہ دن کے کئی حصوں میں یا کسی

ایک مخصوص وقت میں دو رکعت قضائے حاجت کے ادا کر کے ان آیات کو مصلے پر بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ پڑھے اللہ کے حکم سے سات سمندر پار اگر کوئی قید بھی ہوا ہوگا تو واپس آئیگا اور اس کو چاہے کتنی ہی پلیدی کیوں نہ پلائی ہو اس عمل کا اثر ہر حال میں اٹل ہے۔ آیات کو آسان طریقے اور صحیح تلفظ سے ادا کرنے کیلئے کسی حافظ قرآن سے اعراب لگوالئے جائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

واذا قرات القرآن جعلنا بینک و بین الذین لا یومنون بالاخرۃ حجابا مستورا و جعلنا علی قلوبھم اکنۃ ان یفقھوہ و فی اذانھم وقرا و اذا ذکرت ربک فی القرآن وحدہ ولو ا علی ادبارھم نفورا فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم.

امیر مرد و عورت پر جادو کیوں؟

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر کوئی مرد امیر ہو تو اسے اپنے قبضے میں کرنے اور اپنے حق میں مغلوب کر کے اس کے مال و دولت پر اپنا ناجائز قبضہ جمانے کی خاطر مفاد پرست عورت یا کوئی خاندان کسی عامل سے ایسا بدعمل کر دیتے ہیں۔ جس سے اگر ان کو متعلقہ مقصد میں کامیابی حاصل نہ ہو تو وہ بیچارا امیر انسان کاروباری مشکلات و مصائب، جسمانی و روحانی بیماریاں، گھریلو پریشانیاں، اور دیگر کئی ایسی مصیبتوں میں اچانک ہی مبتلا ہو جاتا ہے۔ جس کی سمجھ نہیں آتی اور وہ بیچارہ آہستہ آہستہ آخر اس مقام پر پہنچ جاتا ہے جہاں سے واپسی کسی کی بھی نہیں ہوتی یا اگر کوئی اس مقام پر نہیں بھی جاتا تو جسمانی ایسے مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے جسے ڈاکٹر حضرات کینسر کہتے ہیں۔ جب کہ وہی فرد کچھ عرصہ پہلے بالکل ٹھیک اور صحتمند ہوتا ہے۔ جب کہ اسی عمل کے دوسری کڑی اس طرح پیدا ہوتی ہے جیسے کوئی غیر عورت شادی شدہ امیر مرد کو چاہتی ہو اور اس سے شادی کرنے کی خواہش مند ہو لیکن وہ فرد اس عورت سے شادی نہ کرنا چاہتا ہو تب بھی بداعمال کے ذریعے ایسا بندوبست کیا جاتا ہے۔ جس سے وہ خود اس عورت کے حق میں مغلوب ہو اور ضرور اس عورت سے شادی کرے یا اس مقصد

میں کامیابی دلوائے جس کے تحت وہ شادی کرنا چاہتی ہو یہاں مراد مفاد پرستی کی ہے۔ اگر وہ مرد صحیح طریقے سے اس عورت کے قابو میں نہ آئے تو وہ بداعمال اس امیر مرد کی عورت پر کرواتی ہے۔ جس سے اس کی ہلاکت ہو جائے یا نئی نئی اذیتوں اور بیماریوں میں مبتلا ہو جائے اور وہ امیر مرد اس عورت میں زیادہ دلچسپی لے اس قسم کے اعمال بکثرت ہمارے معاشرے میں کئے اور کروائے جاتے ہیں جو بعض اوقات بالکل ٹھیک اور بعض اوقات بالکل بھی نہیں ہوتے۔

رشتے نہ ہونے کی وجوہات

بعض اوقات بے تکے اور عجیب سے حالات میں کسی لڑکی یا لڑکے کو غیر شعوری طور پر لڑکے کو لڑکی پسند آجاتی ہے اور لڑکی کو لڑکا جب کہ حقیقت میں نہ تو وہ ایک دوسرے کو صحیح طریقے سے جانتے ہیں اور نہ ہی جاننا چاہتے ہیں۔ ان دونوں میں ایک طرح کا لالچ پایا جاتا ہے جس سے مستقبل میں اچھی زندگی گذارنے کے خواب دیکھے ہوتے ہیں۔ کہ اگر ایسا ہو جائے تو اگلی زندگی بہت اچھی گذر سکتی ہے۔ جب کہ انہیں معلوم بھی ہوتا ہے کہ ہمارا خاندان یا ہم ایک دوسرے کے بالکل قابل نہیں ہیں۔ لیکن اپنی اسی بے ڈھنگی اور بے تکی حرکت کو پورا کرنے اور اپنے لامحالا خواب کو سچا کروانے کیلئے مختلف نجومیوں یا مستوں اور کالے جادو و دیگر بازاری عاملین کے پاس جا کر اپنی ناجائز خواہش کو جائز دیکھنا چاہتے ہیں جس سے وہ عامل بھی اس بے تکی حرکت کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ہزاروں روپے کا نسخہ اور بے تکا سا پیچیدہ عمل بتاتا ہے۔ لڑکی یا لڑکا سوچتے ہیں کہ ہم اگر اتنی رقم دے دیں گے تو ہمارا کام ضرور ہو جائیگا اور پھر ہمیشہ کیلئے ہماری جیبوں میں دوسروں کے پیسے ہونگے اگر اس ادھورے خواب کو کسی عامل سے کوئی لڑکا بیان کرے تو وہ روپے پیسوں کے علاوہ اپنا وقت ضائع کرتے ہوئے آخر اس عامل کو چھوڑ دیتا ہے کیوں؟ کہ اس کا کئی مہینوں یا سالوں میں بھی یہ ادھورا خواب مکمل نہیں ہوتا وہ اس عامل کو ہی چھوڑ کر کسی دوسرے کو ڈھونڈتا ہے۔ لیکن دوسری حالت بالکل اس کے برعکس ہوتی ہے کہ جب اسی ادھورے خواب کو کوئی لڑکی پورا کروانا چاہے اور کسی عامل کے پاس جائے تو وہ عامل اس لڑکی سے گندے گندے کام کرنے کو کہتا ہے جس میں سے واضح ایک جو سر فہرست ہوتا ہے وہ اسی لڑکی کے جسم کے ساتھ کھیلنے سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد کام کی سو فیصد گارنٹی

فوائد وہی عامل جانتا ہے۔ جو اس علم میں بہت مہارت رکھتا ہے وگرنہ اگر یہی راکھ کسی جاہل عامل یا کسی نہ جاننے والے کو دی جائے تو وہ اس کو کچھ بھی نہیں کر سکتا جب تک اس پر باقاعدگی سے ایک مخصوص کلام اور اس کے مقصد کا کامل تصور باندھ کر متعلقہ فرد کو کھلا پلا نہ دی جائے اس سے مسان کی ایک لمٹ حد مقرر کی جاتی ہے۔ اور جب وہ اس حد تک پہنچ جاتا ہے تو وہ اس فرد کے جسم میں ہم کلام ہو جاتا ہے۔ جس کو ہندوؤں نے جلایا ہوتا ہے۔ اس لئے بعض رشتے دار عزیز مفاد پرست افراد حاسد افراد ایسے عاملین سے اس راکھ کو کئی روپے دے کر حاصل کرتے ہیں۔ اور کسی بھی کھانے و پینے والی شے میں کھلا پلا دیتے ہیں جس سے وہ فرد دنوں کے اندر اندر لاغر ہو جاتا ہے اور طرح طرح کی اذیت ناک بیماریوں میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ دنیاوی کوئی بھی دوائی یا علاج اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتے اور اگر اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے تو وہ مریض ہلاک بھی ہو سکتا ہے کیونکہ ایک جسم میں دو ہو جاتے ہیں اور حاضر ہونے والا ہم کلامی کرتا ہے۔ اگر اسی مریض کو کسی صحیح عامل کو دکھایا جائے تو وہ اپنی کسی بھی کلام یا عامل ہونے کے ناطے اس کو حاضر کرتا ہے اور اس سے پوچھتا ہے کہ تم کہاں سے آئے ہو اور کیسے جاؤ گے اگر علاج کرنے والا عامل اپنے اندر روحانی طاقت رکھتا ہو تو مسان اس عامل کا نام پتہ بتاتے ہیں جس نے اس عمل کو کیا ہوتا ہے۔ اور اس کا نام بھی بتاتے ہیں جس نے یہ کروایا ہوتا ہے۔ اس طریقے پر عمل کرنے سے مسان کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیا جاتا ہے اور وہ جہاں سے آیا ہوتا ہے وہیں واپس جاتا ہے۔ یا اس عامل کے پاس جاتا ہے جس نے انہیں بھیجا ہوتا ہے۔ اس عمل کے توڑ کیلئے یہ ضرور یاد رکھیں ایسا پکا ہاتھ ڈلوائیں جس سے وہ واپس ضرور چلا جائے اور اگر اس کا کچا پکا کام کیا گیا تو وہ اس عامل کی جان بھی نہیں چھوڑے گا۔ جس نے اسے فرضی دم یا کسی بھی عاملیت کے درجے پر فائز نہ ہونے والا عامل اسے دم کر بیٹھے یا نقوش سے اس کا علاج کرنا چاہے یہ احتیاطی تدابیر ضرور یاد رکھیں اور کسی زبردست عامل سے اس کا علاج کروائیں جو اپنی کلام کے اثر سے اسے حاضر کرے اور واپس جانے کے علاوہ اس کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہ بچے اس لئے اس فانی دنیا میں سو فیصد زبردست عامل بننے اور اپنے نام کو ڈنکے کی چوٹ پر بجوانے کیلئے میری کتاب (اصل کنز الحسین منجانب پیر السید علی حسین شاہ) کا ضرور مطالعہ کریں یعنی جیسے کتاب کا نام لکھا ہے ویسے ہی بازار سے طلب کی جائے وگرنہ اسی

نام کی غلط کتاب عرصہ سو سال سے پاکستان میں چھپ کر بک رہی ہے۔ جو سراسر غلط اور بے بنیاد کتاب ہے اصل کتاب اب منظر عام پر میں ہی پیش کر رہا ہوں اس کتاب میں سے وہ بھی عامل ضرور بن جائیگا۔ جو کئی سالوں سے جگہ جگہ خاک چھانتا ہوگا۔ اسی طرح مسان کی کئی اقسام ہیں جن کا آگے تفصیل وار ذکر کیا جائیگا اور اس کے متعلق بالکل سو فیصد سچ بتایا جائیگا کہ یہ سب کچھ کیا ہے۔ جس مسان کے متعلق پچھلے صفحات میں بتایا ہے اس کا عامل بننے اور اس مریض کا علاج کرنے کیلئے اکیس دنوں تک اس عزیمت کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھے پڑھنے سے پہلے کسی میٹھی شے کو بچوں میں تقسیم کرے سفید لباس پہنے اور اللہ کو اپنا حامی و ناصر بنا کر نو چندی جمعرات والے دن سے بعد نماز عشاء اس کی دعوت پڑھے سادہ پانی اپنے پاس ضرور رکھے اس عمل کی بدولت ایک قسم کی طاقت پڑھنے والی کی زبان میں پیدا ہوگی۔ جس کا مقصد مسان والے امراض کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ جس کسی کو پانی دم کر کے پلایا جائیگا۔ اسی وقت مسان حاضر ہو کر ہم کلامی کریگا۔ اس دوران درود ابراہیمی کو سات مرتبہ چھری پر دم کر کے مریض کے گرد حصار لگا دی جائے وہ حصار سے باہر نہیں جا سکے گا۔ جب تک اپنا صحیح ٹھکانہ نہ بتا دے گھبرانے یا ڈرنے والی کیفیت کا اپنے اوپر غلبہ نہ جمنے دیں وگرنہ سب کچھ الٹ ہو جائیگا۔ مردانہ صفات رکھتے ہوئے اس سے ہم کلامی کی جائے اور اس سے بھیجنے والے کا پتہ اور مقصد پوچھا جائے وہ بتائے گا۔ اور اس کی کاٹ کیسے ہوگی اس کے متعلق بھی خود ہی بتائے گا۔ اب محنت جو کوئی بھی کریگا وہ اکیس دنوں کے اندر اندر اس عمل کا عامل بن جائیگا۔ اگر خود بھی آیت الکرسی یا درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے گرد پھونک مارلے گا۔ تو اس کے مخفی بد اثرات سے محفوظ ہوا جائیگا۔ عمل نہایت ہی آسان ہے اور مسان والے امراض میں مبتلا افراد کیلئے کسی قیامت سے کم نہیں ہے۔ اس عمل کے متعلق بھی اگر کسی کو بتا دیا تو فوراً یہی کلام اور محنت اس شخص کے پاس منتقل ہو جائیگی۔ جس سے اس کا ذکر کیا جائیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

وذالنون اذ ذهب معا ضبا فظن ان لن نقدر عليه فنادىٰ فى الظلمات ان لا اله الا انت سبحانک انى كنت من الظالمين.

Scanned by CamScanner

انسانی جسمانی اور دیگر مسان

پچھلے صفحے میں ہندوؤں کے مردوں کی راکھ کے متعلق بتایا ہے۔ اس کا تعلق
جادو سے ہے اور ایسے عامل سے جو اس کلام اور راز کو جانتے ہوئے ایسی کلام پڑھتا
ہے جس سے مسان پر جس قسم کی پڑھائی کی جاتی ہے تو اس کے اثرات سے جس کو جلایا
ہوتا ہے وہ جسم کے اندر حاضر ہو کر ہم کلام ہو جاتا ہے اور مریض کو طرح طرح کی
تکلیفیں دیتا ہے۔ اسی طرح انسانی جسم کا مسان بھی تیار کیا جاتا ہے جو جسم میں حاضر
ہو کر ہم کلامی تو نہیں کرتا مگر حب یا دب کے معاملات میں کامیابی ضرور دلوا دیتا
ہے۔ مثلاً اگر کوئی اپنے سارے جسم کے بال اپنے ہاتھوں کے ناخن ان سب کو جلا کر
اس کی راکھ کو بنا لے تو یہ انسانی جسم کے مسان تیار ہو گئے ہیں اب اگر کسی سے دوستی
پیار محبت اور اس قسم کے معاملات میں مزید تعلقات آگے بڑھانے ہوں تو اس راکھ کو
کسی میٹھی شے میں گھول کر کھلا پلا دیا جاتا ہے جس سے اثرات فوری نمودار ہوتے ہیں
لیکن اس عمل کو بھی ایسا عامل کرتا ہے جو ان بالوں و ناخنوں پر پڑھائی پڑھ کر مقصد کو
بدلنا جانتا ہو اگر صرف ایسے ہی بال جلا کر کھلا دئے جائیں گے تو اثرات قطعاً پیدا نہیں
ہونگے۔ اسی طرح الو کے جسم کے پر اس کی چونچ ناخن خون اور تقریباً اس کا سارا جسم
طرح طرح کے مسان بنانے کے کام آتا ہے۔ جس سے مختلف نوعیت کے کاموں کے
متعلق مختلف اقسام کی پڑھائیاں پڑھی جاتی ہیں۔ ان سب کا تعلق کھلانے و پلانے
سے ہوتا ہے۔ جس سے پیار و محبت سے لے کر دشمنی و ہلاک کرنے تک انہی اشیاء کے
ذریعے اس قسم کے اعمال کر کے مقصد میں کامیابی حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے اعمال
وہی عامل کرتے یا کرواتے ہیں جن کے اندر کچھ ہو و گرنہ کتابی نقوش یا اعمال کو تقریباً
سبھی کرتے ہیں جس سے کسی کو کامیابی اور کسی کو ناکامیابی ہوتی ہے۔ یہاں اس بات
کو بھی ضرور سمجھا جائے کہ قدیم عاملین اور اس مناسبت سے مختلف علوم رکھنے والوں کی
جب میں نے تحقیق کی تو اس قسم کی کئی اشیاء سامنے آئیں جن کے ثبوت انہوں نے
مثالوں کے ساتھ پیش کئے جنہیں میں یہاں بیان کر رہا ہوں تا کہ مشکوک افراد کے گھر
سے کسی بھی شے کو کھانے و پینے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لیا جائے و گرنہ پچھتاوا

ساری زندگی کا دکھ بن جائیگا۔ اور اگر کوئی یہاں لکھے گئے صرف معلوماتی طریقہ کار کو
اپنانے کی کوشش کریگا اور اس قسم کی سوچ رکھے گا کہ جیسے لکھا ہے میں بھی اس طرح کر
کے عمل کروں تو وہ خود بھی مصیبت میں مبتلا ہوگا اور زندگی میں جو بھی کاروبار کرتا ہوگا۔
وہ اس کا فنا ہو جائیگا۔ کیونکہ جو عاملین ان اعمال کو کرواتے ہیں۔ وہ اس کی کاٹ اور
اس کے اثرات خوب جانتے ہیں اور موقع و مزاج کے مطابق اس قسم کے اعمال کرتے
ہیں و گرنہ اس قسم کے اعمال جاننے والے کئی ارواح کا ساتھ اپنے ساتھ رکھتے ہیں جن
سے وہ کام لیتے ہیں۔ اور جو ارواح کئی افراد کا کام نہیں کرتیں تو وہ انہیں ارواح سے
اس مقصد میں کامیاب ہونے کا نسخہ پوچھتے ہیں۔ جو میں تقریباً پچھلے صفحات میں سے
ہوتا ہوا یہاں تک تفصیلاً بیان کر رہا ہوں اس لئے کوئی بھی مرد و عورت یہاں لکھے گئے
طریقہ کار کو پڑھ کر اپنی اگلی زندگی کو اچھا اور بہتر بنانے اور جادو جیسی قباحت سے محفوظ
رہنے کیلئے ان باتوں کو اپنے ذہن نشین کر لے تا کہ کسی بھی مشکوک حاسد اور دشمن افراد
کے گھر سے کسی بھی شے کو نہایت ہی سوچ سمجھ کر کھایا پیا جائے کیونکہ ہو سکتا ہے کوئی
سامنے آ کر نہ مارے اور اندر ہی اندر سے اس قسم کا جاندار عمل کر دے جس کا علاج ملنا
مشکل ہو جائے اس لئے میں جن باتوں کو یہاں بیان کر رہا ہوں اس کا مقصد صرف
عوام الناس میں ایک بات کو واضح طور سے بتانے کا ہے تا کہ اس قسم کے اعمال سیکھنے
اور ان کو کروانے کا جس کا صحیح طرح سے کرنے یا کروانے والے کو بھی معلوم نہ
ہوگا۔ اس لئے اگر کوئی اپنے وجود میں کوئی بیماری، اذیت، تکلیف، یا پہلے کی نسبت درد
یا بوجھل پن محسوس کرے یا کسی کے ہاتھوں ایسی کوئی شے کھا چکا ہو جس پر پہلے بتایا جا
چکا ہے۔ تو وہ اس نقش کو نو چندے منگل والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے ایسے
یک رنگ سفید مرغ کے دل کے خون سے لکھے جو اذان دیتا ہو اور اسے خرگوش کی
دباغت شدہ کھال میں رکھوا کر اپنے سیدھے بازو یا گلے میں باندھے اور روزانہ اکیس
دنوں تک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے اسی نقش کو لکھ کر شہد یا گلاب کے عرق سے مٹا کر
پی لیا کرے جو کچھ بھی کھایا پیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

بســـــم

بسم الله الذی لا یضر مع اسمه داء و اعوذ
بکلمات الله الذی لا یضر معها شیء قدوسا
اسئلک باسمک الطاهر المقدس المبارک
الذی من اسئلک به اعطیته و من دعاک به
اجبته اسئلک یا الله یا الله یا الله

سانپ بھی مرجائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے

اصل میں جادو بد اعمال اور اس قسم کے دیگر اعمال کا تعلق اور اس کی بنیاد بالکل اوپر مثال والی ہی ہے کیونکہ اس سے کسی کے بھی قریب رہنے والا اس کے ساتھ کیا کر رہا ہے اس کی کوئی بھی خبر نہیں ہوتی اور وہ انسان ساتھ رہنے کے علاوہ طرح طرح کے نقصانات کرواتا ہی رہتا ہے۔ جس سے سانپ بھی مرجاتا ہے اور لاٹھی بھی بچ جاتی ہے۔ یہ بات بالکل طے ہے کہ جادو صرف مفاد پرست انسان، حاسد، بدگو عام عوام کو نقصان میں مبتلا کر کے خوش ہونے والے افراد اور عزیز یا رشتہ داروں کے گھریلو تعلقات میں اپنی چودھراہٹ کو دوسرے پر قائم رکھنے کیلئے جادو کا سہارا لیا جاتا ہے۔ جس سے کئی قسم کے کاموں میں کامیاب ہو کر دوسروں کو زیادہ سے زیادہ نقصان اور اذیت میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ اس کے کئی فوائد ان افراد کو حاصل ہوتے ہیں جو سامنے آ کر تھپڑ، دھمکیاں، اور بڑبڑاتے نہیں ہیں۔ بلکہ خاموشی سے اپنے وجود کے اندر زبردست بغض و عداوت رکھتے ہوئے یا کسی بھی معاملے کو خراب کرنے کیلئے ایسا جادو کروا دیتے ہیں جو تھپڑوں دھمکیوں اور اس سے متعلقہ گیدڑ بھبکیوں سے زیادہ اثرات پیدا ہوتے ہوئے اس انسان کو تکالیف میں مبتلا کرتے ہیں کاروبار بند ہو جاتا ہے۔ گھریلو امن و سکون چھن جاتا ہے۔ اور ایسی عجیب باتوں کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جس سے دشمن سامنے کھڑا ہوا بھی نظر نہیں آتا اور انسان دوست و دشمن میں کوئی بھی واضح فرق محسوس نہیں کر سکتا اس لئے جیسے جیسے جدید وقت آتا جا رہا ہے لڑائیوں

جھگڑوں کو ترک کر کے جادو کا سہارا سب سے بہتر سمجھا جاتا ہے۔ اور اسی کے سہارے کئی اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں اور کئی ابھی تک اسی کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ کس کے سر کو کیسے کاٹا جائے ایسے بد اعمال صرف کئی افراد اس لئے کرواتے ہیں تاکہ دوسرے افراد ہمیشہ ان کے تابعدار بن کر رہیں اور ان کے ہر جائز و ناجائز کام پر بھی لبیک کہتے رہیں اور اگر کبھی ایسا نہ ہو تو وہ اس فرد یا کئی افراد پر ایسا ہی جادو کرواتے ہیں۔ جس سے انہیں زیادہ تکلیف پہنچے اور وہ پھر مغلوب ہو کر اسی شخص کے پاس واپس لوٹ جائیں جو ان کو اپنا غلام بنانا چاہتا ہے اور جس نے غلام بنایا ہوتا ہے۔ اس قسم کے مغلوب پرستی والے بد اعمال کے زیر سایہ افراد اس نقش کو بروز بدھ بوقت عصر بالکل یک رنگ سفید کبوتر کے خون سے اس کے سیدھے پر کی قلم بنا کر لکھ کر اسے سبز چمڑے میں کندہ کروا کر اپنے گلے میں باندھیں یا اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھیں اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی بلاوجہ خائف ڈر دھمکیاں اور جادو یا اعمال کرواتا ہوگا۔ اس کا اثر نہیں ہوگا۔

فلان

فلان

شرم گاہ سے خون جاری

جادو کی بنیاد پر اس قسم کا بھی جادو کروایا جاتا ہے جس سے اس عورت یا لڑکی یا غیر شعوری طور سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ یعنی قدرت نے جو سلسلہ عورت کا بنایا

ہے اس سے ہٹ کر خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور دوائیاں اپنا اثر نہیں دکھاتیں ایسا جادو ایسے مفاد پرست مرد حضرات کرواتے ہیں جو اس عورت یا لڑکی سے بدفعلی کرنے کی خواہش رکھتے ہوں اور جب وہ اس معاملے کو کسی عامل سے بیان کرتے ہیں تو بعض حالات میں کامیابی خون جاری نہ بھی ہو تو ہو جاتی ہے۔ یعنی وہ مرد اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتا ہے اور وہ عورت اس تکلیف سے بچی رہتی ہے۔ اور اگر وہی عورت علم کے زور پر اس کے زیر نہ ہو اور نہ ہی اس کا غلبہ اپنے اوپر ہونے دے تو علم شرم گاہ سے منسوب ہوتے ہوئے اس سے خون جاری کرتا ہے جس سے وہ عورت اپنے مرد کے قابل بھی نہیں رہتی ایسا جادو وہی مفاد پرست مرد حضرات کرواتے ہیں جو اس عورت سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہوں اور اس کے جسم پر اپنا قبضہ جمانا چاہیں ایسا علم یا جادو کروانے والا اپنا بھی ہو سکتا ہے۔ اور ایسا غیر بھی جس کی دلچسپی کا پتہ ہو کہ فلاں مرد فلاں عورت سے بہت دلچسپی رکھتا ہے۔ آج کل اس قسم کے اعمال بالکل عام ہو چکے ہیں اور اس قسم کے کئی کیسوں کا میں خود علاج کر چکا ہوں اور تحقیقی طور پر جو بات سامنے آئی وہ سب کے سامنے کھول کر بیان کر دی ہے۔ ایسی حالت میں اگر وہ عورت کم از کم پانچ وقت کی نماز وقت پر ادا کر لیا کرے یا اپنے نام کے مطابق اسماء الٰہی کا ورد کیا کرے تو اس عمل کا زیادہ اثر نہیں ہوتا بلکہ اگر اس کا اثر ہو بھی جائے تو اس پر دوائیوں یا دم کی ہوئی کسی بھی شے کو کھاتے ہی خون اسی وقت رک جاتا ہے۔ اور اگر عورت اللہ کی جانب مائل نہ رہتی ہو تو مسلسل خون ہی جاری رہتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی خاتون اس عمل کے زیر ہو چکی ہو تو وہ کثرت سے (یا الفتاح یا الممیت) کا بکثرت ورد کرے اور سادے پانی پر دم کر کے پیا کرے اگر حالت زیادہ خراب ہو یا کوئی اس کو مسلسل ورد نہ کر سکے تو ایک عدد یک رنگ کالا سیاہ بکرا لا کر اسے اس مریضہ کے الٹی طرف ساری رات بروز پیر کے چارپائی کے ساتھ باندھا جائے اور اس چھری کو مریضہ کے سر سے سات مرتبہ پھیر کر پورے جسم پر مل کر اس سے ذبح کر کے اس کے تازے خون سے اس نقش کو لکھ کر وہ عورت اپنی کمر میں باندھے اور سفید کاغذ پر زعفران سے اسی نقش کو لکھ کر مصری کے شربت سے دھو کر پئے یا مصری کے شربت کی بوتل میں ڈال کر وقفے وقفے سے پانی کے ساتھ پئے اسی وقت خون رک جائیگا۔ انشاء اللہ

عـحححححححححححححح

يا الفتاح	يا المميت	يا الفتاح	يا المميت
يا المميت	يا الفتاح	يا المميت	يا الفتاح
يا الفتاح	يا المميت	يا الفتاح	يا المميت
يا المميت	يا الفتاح	يا المميت	يا الفتاح
فتحاً			نصراً

نصراً	فتحاً

بندش کاروبار کیسے؟

ہمسایہ دکاندار اپنے کاروبار کو زیادہ سے زیادہ چلانے اور دوسرے کا کام بند کرنے کیلئے مفاد پرست افراد یا ہمسایہ دکاندار اس قسم کا جادو کروا دیتے ہیں جس سے اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار بالکل بند ہو جاتا ہے۔ اس دکان کے پرانے اور پہلے کے گاہک بالکل اس طرح دکان کے سامنے گزر جاتے ہیں جیسے وہ پہلے کبھی اس دکان میں آئے ہی نہ ہوں اور اگر آئیں بھی تو وہ کسی بھی شے کو نہیں خریدتے اور دوسرے دکاندار سے یہی اشیاء مہنگی خریدتے ہیں جب کہ پہلے والا اسی چیز کو سستا دے رہا ہوتا ہے۔ یہ جادو کا اوپر والا طبقہ ہوتا ہے یعنی ایسے ساحر و عاملین جو ایسے اعمال میں بہت اوپر تک جا چکے ہوتے ہیں۔ اسی سلسلے سے جڑا ہوا ایک قسم کا جادو ایسا ہوتا ہے جس سے مال و دولت اور اس کی رقم میں سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ ہزاروں روپے سینکڑے بن جاتے ہیں اور کوئی بھی واضح علامت سامنے نہیں آتی اچانک اچھا بھلا چلتا ہوا کام دن بدن بگڑ جاتا ہے۔ پیار کرنے اور رکھنے والے افراد اور ایسے افراد جو پہلے جان تک وارتے تھے وہی جان کے دشمن بن جاتے ہیں۔ بھائی بھائی کا گلا کاٹنے پر تل جاتا ہے۔ اور طرح طرح کی اذیتیں اور کیفیتیں بد سے بدتر ہو جاتی ہیں۔ ان تمام کیفیات میں مبتلا کرنے والے افراد حاسد، اپنے بہت ہی قریب رہنے والے، ہمسایہ دکاندار، یا ایسے افراد ہوتے ہیں جنہوں نے مل کر کسی ایک کاروبار کو شروع کیا ہو وہی ایسے اعمال کرواتے ہیں جس کی مختلف نوعیت ہوتی ہیں۔ مثلاً جس کے ساتھ کام کیا جا رہا

ہے وہ اس کا کو چھوڑ دے اور صرف وہ اکیلا اس کام کو کرے کوئی اپنے کاروباری جگہ کو بیچ کر وہاں سے چلا جائے تا کہ سب سے زیادہ اس کا کام چلے اور اس کے گاہک بھی صرف اسی کے پاس آئیں اس کا مال کم بکے اور میرا مال سب سے زیادہ بکے اور اس قسم کی کئی ایسی کیفیت بن جاتیں ہیں۔ جس سے مالک دکان یا کاروباری فرد اگر ان باتوں کا صحیح طرح سے نہ جانتا ہو یعنی جادو ٹونے اور اس قسم کے ہتھکنڈوں سے واقف کار نہ ہو تو وہ ہاتھ جو دوسروں کو روپے دیتے تھے اب وہی ہاتھ وہ بن جاتے ہیں جس سے روپے نہ تو نکلتے ہیں جب کہ لینے والوں کی لائن لگ جاتی ہیں۔ اور مسلسل دوسروں سے روپے لیتے لیتے آخر وہ وقت آتا ہے جس سے متعلقہ عمل کے زیر سایہ فرد خود کشی کو اپنی زندگی میں زیادہ ترجیح دیتے ہوئے اس کو کر گزرتا ہے۔ اور اگر نہیں بھی کرتا تو اسی کوشش میں رہتا ہے کہ ایسا کوئی موقع ملے اور وہ اپنی اس زندگی کو ختم کر ڈالے جب کہ یہ اس کا حل نہیں ہوتا اور الٹا قیامت تک وہ اللہ کا بھی دین دار بن جاتا ہے۔ اس لئے ایسے افراد اپنا دل چھوٹا مت کریں اور کتاب میں سے کسی ایک عمل کو بتائے گئے طریقے کے مطابق استعمال کریں اللہ کے حکم سے ان کے کاروبار میں برکت پیدا ہوگی۔ دشمنوں کے منہ کالے ہونگے اور جس مقام سے اسے ہٹانے کی کئی کوششیں کی ہونگی دوبارہ پھر اللہ کے فضل سے اسی مقام پر واپس لوٹ جائیگا۔ انشاء اللہ لیکن یہاں اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ کتاب میں سے کوئی بھی عمل کرنے والا فرد اس عمل کے متعلق کسی کو بھی نہ بتائے کہ میں فلاں عمل کر رہا ہوں یا اس عمل کے کرنے سے مجھے دوبارہ کامیابی ملی ہے ایسا ہرگز مت کریں کیونکہ ایسے افراد جو آسانی سے کرب ناک اذیتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ بڑی مشکل سے اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرتے ہیں۔ اور یہ نہیں سوچ و سمجھ سکتے کہ جس سے ہم اس کامیابی کے راز کا ذکر کر رہے ہیں۔ کہیں یہی تو وہ فرد نہیں جس سے پہلے اس نوبت پر پہنچایا تھا۔ اس لئے ان اعمال کا کسی سے بھی ذکر نہ کیا جائے اور اگر کسی کے ساتھ بھلائی کرنی ہو تو اس کو وہی عمل لکھ کر دے دیا جائے اور اپنی کسی بھی بات کا ذکر نہ کیا جائے۔ اس لئے ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر پاک وصاف حالت اور خوشبو کو اپنے لباس پر لگا کر اس کا ورد یا تو اپنے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق کرے یا اتنا ورد کرے جس سے اللہ سے

رو رو کر اور گڑگڑا کر دعا مانگی جائے اور اسی حالت میں آنکھ لگ جائے اللہ کے حکم سے غیب سے وسیلے پیدا ہونگے۔ اور کوئی ایک ایسا آئیگا جو روپے پیسوں کے معاملے اور قرض کی ادائیگی کا وسیلہ بن جائیگا۔ پھر اس نقش کو زعفران یا حسب ضرورت کالی یا نیلی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی ہو۔ پڑھنے والی آیات کو خود کسی دوسرے کاغذ پر لکھ کر کسی حافظ قرآن سے اعراب لگوانے کے ساتھ ساتھ ان کی صحیح ادائیگی کا طریقہ کار سیکھ لیا جائے کہیں پڑھنے میں کوئی بھول نہ ہو جائے اور صحیح پڑھنے کی بجائے کوئی الٹا ہی پڑھے اس لئے جان بوجھ کر کتاب میں میں اعراب نہیں لگاتا کیونکہ جب اعراب نہیں لگے ہوتے تو اسے پڑھنے والا شخص اس سے ضرور ذکر کرتا ہے جو اس لائن میں کچھ نہ کچھ جانتا ہو یا کوئی حافظ و قاری ہو اس سے اسے صحیح پڑھنے کا موقع مل جاتا ہے۔ اور انسان اللہ کی کلام کو غلط پڑھنے کی بجائے اسے صحیح ادا کرتا ہے۔ جس سے اللہ کی رحمت جوش مارتی ہے۔ میں اس لئے اپنی کتب میں لکھی جانے والی آیات کے اعراب نہیں لگاتا کیونکہ اگر میں اعراب لگا دیتا ہوں تو کوئی اسے صحیح سمجھتا نہیں ہے۔ اور اپنے اندازے سے صحیح یا غلط پڑھنے میں فوراً مشغول ہو جاتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم۔

سبحان الذی اسریٰ بعبده ليلا من المسجد الحرام الى المسجد الاقصیٰ الذی باركنا حوله لنريه من اياتنا انه هو السميع البصير بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحيم لا اله الا هو الرحمن الرحيم لا اله الا هو الرحمن الرحيم لا اله الا هو الرحمن الرحيم وبحق لا اله الا هو الرحمن علم القرآن.

الله الصمد وهو الخلاق

وهو	الخلاق	العلیم	الصمد
الصمد	وهو	العلیم	الخلاق
الخلاق	الصمد	العلیم	وهو
وهو	الخلاق	العلیم	الصمد

الخلاق وهو الصمد الله

روپے یا دیگر اشیاء بغیر وجہ کے چوری

زبردست قسم کے عاملین اور کسی کے عزیز یا رشتہ خود ان کو دوسروں کا قرضئ بنانے اور ان کو اپنا محتاج بنانے کی غرض سے ایسے عاملین سے اس قسم کا عمل کرواتے ہیں جس سے روپے، پیسے، قیمتی اشیاء، زیور اور کوئی بھی دوسری سستی اشیاء ہوں ان سب کو اس طریقے سے چوری کروایا جاتا ہے۔ کہ انسان یقین نہیں کرسکتا کیونکہ جس نے خود احتیاط اور محنت سے کسی شے کو بہت سنبھال کر رکھا ہو اور وہاں رکھی شے کے متعلق صرف اسی کو پتہ ہو کہ فلاں شے وہاں رکھی ہے۔ اور وہ شے سیف الماریوں سے نکل جائے تو کتنی عجیب بات معلوم ہوتی ہے۔ ایسے عاملین اپنے تابع ہوائی چیزوں سے کرواتے ہیں۔ جس سے وہ فوراً اس فرد کے گھر سے چیزیں اٹھا اٹھا کر عامل کے پاس جمع کرتی جاتی ہیں۔ اور اگر اس دوران زبردست قسم کا روحانی کلام جاننے والا عامل ایسے افراد کو مل جائے تو وہ اپنی کلام کے اثر سے چوری شدہ اشیاء کو واپس بھی لاسکتا ہے۔ خواہ اس کا تعلق ایک سوئی سے ہی کیوں نہ ہو جیسے چیز جاتی ہے بالکل اسی طریقے سے واپس بھی آجاتی ہے۔ لیکن ایسا کرنے والا نہایت ہی زبردست قسم کا عامل ہونا چاہئے ویسے ایک آسان فارمولا یہاں لکھا جائیگا جسے ایک دو مرتبہ آزمایا ہے اور آئیندہ سے چیزوں کا چوری ہونا بند ہو گیا تھا۔ ایسے اعمال کروانے کی ایک نہیں کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ مثلاً اگر کسی عامل کو روپے پیسے زیور یا کسی بھی شے کی کوئی ضرورت ہو تو اسے اس کی چیزیں ہی بتاتی ہیں کہ فلاں شخص یا کسی گھر میں فلاں جگہ اتنی رقم موجود ہے یا فلاں فلاں اشیاء و چیزیں پڑی ہوئی ہیں۔ جس سے عامل کو جس کسی شئے کی بھی

ضرورت ہو تو وہ با آسانی وہاں سے لے آتی ہیں لیکن اس فرد کا نقصان ہوتا ہے جس کی چیزیں چوری ہوتی ہیں۔ روپے پیسے اکثر نکل جاتے ہیں جب کہ کسی گھر کے فرد پر ذرہ برابر بھی شک نہیں کیا جاسکتا کیونکہ یہاں رقم رکھی ہوتی ہے اس کے متعلق وہی فرد جانتا ہے۔ کسی دوسرے کو بالکل پتہ نہیں ہوتا اس لئے وہاں سے بھی رقم غائب ہو جاتی ہے۔ جو فطرت و مزاج کے بالکل ہی الٹ ہوتا ہے۔ ایسا شیطان صفت عامل اپنی طابع چیزوں سے کرواتا ہے۔ اس قسم کے چلہ جات میں کوئی بھی نیک کام یا عمل نہیں کرنا ہوتا بلکہ شیطانیت بد اعمال کرنے ہوتے ہیں۔ جس سے شیطان صفت عامل بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے لوگوں کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتا اور دوسروں کے روپے پیسے چوری کروا کر ان سے اپنا گذارا کرتا ہے اور اس کے علاوہ کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تب بھی وہ چیز کسی نہ کسی کی چرالی جاتی ہے اور اسے عامل کے پاس حاضر کر دیا جاتا ہے۔ جس سے وہ اپنی ضروریات کو ناجائز اس طریقے سے استعمال کرتا ہے۔ اگر کوئی فرد اس عمل کے زیر سایہ آچکا ہو اور اس کی دیگر کئی اشیاء لامحالہ طور پر چرالی گئی ہوں یا مسلسل یہی سلسلہ چلتا ہو اور رکتا نہ ہو تو وہ ان آیات کو کالی بلی کی دباغت شدہ کھال پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھکر دم کرے اور دم کرنے سے پہلے اس نقش کو اس کی کھال پر بنائے پھر نقش کو تعویذ کی طرح بند کر کے آیات کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق کھال پر دم کرے اور اس نقش کو کھال کے اندر رکھ کر اسے سوئی دھاگے سے سی کر اپنے گھر کے مین دروازے کی چوکھٹ کے اوپر ایسے لٹکائے کہ ہوا سے ہلتا رہے اس عمل کی بدولت جب وہ عامل اپنی چیزیں بھیجے گا تو وہ اندر کسی بھی صورت میں داخل نہیں ہوسکیں گی۔ انشاءاللہ اور اگر گئی ہوئی اشیاء کو واپس لانا ہو تو انہی آیات کو روزانہ اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر سات مرتبہ اول و آخر آیت الکرسی پڑھ کر درمیان میں ایک تسبیح پڑھ کر سادے پانی پر دم کر کے اس کے چھینٹے اپنے گھر کے چاروں کونوں میں لگائے یا جہاں سے چیزیں غائب ہوتی ہوں وہاں اس پانی کے چھینٹے لگائے اگر کسی کی جیب سے روپے نکلتے ہوں تو وہ اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے یا سیدھے بازو پر باندھے تب بھی مکمل روک تھام ہو گی۔ انشاءاللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

ولئن انجیتنا من هذه لنکونن من الشاکرین سیهزم الجمع ویولون الدبر بل الساعة موعدهم ادهیٰ وامر ان الله یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکهما من احد من بعده انه کان غفو حلیما غفورا.

مخاخا مشفخاخا

مشفخاخا مخاخا

الاظهر الاجهرات

اجهڑ جمہرات

والدین سے بدتمیزی

بعض افراد اپنے ہی عزیز یا رشتہ داروں کو زندگی میں کامیاب ہوتا نہیں دیکھنا چاہتے جس سے وہ ایسے عامل سے ایک عمل کرواتے ہیں۔ جس کا مقصد ان کی زندگی کی سب سے پیاری شے اولاد کو ان کے حق میں بدزن کرنا، اونچی آواز میں بولنا، ان کا کہنا نہ ماننا، بلا وجہ باتوں کو طول دے کر بڑھانا اور اپنے والدین سے بدتمیزی کرنا، طرح طرح اور عجیب قسم کی شرارتیں کرنا جس سے والدین کا سر شرم سے جھکتا ہو، اور پڑھائی نہ کرنا جس سے انہوں نے آئندہ زندگی میں ناکام ہونا ہوتا ہے۔ ایسے اعمال صرف اسی بنیاد پر کروائے جاتے ہیں کہ ان کے گھر میں زیادہ سے زیادہ پریشانیاں پیدا ہوں اور والدین کی سگی اولاد انہیں طرح طرح کی اذیتیں پہنچا کر سکون محسوس کرے جب کہ اولاد بعض اوقات اس اثر کے کم ہونے کے سوچتی ہے کہ ہم اپنے والدین سے ایسا سلوک کیوں کرتے ہیں لیکن وہ ایسا کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اور جب تک گھریلو سکون و امن اور اولاد تباہ و برباد نہ ہو جائیں تب تک بد اعمال کا دور دورہ رہتا ہے اگر والدین کی اولاد کئی بھائی و بہنوں کی ہو تو وہ سب

آپس میں ہر وقت بلا وجہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑتے رہتے ہیں۔ بعض تو اس حد تک پہنچ جاتے ہیں کہ اپنے والدین کو گندی گندی گالیاں نکالتے ہیں اور انہیں مارنے سے بھی گریز نہیں کرتے اگر اس اولاد میں سے کسی کو کاروبار بھی کروا کر دیا جائے تو وہ قطعاً اس بات کی پرواہ نہیں کرتے کہ ہم اس دنیا میں کامیاب ہوں اور اپنے والدین کے بڑھاپے کا سہارا بنیں بلکہ زیادہ سے زیادہ کام سے جی چرانا کام پر یا کاروباری مقام پر بیٹھے ہوئے ان کا دل اڑنا اور ایسی کئی وجوہات بن جاتی ہیں جس کا صرف ایک ہی مقصد ہوتا ہے کہ نہ تو یہ کاروبار کرے اور نہ ہی یہ زندگی میں کسی بھی میدان میں کامیاب ہوں اور اس طرح کی دیگر کیفیات پر مبنی بد اعمال کروائے جاتے ہیں۔ جس سے والدین بیچارے ہر وقت روتے رہتے ہیں اور اللہ کے حضور دعائیں کرتے رہتے ہیں۔ جس کے اثرات بھی بعض اوقات رونما نہیں ہوتے جب تک اسی عمل کی کاٹ نہ کی جائے اگر کوئی ان معاملات میں بری طرح پھنس چکا ہو اور اس عمل کی کاٹ کرنی ہو تو ایسے والدین چینی پر ایک ہی جلسے میں اس آیت کو ایک ہزار کی تعداد میں دم کر کے اس چینی کو اپنی تمام اولاد کو کھلائیں اور جب اس عمل کی کاٹ شروع ہو تو بہت پیار سے ان کے گلے میں اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر پہنایا جائے تا کہ وہ بدکلام یا عمل سے بالکل ہی باہر نکل جائیں اور انہیں ہوش آ جائے چینی کو بکثرت دم کر کے کھلایا جائے اگر سادے پانی پر بھی اسی آیت کو دم کر کے پلایا جائے تو بہت بہتر ہے۔ نقش بالکل اسی طرح بنایا جائیگا جیسے ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

فاذا قرات القرآن فاستعذ بالله من الشیطان الرجیم.

الــــمتیــــن

الــــمتیــــن

خون کے چھینٹے اور سامان جل جانا

عاملین کا ایک گروہ ایسا بھی ہوتا ہے جس سے ان کے تابع رہنے والی مخلوق عامل کے کہنے اور حکم کے مطابق کسی کے بھی گھر کا سامان جلا کر راکھ کر دیتی ہیں جب کہ آگ نہیں لگائی جاتی اور نہ ہی اس گھر میں کوئی ہوتا ہے۔ اگر تمام افراد بھی اس گھر میں موجود ہوں تو اس گھر کا قیمتی یا سستا سامان جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر سیف الماریوں میں کپڑے رکھے ہوں تو جل کر کوئلہ بن جاتے ہیں۔ اسی طرح کسی کے گھر میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور کسی کے جسم پر ایسا کرنے پر یہ نہیں دیکھا جاتا کہ جس کے گھر یا جسم پر خون کے چھینٹے پڑ رہے ہیں وہ نمازی پرہیز گار آدمی ہے یا کسی عہدے میں بڑا مقام رکھتا ہے یا معمولی انسان ہے۔ ان باتوں کا قطعاً کوئی لحاظ نہیں دیکھا جاتا بلکہ اپنے عمل کے مطابق کچھ بھی کروایا جاسکتا ہے۔ بعض اوقات خون کے ساتھ ساتھ پانی کے چھینٹے بھی ہوتے ہیں۔ وہ جسم پر وقتاً فوقتاً پڑتے رہتے ہیں۔ اسی عمل کے زیر سایہ رہنے والے افراد کے گھر کے در و دیوار خون و بدبودار اشیاء سے بھر جاتے ہیں۔ اور اس گھر سے عجیب سی بدبو آتی رہتی ہیں نئے رنگ و روغن تباہ ہو جاتے ہیں اور کئی طریقے کے علاج و معالجے بھی کام نہیں آتے اس مخلوق کا کام صرف اور صرف نقصان کرنا ہی ہوتا ہے۔ اور زیادہ نقصان کر کے اس مخلوق کو زیادہ خوشی ہوتی ہے ایسا وہی افراد ان عاملین سے کرواتے ہیں جنہیں ایسا کرنے کے پیچھے کوئی بہت بڑا مفاد ہو یعنی کسی نے کوئی رشتہ لینا ہو اور اس گھر والے رشتہ نہ دیتے ہوں، کسی نے کسی سے جائز و ناجائز طور پر روپے لینے ہوں کسی نے اپنی کسی بات کا انتقام لینا ہو کسی نے اپنے عزیز و رشتہ داروں کو مغلوب کرتے ہوئے دنیاوی زندگی ان کیلئے جہنم بنانی ہو اور اس سے دیگر ایسے کئی مقاصد ہوتے ہیں۔ جن کی خاطر ایسے اعمال کروائے جاتے ہیں۔ اگر اس عمل کی روک تھام نہ کی جائے تو یہی عمل آئندہ زندگی میں نہایت ہی مہلک بن جاتا ہے۔ اور پھر کئی زبردست قسم کے عمل بھی اپنا اثر نہیں دکھاتے کاروبار تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اور اس گھر میں رہنے والے افراد زیادہ سے زیادہ تکالیف و مصائب میں گھرے رہتے ہیں۔ اس لئے اس عمل کی کاٹ کرنے کیلئے میں یہاں ایک عمل بتاتا ہوں ایک عدد چوکور شیشہ لے کر اس کو تیز خوشبو والے عطر سے معطر کر کے اس نقش کو بروز نوچندے منگل کوے کے خون اور اس کے الٹے پر

سے لکھ کر اس شیشے پر لگا کر اپنے گھر کے مین دروازے کی چوکھٹ کے اوپر لگا دے اور خود دریا یا نہر چلتا ہوا پانی ہو بھر کر لائے اور اس پر روزانہ ایک ہی وقت میں ایک تسبیح قل اعوذ برب الفلق کی پڑھ کر دم کرے اور اس کے چھینٹے اپنے پورے گھر میں لگائے۔

جبرائیل

اعوذ برب الفلق من شر ما خلق و من شر
غاسق اذا وقب و من شر النفثت فی العقد و
من شر حاسد اذا حسد و بحق یا الله یا الله
مه مهه مههه مهههه مههههه

شہوت بندی

اچھا بھلا مردانہ صفات سے بھرپور مرد اچانک اپنی مردانہ صلاحیت کھو بیٹھتا ہے۔ اس کا ہم بستری کرنے کو جی نہیں چاہتا نفس بالکل بیکار ہو جاتا ہے جیسے صرف گوشت کا ایک ٹکڑا ہو اسی طرح اگر کسی عورت پر اس عمل کو کیا جائے تو اس کی بھی یہی حالت ہو جاتی ہے۔ لیکن اس کا صرف ہم بستری کرنے کو دل نہیں چاہتا اور نہ ہی وہ کسی مرد کو اچھا سمجھتی ہے۔ جس سے دونوں میاں بیوی کے درمیان پھوٹ پڑ جاتی ہے اور وہ دونوں ایک دوسرے کو اچھا نہیں سمجھتے بچے علیحدہ پریشان ہوتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی باتوں سے لڑائی جھگڑا بڑھتا ہوا آخر کار طلاق تک جا پہنچتا ہے۔ کیونکہ اللہ رب العزت نے مرد و عورت کو ایک نظام کے تحت پیدا فرمایا ہے۔ جس سے وہ دونوں ایک دوسرے کے طالب ہی رہتے ہیں اور اگر ایک طالب اس معاملے میں جان چھڑوائے تو چونکہ یہ فطرت کے منافی ہوتا ہے اس لئے اگر عمل مرد پر کیا جائے تو وہ اس سے مغلوب ہو کر ایک طرف کو بیٹھ جاتا ہے۔ جس سے اس کی شریک حیات کو یہ بات ہمیشہ کیلئے ناگوار گزرتی ہے۔ اور اگر اسی عمل کو کسی عورت پر کیا جائے تو وہ اس سے مغلوب ہوتے ہوئے ایک طرف کو ہو جاتی ہے۔ جس سے مرد اس کو جنسی فعل پر اکسانا چاہتا ہے۔ یا اپنی جائز خواہش پوری کرنا چاہتا ہے۔ تو ان دونوں کے درمیان اس جائز بات پر بھی لڑائی جھگڑا ہو جاتا ہے۔ ایسے اعمال کا تعلق شہوت

Scanned by CamScanner

بندی سے ہوتا ہے۔ بعض اوقات اگر کوئی کنوارہ مرد یا لڑکی ہو تو اس پر اسی عمل کو کر کے لڑکی و مرد ذات سے نفرت دلوائی جاتی ہے جس سے وہ بیچاری ساری زندگی شادی کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔ اچھے اچھے رشتے آتے رہتے ہیں لیکن وہ مرد ذات کو پسند نہیں کرتی اسی طرح اگر شہوت بندی والے عمل کو مرد پر کیا جائے تو وہ عورتوں سے نفرت کرتا ہے۔ اور کسی بھی صورت میں شادی نہیں کروانا چاہتا اس طرح کے اعمال یا تو مفاد پرست افراد عزیز و اقارب کرواتے ہیں جن کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ لڑکی یا لڑکا صرف ہمارے ہاں ہی رشتہ کرے اور کسی دوسرے جگہ رشتہ کرنے کے قابل ہی نہ رہے اس عمل کے توڑ اور شہوت بندی کے خاتمے کیلئے اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھ کر اپنے چہرے ہاتھ و جسم پر دم کیا جائے اور اس نقش کو کسی حافظ قرآن و پانچ وقت کے نمازی فرد سے زعفران سے سفید کاغذ پر بنوائے اور اسے اپنے گلے میں مختصر سا مقصد لکھ کر گلے میں باندھے آیت کو تب تک ورد کرتا رہے جب تک خواہش پیدا نہ ہو جائے اگر دونوں میاں بیوی اس بدعمل کی لپیٹ میں آ چکے ہوں تو وہ کسی بھی میٹھی شے پر اسی آیت کو ایک تسبیح پر پڑھ کر دونوں کھائیں اور نقش کو اگر عورت باندھے تو اپنے مرد کا نام مع والدہ اور آگے علیٰ الحب آگے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اسی طرح جس نقش کو مرد اپنے گلے میں باندھے گا وہ نام عورت کا لکھوا کر آگے اپنا نام مع والدہ لکھوا کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور اگر بات بہت آگے تک بڑھ گئی ہو تو اس نقش کو سات دنوں تک روز کا ایک نقش سادے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئیں اللہ کے حکم سے شہوت بندی کا خاتمہ ہوگا۔ اور وہ دونوں ایک دوسرے کی قدر و اہمیت جانتے ہوئے ایک دوسرے کے بغیر نہیں رہ سکیں گے اور آپس میں مل کر ہی رہیں گے۔ یہ میاں بیوی کیلئے ہے اگر کوئی کنواری لڑکی یا لڑکا ہو تو آیت کو جیسے بتایا ہے ایسے ورد کرے اور نقش کو اسی طریقے سے بنوا کر اپنے گلے میں باندھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

قالوا سبحانک انت ولینا من دونھم بل کانوا یعبدون الحق اکثرھم بھم یومنون قالوا ربنا یعلم انا الیکم لمرسلون قالوا انا تطیرنا بکم لئن لم تنتھو ولنر جمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم۔

اول

ظاہر

باطن

آخر

رشتہ داروں میں جادو

جادو کے ذریعے بعض ایسے حالات بھی پیدا ہو جاتے ہیں جس سے اگر کوئی والدین اپنے لڑکے کی شادی کر دیں تو اس کی بیوی یا ساس اس لڑکے کو ہمیشہ کیلئے اپنے قابو میں رکھنے اور اس کے دل میں اس کے سگے والدین کی نفرت و جدائی بھرنے کیلئے ایسا عمل کروا دیتے ہیں۔ جس سے وہ لڑکا ہمیشہ کیلئے اپنے والدین سے دور ہو جاتا ہے۔ اور کسی بھی صورت واپس آنے کا نام نہیں لیتا اسے دن رات اور ہر وقت صرف اپنی بیوی ہی نظر آتی ہے۔ اور اس کی زیادتیاں یا دیگر بری عادات بھی ایسے مرد کو نظر نہیں آتیں جس سے بیچارے والدین اپنا چشم و چراغ کھو بیٹھتے ہیں۔ اور بعض اوقات اس عمل کے ساتھ ساتھ ایسا بھی کروایا جاتا ہے کہ اگر کوئی کسی کا بہت ہی قریبی عزیز یا رشتہ دار ہو ان کے دلوں میں پھوٹ ڈلوا دی جاتی ہے۔ جس سے ہمیشہ کیلئے ایک دوسرے کی شکل تک دیکھنا گوارا نہیں کرتے اور ان کو بھی اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ ایسا کیوں ہو رہا ہو لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا جاتا ہے۔ ویسے ویسے ان کی دوری ہمیشہ کیلئے بن جاتی ہے اور وہ ایک دوسرے سے صلح تک کرنے کو راضی نہیں ہوتے ایسا بدعمل وہی افراد کرواتے ہیں جو کسی کے دل میں اپنی ناجائز محبت پیدا کرنا چاہیں ناجائز صورت اس طرح بن جاتی ہے کہ وہ اپنی سچی محبت کو دکھانے یا منوانے کیلئے کسی قربانی کو پیش نہیں کرتے بلکہ اس قسم کے بدعمل کروا کر ان کے سچے پیاروں کو ان سے دور کر دیتے ہیں اور خود ان کے دلوں پر حکومت کرنے لگ جاتے ہیں۔ اور جو افراد کچھ عرصہ پہلے برے اور اچھے معلوم نہیں ہوتے تھے۔ وہی آج ان کے دلوں میں سما جاتے ہیں اور جو حقیقی جذبہ محبت رکھنے والے افراد ہوتے ہیں وہ ان سے اچانک اس طرح دور ہو جاتے ہیں۔ جیسے ان کا آج سے پہلے کوئی رشتہ ہی نہ تھا۔ اس لئے اگر کوئی اس قباحت کے زیر سایہ آ چکا ہو تو وہ روزانہ کسی بھی فرض نماز کی فرضوں و سنتوں کے

درمیان سورۃ والناس کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور اپنے مقصد کی دعا مانگے جن رشتوں کا خاتمہ ہو چکا ہوگا۔ وہ پھر نئے سرے سے پیدا ہونگے اور جس طرح اس بدعمل کے ذریعے اور کسی کلام یا نقوش سے اس عمل کو کیا ہوگا اسی طرح اس پاک کلام کی طاقت سے اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور اس کے طاقتور اثرات پیدا ہوتے ہوئے اس بدعمل کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کر دیں گے۔ جس سے کسی نے اس ظلم کو کر کے اپنے ناجائز مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کی ہوگی۔ انشاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل اعوذ برب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنته والناس ۔

بدترین امراض

جادو کی بنیاد اور اس کے زور پر کوئی اپنا ہی کسی پر ایسا عمل کروا دیتا ہے۔ جس سے وہ روزانہ نئی نئی تکالیف و مصائب میں گھرتا جاتا ہے۔ اور کوئی بھی دوائی کام نہیں آتی اور نہ ہی کوئی علاج اپنا اثر دکھاتا ہے۔ بلکہ مرض بڑھتا ہی رہتا ہے اور اگر اس کا بروقت روحانی علاج نہ کروایا جائے تو ہلاکت بھی ہوسکتی ہے اور انسان بعد میں سوچتا ہے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے بلکہ حقیقت میں وہ ایک دکھی انسان ایک ایسے عمل کے زیر ہوتے ہوئے اپنی جان گنوا بیٹھتا ہے۔ جس کو ابھی اس دنیا میں جینا ہوتا ہے۔ اس عمل کو قاتلانہ عمل اور سفلی عمل کی ایک حد کا بہت زبردست عمل کہا جاسکتا ہے۔ جو انسان کو انسان نہیں سمجھتا اور اپنے جنتر و منتر کی منفی طاقت رکھتے ہوئے کسی کو بھی مار سکتا ہے۔ یہ ایک قسم کا قتل ہی ہوتا ہے۔ کیونکہ قدرت کے منافی عمل ہوتا ہے اس انسان کی ابھی باقی زندگی ہوتی ہے۔ جب کہ اللہ کی رضا کو نہیں دیکھا جاتا صرف اپنی کلام کے اثرات سے کسی کو کچھ بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس لئے جگہ جگہ خاک چھاننے کے علاوہ خود ہی اس عمل کو اس طریقے سے کیا جائے کہ ان آیات کو گلاب کے خالص عرق اور سرسوں کے تیل پر ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس تیل کی مالش مریض کے جسم پر کی جائے اور روزانہ ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈالا جائے اور اس عرق کو وقفے وقفے سے پلایا جائے عرق یا تیل میں نیا تیل یا عرق نہیں ملانا ہوگا بلکہ نئے سرے سے پھر دم کر

کے یا جیسے لکھا ہے ایسے ہی کرنا ہوگا۔ اور اس نقش کو مریض کا نام مع والدہ لکھ کر چار مرتبہ سفید کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے ایک مریض کے گلے میں ایک کو مریض کے سامنے تاکہ وہ اسے ہر وقت دیکھتا رہے ایک کو چارپائی کے الٹی طرف باندھا جائے ایک کو اگر تازہ اس دم شدہ عرق میں ڈال کر پلایا جائے تو اس کے اثرات زیادہ ہو جائینگے اس لئے دم شدہ عرق میں اس نقش کو بھی لکھ کر ڈال دیا جائے اور جب کاغذ گل جائے تو اس کاغذ کو بھی مریض نگل جائے یا اس کاغذ کو جمع کر کے کسی شاپنگ بیگ میں دال کر دریا یا نہر میں بہا دیا جائے اکیس دنوں تک اس عمل کو کیا جائے اللہ کے فضل سے جس بھی نوعیت کا بدعمل کیا ہوگا وہ جل جائیگا۔ انشاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ویشف صدور قوم مومنین وفاء لما فی الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه یه شفاء للناس وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین واذا مرضت فهو یشفین قل هو للذین امنوا اهدی وشفاء وبحق ناد علیا مظهر العجائب تجده عونا لک فی النوائب کل هم و غم سینجلی بعظمتک یا الله و بنبوتک یا رسول الله وبولایتک یا علی یا علی یا علی.

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم

یا حافظ یا حفیظ یا رقیب

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

سر درد یا اثر جادو؟

آج کل بکثرت ایسے افراد ہیں خصوصاً خواتین جن کے سر میں ایسا شدید قسم کا درد ہوتا ہے کہ ان کی جان نکل جاتی ہے۔ بوقت ضرورت کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتے ایسا لگتا ہے جیسے دماغ سے مغز ہی باہر نکل آئیگا ایسی نہایت شدید درد ہوتی ہے کہ میں یہاں بیان نہیں کرسکتا یہ وہی اچھی طرح بتا سکتا ہے کہ اسے کیا محسوس ہو رہا ہے۔ اس درد کے ساتھ ساتھ جونئی تکالیف بعد میں آہستہ آہستہ لگتی ہیں اس کے متعلق کسی نے سوچا نہیں ہوتا اور کچھ کا کچھ اچانک ہو جاتا ہے۔ یہ سب جادو بد اعمال پتلے خونی تعویذ اور اسی طرح کے کچھ اعمال سے کیا جاتا ہے۔ میری تحقیق کے مطابق اور جہاں تک میں نے اس امراض میں مبتلا خواتین کو دیکھا ہے۔ ان کے ساتھ کسی ایسے غیر مرد کا ناطہ یا غیر شرعاً حرکت کرنا اور اس خاتون کے جسم کو قابو میں کرنے کی غرض سے اس عمل کو ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔ جس سے اپنا یا کوئی غیر اس عورت سے اپنے جسمانی تعلقات بڑھانا چاہتا ہے اور اپنی نفسانی خواہش کو اس عورت سے پورا کرنا چاہتا ہے اور سامنے نہیں آتا بلکہ اندر ہی اندر اس عمل کو کروا کر یہ سوچ رکھتا ہے کہ وہ عورت خود اس کے ساتھ ایسا کریگی جیسا وہ چاہتا ہے ایسا شادی شدہ عورتوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور جو کنواری لڑکیاں ہوتی ہیں ان میں کئی مقاصد آجاتے ہیں مثلاً ان کا دماغ آنکھیں کان اور دیگر انسانی سوراخ کو اس فرد کے حق میں بند کر کے اس کے سامنے بالکل لاچار پیش ہونا جو اس کے ساتھ اپنی خواہش کے مطابق کچھ کرنا چاہتا ہو اس کا نکاح یا منگنی توڑنا ہو اور اس قسم کے کئی مقصد ہوتے ہیں جس سے ایسا عمل کروایا جاتا ہے۔ جب کہ ایسا بد عمل اپنا اثر کنواری لڑکیوں پر نہیں دکھاتا اور شادی شدہ خواتین اکثر اس چنگل میں پھنس کر اپنے جسم کو اس کے حوالے کر دیتی ہیں جو ایسے اعمال کروا کر عورتوں کے ساتھ جسمانی تعلقات بڑھاتا ہو ایسا ہمارے اس معاشرے میں بکثرت ہو رہا ہو اگر کوئی اس قباحت میں مبتلا ہو گیا ہو اور سر درد کا علاج نہ ہو رہا ہو تو اس نقش کو اس لڑکی یا عورت کا نام مع والدہ لکھ کر اسے الٹے بازو کے ساتھ باندھا جائے اور ایک کو چینی کی پلیٹ پر رکھ کر او پر سرسوں کا تیل ڈال کر اس تیل کی مالش کنپٹیوں اور سر پر کی جائے ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈال لیا جائے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی ایسے اعمال کرواتا ہے اس کے اثرات باطل ہونگے۔ ایک نقش کو اپنی کمر میں باندھا جائے۔

۱۵۷۸	۱۵۷۸	۱۵۲۸۲	۱۵۶۸
۱۵۸۱	۱۵۶۹	۱۵۷۴	۱۵۷۹
۱۵۷۰	۱۵۸۸	۱۵۷۶	۱۵۷۳
۱۵۷۰	۱۵۷۲	۱۵۷۱	۱۵۸۳

کیا ہماری زندگی میں جادو کا دخل ہے؟

بذریعہ جادو جو کام اس سے منسوب ہیں وہ یہاں دیکھئے کہیں ہم میں ایسی کوئی نشانی نہ پائی جاتی ہو جسے ہم دنیاوی ڈاکٹری مرض سمجھ رہے ہوں اور اندر سے کچھ اور ہی ہوتے ہوئے ہم کہیں کہ کہیں پہنچ جائیں اس لئے یہاں جو نشانیاں لکھی ہیں یہ نہایت ہی تحقیق کے ساتھ بمعہ ثبوت میرے پاس کئی مثالوں کے ساتھ موجود ہیں۔ اور ہوسکتا ہے کہ کوئی ان نشانیوں میں سے دیکھ کر اپنی اصلاح کر لے اور اس کی جان اس قباحت والے عمل سے چھوٹ جائے کیونکہ بعض حالات میں ایسا ہوتا ہے کہ انسان دیکھ کچھ رہا ہوتا ہے اور گہرائی میں جا کر یہ کوئی اور ہی شے بن جاتی ہے جو آئندہ زندگی گذارنے کیلئے نہایت ہی تکلیف دہ بن جاتی ہے۔

(۱) اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار اچانک مندے کا شکار ہو جانا بند ہو جانا کاروباری اشیاء کا خراب ہونا جیسے کوئی فیکٹری ہو اس کی مشینری بالکل ٹھیک ہو لیکن وہ چلتی نہ ہو کاروباری مقام پر مزدور یا وہاں کام کرنے والوں کا دل نہ لگنا اور کسی ناانجانے خوف وڈر کا غلبہ رہنا کاروباری جگہ پر اپنا دل بھی نہ لگنا اور اس جگہ کو چھوڑ کر کہیں اور چلے جانے کو دل کرنا، اس سے سب کچھ خسارے و نقصان کا کام ہوتا ہے۔

(۲) میاں بیوی ایک دوسرے کو نہ چاہتے ہوئے بھی برداشت نہیں کرتے اور حتیٰ الامکان کوشش کرتے ہیں کہ آپس میں ہر وقت چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑتے رہیں کسی کی نصیحت کا کچھ بھی اثر نہیں ہوتا میاں بیوی کو دکھی کر کے اور اسے طرح طرح کی اذیتیں دے کر سکون محسوس کرتا ہے اور بیوی اس طرح کر کے اپنے آپ کو سکون پہنچاتی ہے۔ جس سے نقصان تو ان دونوں کا ہوتا ہے اور گھر تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ بچوں کا ماحول خراب ہو جاتا اگر اس کا علاج نہ کروایا جائے تو جیسے تنکے بکھر جاتے ہیں وہ گھر تنکوں کی طرح بکھر جاتا ہے۔

(۳) اچھی طرح صحتمند افراد اور اولاد پیدا کرنے والا جوڑا اولاد پیدا کرنے سے محروم ہوتا ہے۔ ڈاکٹری رپوٹوں کے مطابق ان دونوں میں کوئی بھی ایسا نقص نہیں پایا جاتا جو اولاد ہونے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہو اسی کڑی سے ملتا ہوا ایک قسم کا جادو ہوتا ہے جس سے اولاد تو ہوتی ہے لیکن وہ زندہ نہیں بچتی طرح طرح کے علاج و معالجے سے بھی مرض پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔

(۴) بند مکان دکان کاروباری جگہ جسم کپڑے سونے والے بستر کی چادر اور اس طرح سے ملتی ہوئی نشانیوں پر خون یا پانی کے چھینٹے پڑنے جب کہ اس جگہ کوئی بھی نہیں ہوتا اور نہ ہی ایسا کوئی انسان کر سکتا ہے گھر و دکان کے باہر تالے لگے ہوتے ہیں اور جب کھولا جاتا ہے تو خون سے بھری دیواریں یا جسم یا پہنے والے کپڑوں پر گوشت کے غلیظ لوتھڑے اور خون و پانی کے چھینٹوں سے سب کچھ گیلا ہو چکا ہوتا ہے۔

(۵) بیوی اپنے مرد کو حقیر جانتی ہے یا مرد اپنی بیوی کو حقیر جانتا ہے اس نوعیت کے جادو سے ان کے گھر کا سکون تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اور کسی بھی طرح امن و سکون پیدا نہیں ہوتا اولاد بگڑ جاتی ہے اور کئی ایسے راستے اپنا لیتی جس سے ان کا نقصان ہوتا ہی رہتا ہے۔ اس لئے اگر اس عمل کی روک تھام نہ کی جائے تو یہ مسئلہ ایک شدت اختیار کرتے ہوئے لاعلاج مرض بن جاتا ہے۔

جسم میں غیر انسانی مخلوق کی حاضری

جادو میں ایک سلسلہ ایسا بھی ہوتا ہے جس سے عمل کے ماتحت مخلوق اس دشمن یا متعلقہ فرد کے جسم میں گھس جاتی ہے جس کو نقصان پہنچانا ہو اپنے قابو میں کرنا ہو اسے جان سے مارنا ہو اسے دن بدن نئی نئی تکالیف میں مبتلا کرنا ہو اس کی کئی وجوہات

ہوتی ہے۔ لیکن ایک جسم کے اندر غیر انسانی مخلوق گھس جاتی ہے اور ایسی حرکات کرتی ہے جس سے ان کے ساتھ رہنے والا افراد یا پورا گھرانہ ان حرکات سے بالکل عاجز آ جاتا ہے۔ اگر اس کا بھی صحیح علاج یا توڑ نہ کیا جائے تو یہ مسئلہ ایک حد تک چلتا ہوا لاعلاج مرض بن جاتا ہے۔ ایسا صرف وہی عامل کر سکتا ہے جس کی تسخیر میں مخفی ارواح سفلیہ ہو یہ کسی کے بھی جسم میں حلول کر جاتی ہیں لیکن کئی افراد اسے جنات یا کچھ اور ہی سمجھتے ہیں۔ یہ نہیں کہ جنات جسم میں داخل نہیں ہو سکتے بلکہ اگر قوم جنات میں سے کوئی جن جسم پر قبضہ کر لے تو اس کا توڑ مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بن جاتا ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ اگر کوئی عورت یا لڑکی جوانی میں ہو اور کسی ایسی جگہ گزر جائے جہاں سایہ، قوم جنات، یا بھوت وغیرہ ہو تو وہ اس کا پیچھا کرتے ہوئے اس عورت کو چمٹ جاتے ہیں اور انہی میں بعض جو نہایت ہی عامل بھی ہوتے ہیں وہ پہلے پہل اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے کیونکہ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ اگر انہیں معلوم ہو گیا تو یہ اسے دم درود کروائیں گے جس سے یہ سلسلہ ختم ہو جائیگا۔ اس لئے یہ خاموشی سے اس عورت کے ساتھ ہی رہتے ہیں اور اسی کے ساتھ پھرتے رہتے ہیں وہ عورت محسوس کرتی ہے جیسے اس کے ساتھ کوئی ہے۔ اگر وہ عورت سمجھدار ہو تو اس کا علاج جلد ہی ہو جاتا ہے۔ اور اگر وہ عورت اگر کنواری ہو اور اس چیز کا توڑ نہ کیا ہو خواہ اس کے متعلق پتہ ہو یا نہ ہو تو اس مرد سے اس عورت کا نکاح نہیں ہوتا بلکہ وہی چیز ساری زندگی کیلئے پکی ہو جاتی ہے اور کسی تعویذ دھاگے دم درود یا کسی بھی طریقے سے واپس نہیں جاتی ہم بستری بھی وہی مخلوق اس عورت کے ساتھ کرتی ہے۔ اس کا کامل اور فوراً علاج کرنے کیلئے ایک ہی ہستی ہوتی ہے۔ جو درجہ ولایت پر فائز ہو وہ نہایت ہی آسانی سے اس شے کو جسم سے نکال باہر کرتا ہے خواہ وہ سو سال سے ہی کیوں نہ چمٹا ہو لیکن پیر کامل کو اس دور میں ڈھونڈنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ اس لئے میں یہاں ایک نہایت ہی مجرب عمل لکھتا ہوں ہو سکتا ہے کہ اس عمل سے اس ساتھ رہنے والی اور جسم میں حاضر ہو کر کلام کرنے والی شے کا خاتمہ ہو جائے اور وہ چلی جائے ایک مرتبہ یہی آزمانے کا موقع ملا تھا۔ جس سے کافی حد تک مرض پر قابو پانے کا موقع مل گیا تھا۔ اور مریضہ کو سکون حاصل ہو گیا تھا۔ روزانہ اس عورت کو بالکل یک رنگ کالے سیاہ مرغ کا گوشت کالی مرچوں کے ساتھ کھلایا جائے اور چڑیا گھر سے بندر کا پاخانہ لا کر اسے سکھا کر کسی کپڑے میں رکھ کر اس عورت کے گلے میں باندھ دیا جائے اس عمل کی بدولت وہ نہایت ہی تکلیف میں مبتلا ہو گا اور واپس جانے کے علاوہ اس کے پاس کوئی اور چارہ

نہیں ہوگا۔اس کے توڑ ہوتے ہی بندر کی پلیدی کو اتار کر اسے تازہ غسل کروایا جائے اور کسی سفید کاغذ پر آیت الکرسی، سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ اور چاروں قل شریف چار چار مرتبہ لکھ کر نیچے نام مریضہ مع والدہ لکھ کر اسے گلے میں پہنایا جائے دوبارہ وہ واپس نہیں آئیگا۔ پھر آیت الکرسی کا دم کیا ہوا پانی نہانے والے پانی میں ملا کر اس عورت کو مسلسل سات روز تک غسل کروایا جائے انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

جادو کی آسان کاٹ

اگر کوئی اپنے گھر میں بالکل یک رنگ سفید اور سرخ کلغی والا مرغ پال لے تو اس گھر میں جادو نہیں ہوتا یا سایہ نہیں رہ سکتا، جس گھر میں بندر ہوگا اس گھر میں بھی جادو نہیں ہوتا، جس گھر میں کالا تیتر ہو اس گھر میں جادو نہیں ہوتا، جس گھر میں قربانی کے بکرے کی دستی کی ہڈی پر اس نقش کو بنا کر لکھ کر اسے کسی اونچے مقام پر رکھ دیا تو بھی جادو نہیں ہوتا، اسی طرح قربانی کے اونٹ کے دستی کی ہڈی پر بھی اسی نقش کو لکھ کر اونچی جگہ رکھ دیا جائے جادو کا اثر واپس ہوگا، جس گھر میں کالا جنگلی کبوتر پالا جائے تو بھی جادو نہیں ہوتا، اگر کہیں سایہ ہو جنات ہوں یا جادو بہت چلتا ہو تو حقے کا پانی لا کر گھر کے در و دیواروں پر اس پانی کے چھینٹے لگائے جائیں اس عمل کی بدولت جادو جڑ سے اکھڑ جاتا ہے اور جو کوئی سایہ یا جنات بھی ہوں تو وہ بھاگ جاتے ہیں۔ اور اگر کوئی بہت ہی زبردست قسم کا جادو کریگا تو جو جانور پالے ہونگے وہ مرجائیں گے۔ پھر کوئی خود روحانی نورانی عمل کتاب میں سے دیکھ کر لیا جائے انشاءاللہ افاقہ ہوجائیگا۔

ه	ه	ه	ه	و
القادر	القادر	القادر	القادر	
القادر	القادر	القادر	القادر	

کالا علم کیا ہوتا ہے؟
کیا اس علم سے ہلاکت بھی ہوسکتی ہے؟

کالا علم اصل میں جنتر، منتر، تنتر، اور مختلف دیوی دیوتاؤں کی عزیمتوں (یعنی) جن میں ان دیوی یا دیوتا کا ذکر ہوتا ہے۔ اور جو خاص الخاص شیطان کے پیروکار ہونے کے ساتھ ہاروت و ماروت کے ساتھ گہرا تعلق رکھنے والی ایک مخلوق کو اپنے پاس بلایا جاتا ہے۔ جو اس کلام کے ماتحت ہوتی ہے اور اگر کوئی اس کلام کو مکمل فارمولے کے ساتھ پڑھے تو وہ مخلوق اس پڑھنے والے کے پاس حاضر ہوجاتی ہے۔ پھر ان سے ایک قسم کا وعدہ لیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے دنیاوی مختلف کاموں میں ان سے مدد لی جاتی ہے۔ چونکہ یہ مخلوق شیطانی اثرات رکھتی ہے اس لئے یہ مخلوق کسی کا بھلا نہیں کرسکتی جب کہ ہندو کے دیوی و دیوتا اچھے اور برے دونوں کام ہی کرتے ہیں لیکن یہ مخلوق اچھے کام ہرگز نہیں کرتی صرف برے کام کرتی ہے اور عامل کے دشمنوں یا اس عامل سے کام کروانے والے کی تباہی و بربادی لا کر ہی رہتی ہے۔ اچھے بھلے بستے ہوئے گھر کو ویران کردینا، کسی کی کوکھ کو اجاڑ کر اسے بانجھ بنا دینا، کسی کے چلتے ہوئے کاروبار کو تباہ کردینا، اولاد کو اس حد تک اپنے بد اثرات میں مبتلا کردینا جس سے اولاد کی عقل پر پردہ پڑ جاتا ہے اور اولاد اپنے والدین کی عزت نہیں کرتی اور برے برے کلمات سے نوازتی ہے، اس کے علاوہ اور دیگر شیطانی کاموں کی طرف راغب کرنا اور اس کے بد اثرات پہنچانے والے کو کالے علم کا عامل کہتے ہیں۔ جو زیادہ سے زیادہ تباہی و بربادی پھیلا دیتا ہے اور کسی کا بھی ہرگز بھلا نہیں کرسکتا لیکن اس کے ساتھ ایک کام جو شاید نیکی کی طرف مائل ہوتا ہے وہ یہ کہ اگر کسی نے کسی معصوم فرد کو شیطانی علوم میں جکڑ دیا ہو تو ایسا عامل اس کی کاٹ با آسانی کرسکتا ہے۔ کیونکہ گندے، اور فاحشانہ قسم کے شیطانی کاموں سے ایسا کیا جاتا ہے اور اسی ہی قسم سے ان کا توڑ کیا جاتا ہے جو اگر کوئی کروانا چاہے تو یہ ایسا کردیتے ہیں۔ ایسے علوم سیکھنے والے کے ہاں اولاد نرنی نہیں ہوتی لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں۔ اور اگر کوئی کالے علم کے اونچے درجے پر پہنچ جائے تو پھر اولاد ہرگز پیدا ہی نہیں ہوسکتی کیونکہ جس عورت سے ایسا عامل ہمبستری کرتا ہے تو اس کا نطفہ اس عورت کے کبھی ٹھہر نہیں سکتا اور اس کی تسخیر کی ہوئی چیزیں اس کی اولاد کو فوراً اپنے اثرات سے متاثر کرتے ہوئے اس کی عورت کا حمل ضائع کردیتی ہیں۔ جس سے وہ عورت کبھی ماں نہیں بن سکتی۔

گھر میں ہوائی چیزوں کا بسیرا یا اثر جنات؟

بعض حالات میں ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کسی گھر میں ہوائی چیزوں کا بہت زبردست بسیرا ہو جاتا ہے۔ جس سے اگر شروع میں ہی اس کا علاج نہ کیا جائے تو اس گھر میں ان کی جگہ بن جاتی ہے۔ اور پھر کئی اقسام کے طریقہ کار و علاج کرتے ہوئے توڑ نہایت ہی مشکل سے ہوتا ہے۔ اس کی کئی مثالیں میری اپنی دیکھی ہوئی ہیں اور بہت علاج و معالجے کے بعد بھی مثبت اثرات رونما نہیں ہوئے بلکہ اس گھر میں رہنے والے افراد کو تکالیف اور مصائب سے بچایا ضرور تھا۔ جس سے کافی حد تک راستے کھل گئے وہی ایک عمل میں یہاں لکھ دیتا ہوں اور ہو سکتا ہے کہ اسے آزمانے پر یہ سو فیصد درست ہو جائے کہ ہوائی چیزوں میں بھی درجہ بندی ہوتی ہے کئی جگہ بہت زبردست اور کئی جگہ کم طاقتور ہوتی ہیں۔ میرا جن سے پالا پڑا تھا وہ نہایت ہی زبردست تھیں۔ لیکن ہر جگہ زبردست چیزیں ہی نہیں ہوتیں بلکہ کم طاقتور بھی ہوتی ہیں۔ چونکہ میں نے زبردست چیزوں کو روکا تھا اور یہی طریقہ علاج کم طاقتور کو بھگا دیگا۔ ہفتے میں ایک مرتبہ کالی مرغی کی کلیجی اور کالے مرغ کا دل حاصل کر کے اس پر چاروں قل شریف کو ایک تسبیح پڑھ کر دم کیا جائے کل تعداد چار سو بنے گی۔ ان دونوں چیزوں کو کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی پورے گھر کو دی جائے اس عمل کو ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور کر لیا جائے۔ اگلے ہفتے اسی طرح کلیجی اور دل پر آیت الکرسی پانچ سو مرتبہ ایک ہی جلسے میں پڑھ کر دم کی جائے اور اسے جلایا جائے۔ تیسرے ہفتے ان دونوں اشیاء کے ساتھ ایک کا اضافہ کیا جائے اور اس مرتبہ دل اور کلیجی پر دم نہ کیا جائے صرف ایک ایک قل ایک سو مرتبہ اور آیت الکرسی ایک تسبیح پڑھ کر حرمل و گوگل پر دم کر کے کلیجی و دل کو جلانے کے ساتھ جو کوئلے پر اسے بھی جلایا جائے یہ کل تین ہفتوں کا مکمل علاج ہے۔ اس سے ہوائی چیزیں بھاگ جاتی ہیں۔ اور واپس نہیں آتیں اگر اس عمل سے کوئی افاقہ ہو تو کتاب میں سے کوئی بھی خیر و برکت والا نقش گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے۔ کتاب کے ایسے نقوش درج کئے ہیں جو دنیا کی کسی کتاب میں نہیں ہونگے ان نقوش میں سے کسی ایک کو بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے لکھا جائے اور اسے اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اگر اثرات بہت زیادہ ہوں تو اسی ایک نقش کو اتنی مرتبہ لکھا جائے جتنے گھر کے کمرے ہوں پھر سب کمروں کے اوپر اس نقش کو لگایا جائے۔

فیض پنجتن پاک

کتاب کا چلتا روحانی فیض

کتاب میں سے مستفیض ہونے والے افراد اس موضوع کو زیادہ غور سے مطالعہ کریں کیونکہ یہاں سے جو موضوع شروع کیا جا رہا ہے اس کا تعلق سراسر سینوں کے ایسے رازوں سے ہے جو کوئی بھی کسی کو نہیں بتاتا لیکن میں خلق خدا کی خدمت کے طور پر ان نسخہ جات کو درج کر رہا ہوں تا کہ اللہ کی مخلوق زیادہ سے زیادہ مستفیض ہو کر کما حقہ فائدہ اٹھائے اور دنیاوی تمام طریقہ کار میں کامیابی حاصل کرے ان فتیلہ جات کے جادو و سحر کو باطل کرنے کے علاوہ اور بھی بہت سے ایسے خواص ہیں جو دنیا میں انسان رکاوٹوں کے ہاتھوں مجبور ہو کر تنگ آ جاتا ہے اور مشن کو ترک کر دیتا ہے کہ یہ کام نہیں ہوگا۔ اس کام کے نہ ہونے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں جن کو آگے بغور تفصیلاً درج کیا جائیگا اور ان کے مخفی اسرار سے کوئی فرد بھی ان کے استعمال سے زندگی میں بھرپور طور پر کامیاب ضرور ہوگا کیونکہ زندگی میں پڑنے والے عملیات کے برے اثرات، بد نظر، حسد، دشمن اور ایسے کئی نہ دیکھے سلسلے ہیں جو انسان اپنی زندگی میں دیکھ نہیں سکتا ان کو محسوس کر سکتا ہے اور ان کے بد اثرات سے ہمیشہ ہی اپنی زندگی کے کئی کاموں میں ادھورا ہی رہتا ہے ان تمام بندشوں کے مکمل خاتمے کیلئے اس عمل کو خاص طور سے بہت محنت اور توجہ کے ساتھ تیار کیا گیا ہے اور اس کا استعمال بھی نہایت ہی آسان ہے لیکن اس کے اثرات ایسے ہیں جیسے بجلی والی تار میں کرنٹ ہوتا ہے کوئی فرد بھی ان فلیتہ جات کو آزمائش کے طور پر استعمال کرے اور اس کے اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض افراد یہ بھی سوچیں کہ یہ سب کچھ شرک ہے یا اسے استعمال کرنے سے اللہ گناہ دیگا تو میرے پاس ایسے کئی ثبوت موجود ہیں جن میں ایک رتی بھی شرک پیدا ہونے کا جواز ہی نہیں بنتا مثلاً جادو ایک ایسے فارمولے کا محتاج ہوتا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل درج کیا جاتا ہے جس میں الو کا خون مردار جانوروں کی ہڈیاں یا انسانوں کی ہڈیاں اور ایسے ایسے جنتر منتر جن میں مشرکانہ کلمات ہوتے ہیں اور ان کی تسخیر میں جو مخلوق ہوتی ہے وہ اس کلام کو پسند کرتی ہے اور شیطان اس کی طاقت کے لحاظ سے ایسی مخلوق کو تسخیر کروانے میں مدد دیتا ہے پھر ان سے زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کو پریشان کرنا اذیت میں مبتلا کرنا اور ایسے کام کرنا جن سے صرف

اور صرف نقصانات اور تباہی کا ہی کام کیا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ نیکی والے اعمال یا نیکی والے کاموں کو کر کے اللہ کو خوش کرنا ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا چونکہ جیسے فارمولا قباحت والی اشیاء اور ان کے مشرکانہ طریقہ کار سے کیا جاتا ہے بالکل ویسے ہی سو فیصدی ان کے توڑ کیلئے انہی کے وار کو الٹا ان پر برسوانے کیلئے ایسا فارمولا تیار کیا جاتا ہے جو اس سے بھی زیادہ زود اثر ہو اور جو انسان کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو اس کا کامل علاج کیا جا سکے اور آئیندہ ایسے قبیح عمل سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ کی سچی اور طاقتور کلام کا ایسا فارمولا تیار کیا جائے جس سے چاہتے ہوئے بھی جادو آئیندہ کیلئے چل نہ سکے پہلے حصے سے زیادہ اب اس حصے میں جن اعمال کا ذکر کیا گیا ہے وہ پہلے سے بہت ہٹ کر ہے اور بہت زود اثر ہے اس لئے اپنے مقصد کے لحاظ سے درج فلیتہ دیکھئے اور اس کی آزمائش کیجئے اور آئیندہ کیلئے جادو ٹونہ اور اس قسم کی کئی شر افسانیوں سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ کی کلام کے طریقہ دیکھئے اور آزمائیے اللہ کے فضل سے نیک نیت رکھنے والے افراد ضرور کامیاب ہونگے۔ فلیتہ اصل میں ایک فارمولا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے ایسی کلام کو درج کیا جاتا ہے جس کو روحانی مخفی مخلوق سمجھتی اور جانتی ہے۔

گھر کی چیزیں الٹ پلٹ

ایسا اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر کوئی شریف انسان ہو اور وہ اپنے کسی رشتہ دار دوست عزیز یا کسی عامل سے الجھ پڑے تو وہ اس کی جان نہیں چھوڑتے جب کہ زیر عمل رہنے والے افراد اس بات کی تصدیق کر دیتے ہیں کہ ہم نے کسی کو بھی پریشان نہیں کیا لیکن اس کے بدلے کیا ہوتا ہے ان افراد کا جینا حرام ہو جاتا ہے۔ ہر طرف نقصان ہی نقصان اور اللہ کی اتنی بڑی وسیع و عریض زمین ان کیلئے صرف قدموں میں سمٹ جاتی ہے۔ اپنے غیر بن جاتے ہیں ایسی حالت سے خوف و دہشت زدہ ہونے والے افراد پہلے یہ کہتے تھے کہ ہمیں دکھاؤ کہ جنات یا ہوائی چیزیں کیا ہوتی ہیں جادو ٹونہ کیا ہوتا ہے یہ سب کچھ فضول ہے اور جب یہی افراد اس عمل کی لپیٹ میں آتے ہیں تو دہشت کے مارے اپنے گھر میں سو بھی نہیں سکتے چھوٹے کیا بڑے کیا سب ہی اس بدعمل کے زیر سایہ رہتے ہیں میرے دیکھنے میں تو یہ تک آ تا رہا ہے کہ اسی عمل کے زیر سایہ رہنے والا فرد دفتر میں کام کرتا ہے اور اس کا گھر بالکل بند ہے اور دوسرے افراد کہیں اور جگہ کام کرتے ہیں وہ بھی گھر میں نہیں ہیں جب کہ اس فرد کو اس کے گھر سے اسی کی بیوی کی آواز میں ٹیلفون آتا ہے۔ جب کہ گھر میں کوئی بھی نہیں

ہوتا اگر ان کی اولاد میں عورت ذات یا کنواری لڑکی ہو تو وہ ضرور اس لپیٹ میں آتی ہے جیسے میں نے پچھلے صفحات میں بیان کیا ہے کہ بے شک خبیث ہی عورت سے ہمبستری کرتا ہے۔ طرح طرح کی مصیبتیں و مشکلات ان افراد کی زندگی کا ایک حصہ بن جاتے ہیں اور جب تک کوئی صحیح عامل ان کی پشت پناہی نہ کرے تو ان کا علاج قطعاً نہیں ہوتا غلیظ خون کے لوتھڑے گوشت کے ٹکڑے بچوں کے بال پلیدی اور اس قسم کی دوسری اشیاء سے ان کا گھر مسلسل بھرا رہتا ہے نئے رنگ و روغن خراب ہو جاتے ہیں خراب ہونے سے مراد وہ خون کے جمے ہوئے نشانات پیلے رنگ کے بن جاتے ہیں اور بعض اوقات سرخ ہی رہتے ہیں۔ ایسے حالات میں یہاں ایک عمل درج کرتا ہوں جس کے سبب اللہ رب الکریم ضرور اپنی رحمت سے ان کے گھر سے اس منحوست کا خاتمہ کریگا۔ اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے مٹی کی کوری ھانڈی میں ڈال کر نیم کی شاخ سے ڈبو ڈبو کر اپنے پورے گھر کے کمروں میں اس کے چھینٹے لگائے اور ایک کو چوکھٹ کے اوپر فریم کروا کر لگائے اس عمل کی بدولت جو مخلوق ان کاموں کو کرتی ہے وہ اندر نہیں گھسے گی اور آئیندہ کیلئے بداعمال کی روک تھام ہوگی۔

عححححح

اھا	شو	ھوشا	ھشا	اشایا
شو	نعاما	بجاھ	لوما	ھظماط
قرداھا	یونقا	قطایا	ھا	ستاعا
قاداسو	قنھا	قطھط	سھسا	قمالیقا
شرھیھ	یرققا	ھج	ھرسا	اعاقیلا
قجاھا	ایاقفا	ھحقا	ھاقا	شھا
ھاطا	ثیھا	فساسو	قھا	نوعادا
شاقو	بھا	قیلھا	قرھغا	قمھن

علححححح

بانجھ پن کے مخفی اثرات اوران کے مجرب علاج

اس جدول میں سے نام مع والدہ بانجھ عورت کے نکالے اور انہیں بارہ پر تقسیم کرے۔ جو باقی بچے وہی برج تصور کیا جائے اور اس کے مطابق طریقہ علاج کا آغاز کیا جائے۔ اللہ کے حکم سے جو جو صدقہ جات تحریر کئے ہیں۔ ان میں ذرا بھی شک نہیں ہے۔ ان زبردست نسخہ جات میں غیر انسانی مخلوق کا ہاتھ ہے اور جیسے انہوں نے ان نسخہ جات کو بتایا ہے ویسے ہی لکھ دیا ہے۔ اس لئے یہ نسخہ جات نہایت ہی مجرب المجرب ہیں اور استعمال کرنے کے بعد معلوم ہوگا کہ یہ نسخہ جات بالکل صحیح ہیں یا غلط اس کا فیصلہ عوام الناس کے پاس ہوگا۔ اگر کوئی خاتون ویسے بھی اپنے برج کے حساب سے ان صدقہ جات اور دھونی والے اعمال کو کرے تو کئی اقسام کی بلا وآفات کو خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اور جس عورت کا علاج کیا جائیگا اسے شفاء ضرور بر ضرور حاصل ہوگی اور اگر وہ بانجھ پن کا شکار بذریعہ جادو، خلل آسیب، آفات، اثر جنات یا کسی بھی قسم اور مرض میں مبتلا ہوگی۔ تو ان نسخہ جات پر عمل کرنے سے اللہ کے حکم سے اس بندش و رکاوٹ کا سو فیصدی خاتمہ ہوگا۔ اور اللہ رب العزت اپنے حبیب کے صدقے میں اولاد جیسی نعمت سے ضرور نوازے گا۔ انشاء اللہ اس بات کو ضرور یاد رکھا جائے کہ یہ اولاد دلوانے کے نسخہ جات ہیں جو بالکل صحیح ہیں اگر کوئی عورت ڈاکٹری یا حکمی امراض سے متعلق مریضہ ہوتو وہ اس عمل کے ساتھ دوسرا علاج بھی کروائے۔

جدول حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

جو باقی بچے نیچے برج دیکھیں

1 حمل	2 ثور	3 جوزا	4 سرطان	5 اسد	6 سنبلہ
7 میزان	8 عقرب	9 قوس	10 جدی	11 دلو	12 حوت

برج حمل

اس برج سے منسوب جو عورت بانجھ پن کا شکار ہوگی۔ اس کی آنکھوں کے گرد اندھیرا چھا جاتا ہے۔ خواب دیکھتے ہوئے لرزے سے تمام جسم کانپ اٹھتا ہے۔ اس کے علاج اور صاحب اولاد بننے کیلئے ایک رنگ بکری یا مرغ صاحب استعداد افراد اگر بکری استعمال کریں تو بہت بہتر ہے۔ اس کو ذبح اس طریقے سے کیا جائے کہ چھری کو ساری رات کالے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر مریضہ کے سرہانے الٹی طرف رکھا جائے اور اس چھری سے اگلے دن اس مرغی یا بکری کو ذبح کیا جائے اور اس کا سارا گوشت مٹی کے مٹکے میں ڈال کر اس کے اوپر گندم پانچ پاؤ سے لے کر پانچ کلو تک ڈالی جاسکتی ہے۔ پھر قدرے مٹی چوراستے کی اور اس کپڑے کو جس میں چھری رکھی تھی اس کے اوپر ڈال کر مریضہ کے سر سے سات مرتبہ اتار کر اس کا منہ اچھی طرح سے بند کر کے کسی ویران جگہ دفن کر کے اس کے اوپر نہائے اور میٹھی شے سے منہ میٹھا کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے بانجھ پن کا خاتمہ ہوگا۔ اور اولاد ضرور ہوگی۔

لا الـــــه الا الـلـــــه

لا اله الا الله سبحان القهار الباسط
الرافع المعز السميع الكريم الحق
المو خر الاخر.المنتقم

برج ثور

یہ مریضہ اپنے سر میں نہایت شدید درد محسوس کرتی ہے۔ جس سے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے دماغ باہر آجائیگا۔ اس کے علاج کیلئے بالکل یک رنگ کالی یا سفید مرغی پانچ کلو گندم، پانچ کلو ماش، تین کلو نمک، قدرے چوراہے کی مٹی، چھٹانک یا پاؤ کوئی بھی دھات، مرغی کا ذبح کیا ہوا گوشت اور ان سب اشیاء کو مٹی کی کنالی میں رکھ کر سفید چادر سے ڈھانپ کر آبادی سے کہیں دور دفن کر کے اس پر غسل کیا جائے اور نئے کپڑے پہنے جائیں جو کپڑے اتارے جائیں گے۔ انہیں کسی کو دے دیں۔ اولاد پیدا ہوگی۔ اس نقش کو گلے میں باندھا جائے اور دھو کر اسکا پانی پیا جائے۔

لا الہ الا اللہ — محمد رسول اللہ

لا اله الا الله سبحان الرحيم السلام
البارى العليم الرقيب الحكيم
الباعث المقتدر المقسط الجامع

برج جوزا

یہ خواتین پیٹ درد، سر و آنکھوں پر وزن، پریشان حالی، خواب میں منہ پانی سے بھر جانا کیفیات ظہور میں آتی ہیں۔ اس کے علاج کیلئے ایک عدد کالی بکری یا مرغی اس کو ذبح کر کے اس کا خون اور سادے پانی کی بوتل ان دونوں کو مریضہ کے سر سے سات مرتبہ اتار کر دور کہیں دفن کیا جائے، پھر گوشت، پانچ گز کالا کپڑا، تین کلو آٹے کو گوندھ کر اس کی روٹیاں روغن زرد میں تر کر کے غریبوں میں تقسیم کی جائیں اور تین کلو اپنے جسم پر سے سات مرتبہ وار کر بھی کسی غریب کو دیں۔ مزار پر جو چراغ تیل سے خالی یا بجھے ہوئے ہوں۔ ان میں تیل ڈال کر ان کو روشن کیا جائے۔ پھر گل صدر برگ انار کا برگ، مریض کے جسم پر مل کر مشرق کی طرف آگے منہ کر کے پیچھے کی طرف پھینکا جائے۔ پھر اس نقش کو گلے میں باندھا جائے اور چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر صبح نہار منہ پیا جائے۔ اور نیچے درج فلیتے کو روزانہ دن میں تین وقت اپنے پورے جسم پر مل کر اسے جلا کر اس کی دھونی تمام جسم کو دی جائے علاج مکمل ہوگا۔

لا الہ الا اللہ — محمد رسول اللہ

لا اله الا الله سبحان المتكبر
الوهاب الخافض المذل البصير
الحكم العدل المتين الواجدمالك
الملك البديع الباقي الوارث

سلحوثا
سمرقم
٥١٤١٥
٦١٣٢١
مدیوما
مھقام

برج سرطان

اس برج سے متعلق مریضہ کو سر درد پٹھوں
پر وزن زیادہ غلبہ کرتا ہے۔ برگ شرینہ
پر وزن زیادہ غلبہ کرتا ہے۔ برگ شرینہ تخم ایک پاؤ، حرمل ایک پاؤ، خاک چوراستہ قدرے سات چٹکیاں، ہلدی پاؤ، ان سب اشیاء کو آپس میں ملا کر کھرل میں خوب باریک سفوف بنائیں اور مریضہ کالا کپڑا صرف اپنے بدن پر لپیٹے اور کوئی کپڑا بدن پر نہ ہو ان کو وقفہ وقفہ سے کوئلے کو دھکا کر اس پر رکھ کر اس کی دھونی پورے جسم کو دے اور سات دنوں تک روزانہ دیسی انڈے کو اپنے پورے جسم پر مل کر مغرب کے رخ دریا یا نہر کے کنارے دفن کر دیا کرے۔ بعد سات روز کے اس نقش کو گلے میں پہنے۔ سارے عمل کے بعد پہنے ہوئے کپڑے کو کسی کو دے۔

لا الہ الا اللہ — محمد رسول اللہ

لا اله الا الله سبحان الخالق الرزاق
الخبير العلى الواسع الودود
المبدى الوالى المتعالى ذولجلال
والاكرام المغنى الضار الهادى

برج اسد

دس کلو بڑا گوشت غریبوں میں تقسیم کیا جائے اور بزرگ کے مزار پر جا کر دیکھا جائے کہ کتنے چراغ بجھے ہوئے ہیں ان سب میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائے اور گھر آ کر ایک کالا کپڑا اوڑھ کر مور کے ایک پر پر ہلدی، حرمل، عود، کا سفوف ڈال کر کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی تمام جسم کو دے جب دھونی والا ختم ہو تو اس کالے کپڑے کو تہہ لگا کر قبرستان میں دفن کیا جائے اللہ کے حکم سے اولاد ہونے میں جو بھی رکاوٹیں ہونگی ان سب کا خاتمہ ہوگا۔ اس نقش کو گلے میں باندھا جائے اور نیچے فلیتے کی جسم کو دھونی دے

جلانے والا فلیتہ
ابلیس ھامان شداد قارون
فرعون نمرود قابیل ابوجہل
لعنۃ ملعونین سم سمھا ؤشم ھاء
شمھا ئیل ردکائیل دردائیل
مھکائیس شمیس سم

ن	م	و	م
و	م	م	ن
م	م	ن	و
ن	م	و	م

الموٴمن

د	ح	ا	و
ا	ح	و	د
و	ح	د	ا
د	ح	ا	و

الواحد

برج سنبلہ

پانچ کلو بڑا گوشت غریبوں میں تقسیم کیا جائے اور کسی بزرگ یا شہید کے مزار پر صرف پانچ چراغوں کو روشن اگر گھر سے کوئی چڑیا پکڑی جائے تو بہت بہتر ہے۔ وگرنہ ایک عدد چڑیا کو لا کر اس کو ذبح کیا جائے اور اسے اپنے بدن سے سات مرتبہ وار کر ایک ٹانگ کو کسی ویران جگہ مشرق کی طرف دفن کرے اور دوسری کو مغرب کی طرف سر کو شمال اور بقایا دھڑ کو جنوب کی طرف دفن کرے اور گھر آکر تازہ غسل کرے اور اس نقش کو گلے میں پہنے۔ پلیدی حالت میں اس نقش کو استعمال نہ کیا جائے۔

لا الہ الا اللہ

لا اله الا الله سبحان الخالق الرزاق
الخبير العلى الواسع الودود
المبدى الوالى المتعالى ذولجلال
والاكرام المغنى الضار الهادى

محمد رسول اللہ

برج میزان

تین کلو بڑا گوشت، تین کلو آٹا، تین کلو نمک ان سب کو کسی غریب کو صدقہ دیا جائے مزار پر تمام بجھے چراغوں کو روشن کیا جائے اور مشک، کافور، تخم حرمل، ان سب کو سفوف کی طرح بنا کر اس کی دھونی پورے جسم کو دی جائے۔ پھر برگ انار آم، اور مشک کو سرخ ریشمی کپڑے میں رکھ کر اپنے پورے جسم پر مل کر اسے مٹی کے پیالے میں رکھیں اور کہیں دور جا کر زمین میں دفن کریں اور گھر آکر غسل کیا جائے اور اس نقش کو زعفران سے بنا کر گلے میں باندھا جائے اور ایک کو چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پیا جائے اللہ کے حکم سے اولاد نہ ہونے والے اسباب کی روک تھام ہوگی۔ اور بچہ ضرور پیدا ہوگا۔

اللهم انى اسئلك يا لا اله الا انت سبحانك بحق
لا اله الا انت ترحمنى بلا اله الا انت اللهم انى
اسئلك يا لا اله الا انت بحق لا اله الا انت ترضىٰ عنى
بلا اله الا انت بحق بسم الله الرحمن الرحيم.

برج عقرب

تین کلو بڑا گوشت، تین کلو دھی، تین کلو دودھ، پھلیاں تین کلو ان سب اشیاء کو مریضہ اپنے پورے جسم پر مل کر کسی ضرورت مند کو دے اور اس صدقے کو دینے کے بعد تازہ غسل کرے اور غسل کسی طشت میں کرے غسل کا بچا ہوا پانی سبز گھاس، یا سرسبز درخت کی جڑ میں ڈال دے درخت چند دنوں کے اندر درخت سوکھ کر کانٹا بن جائیگا۔ یہی کامل علاج کی ضمانت ہے اس کے بعد اس نقش کو روزانہ اکیس دنوں تک تازہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور گلاب سے دھو کر پیئے اللہ صاحب اولاد کریگا۔

القہار
السميع الكريم
المنتقم
اسرافيل اسرافيل
الموخر
الحق الحى

برج قوس

پانچ کلو بڑا گوشت غریبوں میں تقسیم کیا جائے اور خود عود، برگ صندل، کافور، نیم، نجاست مرغ، خاک چوراستہ ان سب کا سفوف بنا کر مریضہ کے جسم کو دھونی دی جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھا جائے اور اکیس دنوں تک ایک نقش کو چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر شہد سے دھو کر پیا جائے اللہ کی رحمت ہوگی۔ گاہے بگاہے اس نقش کو سادے پانی میں ڈال کر اسی کا پانی پیا جائے بفضل خدا رحمت ہوگی۔

محمد محمد محمد
محمد محمد محمد
محمد محمد محمد
محمد محمد محمد
محمد محمد محمد
محمد محمد محمد
محمد محمد محمد

برج جدی

اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی اولاد بندی ان کے دشمنوں کی طرف سے ہوتی ہے۔ چونکہ مزاجاً طور پر اپنے یا غیر کے متعلق صحیح اندازہ نہیں لگا سکتی اس لئے ان پر ایسے بداعمال کروائے جاتے ہیں جس سے ان کے ہاں اگر اولاد پیدا نہ ہو تو یہ سمجھ لیں کہ ان کی اولاد بندی کی گئی ہے۔ اس کے علاج کیلئے بکری کے دم کے بال، حرمل و گوگل حسب مقدار ان اشیاء کو کوئلے پر رکھ کر کالا ریشمی کپڑا باندھ کر دھونی لی جائے اور جب دھونی مکمل ہو جائے تو اس کپڑے کو قبرستان میں دفن کر دیا جائے گھر آ کر تازہ غسل کیا جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے اپنی کمر میں باندھے اور ایک کو اکیس دنوں تک گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے۔ اللہ شفاء دیگا۔

الـــــقـــــدوس

بسم الله الرحمن الرحيم يا نور تحت النور يا نور السموات والارض يا جبار يا مجيب الدعوات يا قاضى الحاجات انک علی کل شیء قدیر یاالصمد یا القادر یا الظاهر یا الباطن یا المانع

برج دلو

اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین پر اولاد بندی والے اعمال ان ہی کے رشتے دار یا بہت ہی قریب رہنے والی خواتین کرواتی ہیں۔ جس سے اولاد پیدا نہیں ہوتی چار کلو بڑا گوشت، دس کلو آٹا، پانچ کلو چینی، ان سب کو غریبوں میں صدقہ دیا جائے اور انڈے کا چھلکا، صنوبر کی چھال، گلاب کے پھول کی سوکھی ہوئی پتیاں، گوگل، ان سب اشیاء کو آپس میں ملا کر کھرل کی مدد سے باریک سفوف کی شکل میں بنا کر کالا ریشمی کپڑا اوڑھ کر اپنے پورے جسم کو دھونی دی جائے اس عمل کو سات دنوں تک کرنا ہوگا۔ بعد سات روز کے اس کپڑے کو چوراہے پر رکھ کر گھر آ کر تازہ غسل کیا جائے اور اس نقش کو گلے میں پہنا جائے اور روزانہ چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پینا چاہئے۔ انشاء اللہ بداعمال کا اثر ختم ہوگا اور اولاد پیدا ہوگی۔

برج حوت

بذریعہ بداعمال و جادو ٹونے ان پر اکثر اثر دکھاتے ہیں جس سے مغلوب ہوتے ہوئے کئی قسم کی کیفیات کے ساتھ خواتین اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہتیں ایک کلو دودھ، ایک کلو دھی، ایک کلو چینی، ایک کلو نمک، پانچ گز سفید ریشمی کپڑا ان سب اشیاء کو کسی غریب کو صدقہ دیا جائے۔ اور ایک عدد چڑیا کو اپنے پورے جسم کے ساتھ مل کر اسے ذبح کیا جائے اور اس کی دونوں ٹانگوں کو دھکتے ہوئے کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی لی جائے۔ سر کو اپنے گھر کے صحن میں دفن کیا جائے اور باقی جسم کے حصے کو چلتے دریا یا نہر کے کنارے دفن کر کے اس کے اوپر غسل کرے اور خود اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور صبح نہار منہ اسی نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر مصری کے شربت سے دھو کر پیئے۔ اس علاج کو شروع کرنے سے پہلے سات دنوں تک اس نقش کو لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر اسے مچھلیوں کو ڈالے پھر تمام علاج کو کرے بفضل خدا اولاد پیدا ہوگی۔ اور اولاد بندی والے تمام بداعمال کا اثر باطل ہوگا۔ انشاء اللہ

یہ صرف خواتین کے روحانی علاج ہیں۔

خواتین یہاں ان اعمال اور صدقہ جات کو بالکل ٹھیک طرح سے آزمانا چاہتی ہیں۔ وہ یہ بات ضرور یاد رکھیں کہ ان سب اعمال و صدقہ جات کا تعلق روحانیت سے ہے۔ جیسا آج کل ڈاکٹر حضرات چیک اپ کرتے ہیں اور کافی حد تک گائیڈ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح خواتین سب سے پہلے اپنا اور اپنے شوہر کا اچھی طرح ٹیسٹ کروائیں اور دیکھیں کہ کہیں ڈاکٹری یا حکیمی مرض نہ ہو جس سے بچہ پیدا نہ ہوتا ہو۔ کیونکہ بعض اوقات صرف مرد یا عورت یا دونوں کے بچہ پیدا کرنے والے جراثیم ہی مر جاتے ہیں۔ جس سے حمل نہیں ٹھہرتا اگر کوئی ایسی وجہ ہوئی تو ہوسکتا ہے۔ کہ یہاں لکھے گئے اعمال اپنا صحیح اثر نہ دکھائیں اور اگر ڈاکٹری رپورٹیں بالکل درست ہوں اور کوئی وجہ سامنے نہ آ رہی ہو تو ان اعمال میں سے جیسے جیسے طریقہ کار لکھے ہیں۔ کریں اللہ کے حکم سے روحانی معاملات میں مکمل راہنمائی اور مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

ارواح سفلیہ اور دیگر مخفی مخلوقات کے نقصان نقصانات جو تعویذ گنڈوں سے زیادہ پُر اثر اور طاقتور ہوتے ہیں۔ (حصہ اول)

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ اگر مسلسل بہت بڑے نقصانات یا ایسی مشکلات اچانک آجاتی ہوں جن سے اکثر ہی پالا پڑتا ہو اس میں نقوش وتعویذ گنڈوں کا زیادہ استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ ایسا وہی عامل کرتا ہے جو مختلف ہندی، بنگالی، عبرانی، سریانی، قیناوی، حوزی، بربادی، فراعنہ مصر اور اس سے ملنے جلنے والی کلام کے زیر تسخیر مخلوق سے اپنا ایک رابطہ طے کر کے ان سے ایسے عجیب عجیب سے کام لیتے ہیں جنہیں انسان کا دماغ قبول نہیں کرتا جب کہ سچ میں ایسا سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے۔ یہ سب کیوں ہوتا ہے اور کون کون سی مخلوق کیا کیا کر سکتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس مخلوق کو کس درجے کی طاقت عطا کی ہوئی ہے۔ جس سے اس طاقت کا ناجائز استعمال کر کے عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ پریشانیوں و مصیبتوں میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ ارواح خبیثہ میں ایسی مخلوق ہوتی ہے۔ جو کسی کے گھر یا مکان دکان میں اپنی رہائش بنا لیتے ہیں۔ یہ مخلوق گھر کے تمام افراد پر اپنا قبضہ جما کر انہیں مغلوب کر دیتی ہے جس سے اس گھر کے رہنے والے افراد کسی نہ کسی اذیت اور تکلیف میں اکثر مبتلا رہتے ہیں جس کی کوئی بھی واضح نشانی نظر نہیں آتی اور سوائے زبردست عامل کے یہ مخلوق کسی کو نظر نہیں آتی ایسا وہی عامل کر سکتا ہے۔ جو تعویذ گنڈوں کے بغیر اس مخلوق کے ذریعے گھر میں اپنی حکومت کرتا ہے اور جب تک اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے تو کسی بھی طریقے سے شفاء نہیں ہوتی اور یہ مخلوق اپنے بد اثرات سے گھر کے کھانے وپینے والی اشیاء کو پاخانے کی شکل میں بنا دیتی ہے۔ اور گھر سے ہر وقت عجیب سی گندی بدبو آتی رہتی ہے گھر کے سامان کا نقصان کرنا اور آگ سے جلنے والی اشیاء کو جلا کر بیکار کر دینا بھی اسی مخلوق سے منسوب ہے اور جب تک اس کا صحیح اور کامل علاج نہ کیا جائے تو یہ مخلوق آہستہ آہستہ اس گھر میں اپنا ایک پکا بسیرا بنا لیتی ہے۔ اور یہ سلسلہ ساری زندگی ہی چلتا رہتا ہے۔ ایسے عاملین کا شمار کتاب کے موضوع کے برابر صفحہ اول پر ہے یعنی پہلے درجے کا عامل اس کے ساتھ آگے آگے کونسا عامل کس نوعیت کا عامل ہے اور اس کے زیر سایہ رہنے والی مخلوق کونسے کام انجام دیتی ہے واضح کیا جائیگا

یہاں عاملین کے کل چار درجے لکھے گئے ہیں۔ جو اپنی کلام کے بل بوتے پر ایسی مخلوق کو اپنا تابعدار و فرمانبردار بنا کر ان سے کام لیتے ہیں۔ جو دنیاوی کسی بھی کام کو کرنے پر معمور ہوتے ہیں۔ اور کسی بھی انسان کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے اپنا کام کر کے چلے جاتے ہیں اس کے علاوہ اور بھی سے عاملین ہیں جن کا احاطہ کرنا یہاں مشکل ہے۔ لیکن یہاں ہر کوئی بتائے گئے عاملین کے درجات کو بخوبی جان سکتا ہے کہ کون سا عامل کس نوعیت کا ہے اور اپنی کلام کے سر پر کیا کر سکتا ہے اس مخلوق کے ذمے دنیا داری کے کاموں سے متعلق عاملین ڈیوٹیاں لگاتے ہیں جس کا اگر صحیح توڑ یا علاج نہ کیا جائے تو نقصان در نقصان ہونا پھر مقدر بن جاتا ہے۔ اور ہاتھ کچھ بھی نہیں آتا مثلاً دو پیار کرنے والے میاں بیوی کو جدا کر دینا بیوی کو مرد سے ایسی نفرت دلوانا جس سے اس کا دل ہم بستری کو نہیں کرتا خاوند اپنی بیوی کو قطعاً اچھا نہیں سمجھتا اور نہ ہی بیوی اپنے مرد کی کوئی پرواہ کرتی ہے۔ میاں بیوی دونوں کو ایک دوسرے کے حق میں متنفر کر دینا جس سے گھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے گھر میں اپنی جگہ رکھی اشیاء کو ادھر ادھر کر دینا تا کہ ہر کوئی عجیب سا خوف محسوس کرے گھر دکان انسان کے جسم پر خون کے چھینٹے ڈالنا جس سے ہر کوئی نا انجانی دہشت میں مبتلا ہو جائے اور کئی ایسے عملیات جو ایک عام انسان کو حیرت میں مبتلا کر سکتے ہیں کہ ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔ جب کہ ایسا حقیقت میں ہو رہا ہوتا ہے۔ اور اگر ان کا بروقت کا علاج نہ کیا جائے تو یہ امراض لاعلاج بن جاتے ہیں۔ اگر کوئی فرد یہاں لکھی باتوں کے برابر ایسے کسی شیطان صفت عامل کی لپیٹ میں بری طرح پھنس چکا ہو تو وہ اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات والے دن پیپل کے بڑے سے پتے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگا دے۔ اگر یہی سلسلہ طول پکڑ چکا ہو تو اسی نقش کو ایک عدد پیپل کے پتے پر بتائے گئے طریقے سے لکھے اور اس کو پانی میں ڈال کر اس کے چھینٹے پورے گھر میں لگائے۔ اس عمل کی بدولت اس درجے کے عامل کی مخلوق کا بد اثر باطل ہوگا۔

الاول الاخر

ناد علیا مظهر العجائب تجده عونا لک فی
النوائب کل هم و غم سینجلی بعظمتک یا الله
وبنبوتک یا رسول الله وبولایتک یا علی یا علی
یا علی وبحق ذو الجلال و الاکرام.

ارواح سفلیہ کے مخفی نقصانات

حصہ دوم

بعض عاملین ارواح سفلیہ کی عزیمات یا مختلف کلام پڑھ کر اس مخلوق کو اپنے پاس حاضر کرتے ہیں۔ جس سے وہ ان امورات میں با آسانی کام لے سکتے ہیں۔ چونکہ یہ مخلوق اس قسم کے ہی کام کرتی ہے۔ لہذا اس کو پڑھا جائے اور خود دیکھا جائے کہ آج کے انسان میں اس مخلوق کے زیر رہنے والی کون کون سی نشانیاں پائی جاتی ہیں۔ یہ مخلوق اچھے بھلے ہنسی خوشی رہنے والے افراد کے درمیان پھوٹ ڈلوا سکتی ہے جس سے وہ افراد اس اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے ہر وقت لڑتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کی جان لینے سے بھی دریغ نہیں کرتے یہی مخلوق کسی فرد کے جسم کے حصے کو بیکار کر دیتی ہے جس سے اس فرد کا وہ حصہ متاثر ہو کر شل ہو جاتا ہے یا اس پر کوئی زخم نمودار ہو کر آہستہ آہستہ کینسر کی شکل اپنا لیتا ہے۔ اور کوئی بھی ڈاکٹری و حکیمی طریقہ کار اپنا اثر نہیں دکھاتا بعض اوقات یہی مخلوق کسی فرد کو ایسی جسمانی بیماری اور تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے۔ جس سے ہر وقت پورے جسم میں عجیب سا درد ہوتا رہتا ہے اور کوئی بھی علاج اپنا اثر نہیں کرتا اگر ایسے روحانی امراض میں مبتلا افراد کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو ہلاکت و موت بھی ہو سکتی ہے یا اگر مریض مرتا نہیں ہے تو اللہ سے مر جانے کی دعا کرتا ہے پاس رہنے والے افراد اس مریض سے کوفت کھاتے ہیں اور اس سے ملنا پسند نہیں کرتے اپنے پرائے بن جاتے ہیں کیونکہ اس قسم کی مخلوق کسی بھی انسان کے جسم کے اندر گھسنے کی طاقت رکھتی ہے۔ اور جسم کے اندر داخل ہو کر کسی بھی انسان کو نقصان اور تکالیف سے دوچار کر سکتی ہے۔ اور تب تک یہ اس مریض کا جسم نہیں چھوڑتی جب تک صحیح عامل اسے حاضر کر کے اسی سے اس کے واپس جان کا طریقہ کار نہ پوچھے ایسی مخلوق کی کاٹ صرف اور صرف نورانی کلام پاک کی کلام کا عامل یا کسی درجے پر پہنچا ہوا عامل ہی کر سکتا ہے۔ یا وہ عامل جس نے اس مخلوق کو بھیجا ہوتا ہے۔ وہی اس کی کاٹ اور اس کو واپس بلانے اور کسی جگہ بھیجنے کا ہنر جانتا ہے۔ ایسے عاملین سے ایسے افراد اس قسم کے اعمال کرواتے ہیں جن کو کسی نہ کسی بات کا کوئی مفاد ہو اور اکثر جو دیکھنے میں واضح علامات آئی ہیں وہ یہی ہوتی ہیں کہ کسی نے کسی کے روپے

مارنے ہوتے ہیں ناجائز طور پر رشتہ مانگنا ہوتا ہے۔ اپنے نفس امارہ کو سکون پہنچانا ہوتا ہے۔ یا حسد و بغض سے ایسے اعمال کروائے جاتے ہیں اگر کوئی اس قسم کی ارواح سفلیہ کے چنگل میں پھنس گیا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے ایک عدد جمعرات والے دن لکھ کر گلے میں باندھے اور ایک کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے اکیس روز عمل کرے۔

الظاهر الباطن

بسم الله الرحمن الرحیم.
لا اله الا الله محمد رسول الله لا اله الا الله
فی کل شان و زمان لا اله الا الله یوم هو فی
شان لا اله الا الله محمد رسول الله.

ارواح سفلیہ کے مخفی نقصانات

حصہ سوم

اس طبقے سے تعلق رکھنے والی ارواح سفلیہ خاص طور سے عورت ذات سے زیادہ منسوب ہوتی ہے اور عاملین اس مخلوق سے کام بھی اس قسم کے لیتے ہیں جس سے کسی عورت سے کوئی مفاد پورا کروانا ہو اسے اذیت و تکلیف میں مبتلا کرنا ہو اس کا دل گھر بچے خاوند اور عزیز و اقارب سے اچاٹ کروانا ہو ایسا عمل جب کیا جاتا ہے اور جس کی تسخیر میں یہ مخلوق ہوتی ہے۔ وہ اس عورت کے جسم میں حلول ہو کر نازیبا حرکات کرتی ہے جس سے وہ تو کسی کو نظر نہیں آتی البتہ وہ عورت ضرور نظر آ رہی ہوتی ہے جس پر اس عمل کو کیا جاتا ہے۔ وہ عورت اپنے کپڑے پھاڑ دیتی ہے اپنے خاوند کو گندی گالیاں نکالتی ہے اپنے بچوں کو بھی نہیں پہچانتی گھر سے باہر بلا وجہ بھاگ جاتی ہے۔ ایسی حرکات سے اس کے خاوند اور بچوں پر اس وقت کیا گزرتی ہے یہ وہی بتا سکتے ہیں۔ لیکن اس عورت کو ایسا کرنے سے سکون حاصل ہوتا ہے۔ جب کہ ایسی حرکات کرنے میں اس کا کوئی بھی قصور نہیں ہوتا بلکہ وہ اس مخلوق کے ہاتھوں خود پریشان ہوتی ہے۔ اور اس سے جان چھڑوانا چاہتی ہے۔ لیکن مختلف آستانوں پر بھی اس کا علاج نہیں ہو سکتا خاوند سے

نفرت کرنا اونچی آواز میں قہقہے لگا کر ہنسنا پاگلوں جیسی حرکات کرنا گھر کی اشیاء کا نقصان کرنا اور ایسی نازیبا حرکات کرنا سے خاوند اس عورت سے علیحدگی اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ گھر کا سارا نظام ایک پل میں درہم برہم ہو جاتا ہے۔ اور جس عزیز یا رشتہ دار نے ایسا علم کروایا ہوتا ہے وہ خود اپنی آنکھوں سے اپنا متعلقہ مقصد دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اور اس عامل کو خوش کرتا ہے جو ایسے کام کر کے دکھا دیتا ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے شادی شدہ خواتین پانچ وقت کی نمازی پرہیزگار خواتین کو اپنے کپڑے پھاڑتے اور خاوند سے بدتمیزی کرتے ہوئے دیکھا ہے اور جن باتوں کو یہاں بیان کر رہا ہوں یہ سب میری اپنی آنکھوں دیکھی ہیں۔ چونکہ شوہر کا دل کبھی ہم بستری پر بھی کرتا ہے تو اس عمل کے زیر رہنے والی عورت اپنے خاوند سے ہرگز ہم بستری نہیں کرتی جس سے خاوند اسے چھوڑنے کا ارادہ کرتا ہے۔ اور ایسی کئی وجوہات اچانک بن جاتی ہیں جس سے اکثر حالات میں شوہر علیحدہ ہو ہی جاتا ہے۔ اگر کوئی اس قباحت کے زیر مسلسل ہی آتا ہو یا اس پر بتائی جانے والی نشانیوں سے کوئی نشانی ملتی ہو تو وہ اس نقش کو سفید مرغ کے دل کے خون سے لکھے اور اکیس دنوں تک اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اللہ کے حکم سے اس سفلی روح کو واپس جانا ہوگا۔ جہاں سے وہ آئی ہوگی۔ کیونکہ اس عمل سے اس کا وجود جلے گا۔ اور یہ عمل اسے تکلیف دے گا جسے وہ برداشت نہیں کر سکے گی۔

ذو الجلال والاکرام

بسم اللہ الرحمن الرحیم.
یا مسبب الاسباب و یا مفتح الابواب و یا مقلب القلوب و یا خالق الابصار و یا دلیل المتحیرین ارشدنی و یا غیاث المستغثین اغثنی توکلت علیک یا رب افوض امری الیک لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل

ارواح سفلیہ کے مخفی نقصانات

حصہ چہارم

یہ سفلی ارواح کاروبار، نکاح، رشتے، رزق، روزی، سونا مٹی بن جانا، خوش قسمتی بد قسمتی میں بدل جانا، اپنے غیر بن جانا، اچانک بیمایوں مشکلات و مصائب میں مبتلا ہو جانا، اولاد کا پڑھائی میں دل نہ لگنا، کاروباری مقام سے بھاگ جانے کو دل کرنا، والدین سے بدتمیزی کرنا، اور اس قسم کے جتنے اور بھی قباحت والے اعمال ہیں وہ اس نوعیت کی مخلوق سے منسوب ہیں۔ ایسے اعمال کو بھی مفاد پرست انسان عزیز و اقارب میں سے کوئی کرواتا ہے جس سے نقصان در نقصان ہوتے چلے جاتے ہیں۔ نماز روزے اور کسی بھی نیکی کا کوئی بھی اثر نہیں ہوتا اور انسان بے چارہ توبہ استغفار اللہ رب العزت کی کامل رحمت پر شک کرنے لگتا ہے۔ جب کہ اللہ رب العزت تو خود انسان سے اتنا پیار کرتا ہے جتنا اس کی والدہ بھی نہ کرتی ہوگی تو اتنی پیاری ہستی کسی کو کیونکر نقصان میں مبتلا کرے گی۔ لیکن حالات ایسے پیدا ہو جاتے ہیں جس سے انسان کالے علم اور سفلی اعمال کے عاملین کے در کے چکر لگاتا ہوا ایسے کئی جھوٹے اعمال خود اپنے ہاتھ سے اس قباحت سے نکلنے کیلئے کرتا ہے۔ جس کا ایک رتی بھی اثر نہیں ہوتا اس صورت میں اس نقش کو گلے میں باندھا جائے اور گلاب کے عرق سے دھو کر پیا جائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

الحافظ الحفیظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم.
یا اللہ یا سمیع یا علیم یا سریع الحساب و یا واسع یا عدل یا علی یا عظیم یا متعالی یا عزیز یا غفور یا فعال لما یرید یا رافع یا معید یا مانع یا نافع یا جامع یا بدیع السموات والارض.

گھر یا دکان سے نقوش ملیں

اگر کسی کے گھر، دکان، جیب، دیوار، چوکھٹ کے نیچے، بیٹھنے والی جگہ کے نیچے یا کسی بھی جگہ سے غیر محالہ طور پر کوئی نقش برآمد ہو جس کا سو فیصد مقصد نقصان پہنچانا یا کسی مقصد میں جائز یا ناجائز طور پر کامیاب ہونے سے ہوتا ہے۔ اور ایسے حالات میں اگر ان کا صحیح طریقے سے توڑ یا اپاؤ نہ کیا جائے تو یہ نقصان پہنچاتے ہوئے گھر میں ناجائز فتنہ و فساد قائم کر دیتے ہیں۔ اس کے کامل حل اور ان برآمد شدہ نقوش کے مخفی منفی اثرات کو باطل کرنے کیلئے تھوڑے سے آٹے کا ایک پیڑا بنائے اور اپنے دونوں انگوٹھوں کی مدد سے درمیان میں ایک گڑھا بنائے اور اس گڑھے میں سورۃ فلق و ناس دونوں کو دو سو مرتبہ یعنی ایک ایک تسبیح بنے گی۔ پڑھ کر دم کرے اور اس کے اندر اس برآمد نقش ہڈی یا جو بھی گھر یا دکان سے عجیب شے برآمد ہو اس کے اندر رکھ کر لکڑی کا ایک چوکور ٹکڑا لے اس پر چھوٹے چھوٹے حروف میں سورۃ فلق و ناس کو ایک ایک مرتبہ لکھے اور اس پر پیڑے کو رکھ کر اس کو دریا میں بہادے یا نہر میں چلتا ہوا پانی ضرور ہونا چاہئے بعد اس عمل کے وہیں سے اتنا پانی کسی شے میں بھر کر لائے جو سات دنوں تک استعمال کیا جا سکے اس پانی کو مٹی کے ایک گھڑے میں ڈال کر مٹی کے کورے سکورے پر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور اس مٹی کے گھڑے کے اندر ڈال کر سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس پانی کے چھینٹے اپنے پورے گھر میں لگائے اس عمل کی بدولت ہمیشہ کیلئے اس منفی عمل کے اثرات باطل ہو جائیں گے۔ جو کسی نے کروایا ہوگا۔ اگر اسی عمل کو گھر میں رحمت و برکت حاصل ہونے اور جادو ٹونے سے محفوظ رہنے کیلئے کیا جائے تو بھی اس کے اثرات سے جادو ٹونہ اور مخفی منفی اعمال کا اثر ہمیشہ کیلئے باطل ہو جاتا ہے۔

الوجود

موجود

خاتمہ نا انجانا ڈر و خوف

بعض حالات میں ایسا ہوتا ہے۔ کہ بچے بڑے والدین چھوٹے کیا بڑے کیا اچانک ہی کسی نہ کسی انجانے ڈر و خوف کو محسوس کرتے ہیں جیسے ان کے ارد گرد کوئی رہتا ہے یا کوئی ان کے گھر میں سایہ نما شے چھوٹے بچوں کو اکثر دکھائی دیتی ہے۔ بعض اوقات بڑوں کو بھی ایسی اشیاء نظر آتی ہیں۔ جو پہلے دیکھی نہیں ہوتیں یا ان کا تصور ہی نہیں بنا ہوتا اس سے طبیعت خراب رہنے لگتی ہے۔ بچوں کو بخار ہو جاتا ہے۔ کوئی رات کو اپنے ہی گھر کے دوسرے کمروں میں نہیں جاتا کیونکہ ڈر و خوف سے وہ بالکل خائف ہو چکے ہوتے ہیں۔ یا بعض اوقات کوئی اپنا ہی ایسا جادو کروا دیتا ہے۔ جس سے کسی کے گھر میں ایک سایہ نما شے کو عامل مسلط کر دیتا ہے۔ جس کا کام گھر کے افراد کو ڈرانا اور ان کے ذہنوں کو اسی ڈر و خوف کے سایہ تلے رکھنا ہوتا ہے۔ کہیں رکھی ہوئی شے کسی دوسری جگہ ملتی ہے۔ اشیاء بکھر جاتی ہیں۔ روپے بالکل ایسی جگہ رکھے جاتے ہیں جہاں اس بات کا مکمل یقین ہوتا ہے۔ کہ فلاں آدمی بھول نہیں سکتا لیکن اس کو وہاں رکھی ہوئی شے نہیں ملتی بلکہ کسی اور جگہ سے ملتی ہے۔ اس قسم کی حرکات اکثر شروع ہی ہو جاتی ہیں بعض اوقات انسان سوتے میں اس قسم کا ڈر جاتا ہے کہ دل کی دھڑکن تیز چلتی ہے۔ آنکھوں کے گرد اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اور ہاتھوں کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں۔ منہ سوکھ جاتا ہے اور عجیب سے کیفیت بن جاتی ہے۔ اگر اس عمل کا بھی صحیح توڑ یا علاج نہ کیا جائے تو بات بڑھتے بڑھتے بہت دور تک نکل جاتی ہے۔ اور نقصان زیادہ ہوتے ہیں۔ اس کے کامل علاج اور مستقل حل کیلئے اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات کالے سیاہ مرغ کے دل کے خون سے ایک مرتبہ لکھا جائے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اپنے گھر میں چوکھٹ کے اوپر اس طریقے سے لگایا جائے کہ ہوا سے ہلتا رہے اور کئی نقوش کو کسی بھی سیاہی یا خصوصاً زعفران سے اتنی تعداد میں بنایا جائے جتنے گھر کے افراد ہوں پاک و صاف چمڑے میں رکھوا کر انہیں اپنے گلے میں باندھا جائے یا اپنے سیدھے بازو پر اس عمل کی بدولت اللہ کے حکم سے نا انجانا ڈر و خوف ختم ہوگا۔ اور جو بھی بد عمل کیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ

ماشاء اللہ

ماشاء اللہ	عحھحھع سبحان اللہ جھحھحھ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم جھحھحھ ماشاء اللہ عحھحھع	ماشاء اللہ	جھحھحھ ماشاء اللہ عحھحھع اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم عحھحھع سبحان اللہ جھحھحھ	ماشاء اللہ

ماشاء اللہ

کس مرد وعورت پر کس طرح کا جادو ہے؟ انڈے سے جادو کی اشیاء برآمدگی، کپڑا اجھاڑنے سے جادوئی اشیاء کا گرنا

اس عمل کا عامل بننا پڑتا ہے۔ اگر کوئی اس عمل کا عامل بن جائے تو وہ کسی کو بھی بذریعہ انڈہ اس کی آنکھوں سے دکھا سکتا ہے کہ اس پر جادو کرنے والے کا نام کیا ہے؟ وہ کہاں رہتا ہے؟ اپنا ہے یا غیر؟ اس کا خلیہ؟ اور اس کا صحیح نام و پتہ؟ غرض کہ جس کسی نے جادو کروایا ہوگا اس کا سب کچھ معلوم ہوگا اور جہاں بھی جادو کی اشیاء دفن کی ہونگی وہ انڈے سے برآمد ہونگی۔ عمل نہایت ہی آسان ہے اگر سمجھا جائے اگر سمجھ میں نہ آئے تو یہ مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے بروز نوچندی جمعرات والے دن سے اس عمل کا آغاز کیا جائے پاؤ شکر، دس روپے کے بتاشے، دس روپے کی سرخ دال، سات انڈے، سات لڈو، ایک گلاب کے پھولوں کا ہار، ایک عدد میٹھا پان، سات لونگ ٹوپی والے، دس روپے چاولوں کا ٹوٹا، ان سب اشیاء کو کسی سرخ ریشمی کپڑے میں رکھ کر قبرستان میں ایسی جگہ اس کپڑے کو کھول کر رکھ آئے جہاں کیڑے مکوڑے ہوں اس دن رات دس بجے سفید لباس جو خوشبو سے معطر کیا ہو پہنا جائے لباس کو پہلے اپنے ہاتھوں سے

دھونا چاہئے عورت ذات کے ہاتھ سے کپڑے نہیں دھلوانے چاہئیں مصلے پر بیٹھ کر پاس سادہ پانی رکھا جائے اور صرف اس منتر کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جانا چاہئے۔ (جاگ جاگ سوئے ہوئے جاگ) یہ منتر پڑھا جائیگا پھر اس سے اگلے روز اور جب تک کیفیات کا ظہور شروع نہ ہو تب تک اسی منتر کا جاپ کیا جائے اور خود سارا دن اور ہر وقت اس عمل کو کیا جائے اگر روٹی کھائی جائے تو کھانے سے پہلے کہا جائے کہ آؤ میرے ساتھ روٹی کھاؤ، پانی پیا جائے تو کہا جائے کہ میرے ساتھ پانی پیو، کپڑے پہنے جائیں تب بھی کہا جائے کہ آؤ میرے ساتھ کپڑے پہنو، غسل خانے جا کر پیشاب کرنا ہو یا خانہ کرنا غسل کرنا ہو نہانا ہو یہی کہا جائے کہ آؤ میرے ساتھ نہاؤ غرض کہ کوئی بھی کام کرنے سے پہلے اس لفظ کو صرف ایک مرتبہ دھرایا جائے کہ آؤ میرے ساتھ فلاں کام کرو اس عمل کی بدولت عجیب کیفیات کا ظہور ہوگا۔ جس سے اگر اللہ کی عبادت کرنے والے فرد کا باطن وسیع ہو چکا ہوگا۔ تو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھے گا۔ اور اگر کوئی اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکے گا تو اس کے کانوں میں آواز آئیگی۔ جس وقت یہ سلسلہ شروع ہو جائے تو آپ کی اس عمل کی کامیابی ہوگئی ہے۔ اب اگر کوئی مریض ہو تو اس کو کہا جائے کہ ایک عدد انڈا خود اپنے ہاتھوں سے کہیں سے بھی لائے وہ انڈہ لائے اس انڈے کے گرد چھری سے حصار کر کے اس مریض کا تصور باندھ کر اس منتر کو ایک تسبیح پڑھا جائے اور اسے توڑا جائے اس انڈے سے وہی اشیاء نکلیں گی۔ جس سے مریض کو کسی مرض، مشکل، مصیبت، یا کسی بھی اذیت میں مبتلا کیا ہوگا۔ اگر کوئی بذریعہ انڈہ حاضرات نہ بھی کرنا چاہے تو جو آواز کانوں میں پڑے یا کوئی سامنے آئے اس سے بذریعہ کپڑا اجھاڑ کر جادوئی اشیاء کی برآمدگی کا اقرار کر لیا جائے اس سے مریض کے جسم کا پہنا ہوا کپڑا اس کے سامنے جھاڑا جائے تو جادوئی اشیاء جھڑنا شروع ہونگی۔ اس عمل کے کئی فائدے ہیں اگر کوئی شفاء کیلئے اسی کتاب میں سے کوئی نقش لکھ کر دینا ہو تو اس عمل کی مدد سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔

تشخیص جادو، روحانی، جسمانی امراض وغیرہ

اس جدول میں سے نام مریض مع والدہ نکال کر ان اعداد کو آپس میں جمع کر کے بارہ پر تقسیم کیا جائے جو عدد باقی بچے اسے مریض کا برج سمجھ کر آگے دیکھا جائے کہ اس مریض پر کس نوعیت کا جادو ہے۔ اور اس کی کیا وجہ ہے جس سے وہ اس مرض میں مبتلا ہے۔ اور ایسا کون سا مرد و عورت ہے۔ جو ان سے حسد رکھتے ہوئے انہیں اس مرض میں مبتلا کرتا ہے اور نئی نئی اذیتیں اور تکالیف میں مبتلا کرتا ہے۔ اس حساب سے جادو، ٹونہ، نکاح و رشتہ بندی، رزق بندی، شہوت بندی، اور اس قسم کی کئی ایسی وجوہات کے متعلق صرف ایک نقطے کو ڈھونڈنا ہوگا۔ کیونکہ اگر اسی حساب کی تشریح کی جائے تو اس کتاب کا حجم اتنا بڑھ جائیگا جس سے کتاب کا اصل موضوع فوت ہو جانے کا اندیشہ رہیگا۔ اس لئے جو کوئی بھی اس حساب سے مستفید ہونا چاہے تو وہ اپنے متعلقہ سوال کا جواب ڈھونڈے۔ نا کہ تمام باتوں کو ڈھونڈے اپنے متعلق یا کسی دوسرے کیلئے یہ دیکھنا ہو کہ فلاں کو کس بات کی پریشانی ہے یا اس کا مرض، مشکلات، بیماریاں یا دیگر مصائب اللہ کی طرف سے ہیں۔ یا انہیں ان مشکلات یا مصائب میں دھکیلا جا رہا ہے۔ بغض و حسد کی بنیاد پر ایسے بد اعمال کئے جاتے ہیں۔ جو اگر پرانے ہو جائیں تو لاعلاج بن جاتے ہیں۔

جدول اعداد

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸

برج حمل

(۱) اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد کو زندگی میں تین سال ایسے آتے ہیں جو ان کیلئے (نہایت ہی گردش والے ہوتے ہیں دنیاوی تمام نظام دھرم بھرم ہو جاتا ہے۔ نقصان ہوتے ہیں یہ قدرتی طور پر واقع ہوتا ہے۔ اس کا تعلق جادو ٹونے سے نہیں ہے۔ اس دوران یہ بہت سخت بیمار بھی ہو سکتے ہیں جس سے دیکھنے والا یہی سمجھتا ہے۔ کہ یہ زندہ نہیں بچے گا۔ ایسے حالات میں کسی جاندار شے کا صدقہ دیا جائے ان کی یہ گردش ٹل جائیگی۔ بذریعہ جادو یا انہیں کسی ایسی تکلیف میں مبتلا کرنے والے کا تعلق ان ہی کے گھر سے کسی فرد کا ہے۔ یا ان کا کوئی بہت قریبی دوست یا مرد و عورت ہے جس نے کسی مفاد کو حاصل کرنے کیلئے عمل کروایا ہے جس کا غلبہ ہفتے والے دن بہت زیادہ ہوتا ہے۔ یہ کسی کی آواز نہیں سنتا۔ سنتی بظاہر کہنے والا یہی سمجھ رہا ہوتا ہے۔ کہ یہ ہماری باتیں سن رہا۔ رہی ہے لیکن اس کا دماغ کہیں اور پہنچا ہوتا ہے۔ نیند کی حالت میں بیہودہ اور گندی باتیں کرتا۔ کرتی ہے۔ بعض اوقات کسی بھی بات کا صحیح جواب نہیں دیا جاتا کیونکہ جادو یا بد عمل کا زیادہ غلبہ دماغ پر رہتا ہے۔ اچانک رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ اگر اس کا صحیح اور بروقت علاج نہ کیا جائے تو بیماری طول پکڑتی ہوئی لمبی ہو جاتی ہیں۔ اور کئی جگہ جا جا کر بھی شفاء نہیں ہوتی بدن میں گرمائش زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ ہونٹ سوکھ جاتے ہیں اور اکثر خشک رہتے ہیں۔ دل ڈوبنا شروع ہو جاتا ہے۔ سینے میں درد ہوتا ہے۔ بعض اوقات ہاتھ پیر اور جسم کے دیگر حصے سیاہ ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاج کیلئے اس نقش کو بروز نوچندے منگل والے دن بوقت صبح اگر مرد ہو تو چڑے کے خون سے لکھا جائے اور اگر مریضہ یا کاروباری و دیگر مشکلات میں کوئی عورت مبتلا ہو تو چڑیا کے خون سے اس نقش کو لکھا جائے۔ اور سیاہ چمڑے میں رکھوا کر اسے گلے میں باندھا جائے اور روزانہ اکیس دنوں تک اسی نقش کو تازہ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اسی دن پی کر ختم کیا جائے اور اگلے دن پھر نیا نقش لکھ کر اسے پیا جائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ نقش آگے لکھا ہے اور نیچے ایک فلیتہ بنا ہوا ہے اس فلیتے کو روزانہ اپنے جسم سے مل کر جلائے اور اس کی دھونی جسم کو دے۔

لمح روث ازوج مفرححا

لا الـــــہ الا الـــــلـــــہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم. یا معشر الجن والانس ان استعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان اللھم احفظ صاحب الکتاب من کل آفة دعاھة ولامة ومن شر کل شیطان و شیطانة وجنی و جنیة و غول و غول و ساحر و ساحرة و کاھن و کاھنة اعوذ بکلمات اللہ التامات کلھا من اسماء التامة مھھھہ سححححة ١١٠٩٦٦٦ .....فلان بن فلان

محـــمـــد رســـول الـــلـــہ

برج ثور

(۲) اس برج سے تعلق رکھنے والے مریض یا کاروباری مشکلات میں مبتلا مرد وخواتین کو اوران کے گھر والوں بچوں بڑوں تقریباً سبھی کو خوفناک قسم کی شکلیں نظر آتی ہیں۔ اور عجیب اشیاء گھر سے پائی جاتی ہیں۔ جو جادوئی معلوم ہوتی ہیں۔ اس سے گھر میں رہنے والے افراد نئی نئی تکالیف مصائب کاروبار بند کنواری لڑکیوں کے رشتے بند والی نشانیاں واضح معلوم ہوتی ہیں۔ اس برج سے منسوب مریض کی ہڈیوں میں درد ہوتا رہتا ہے۔ جسم میں عجیب سی دردیں ہوتی ہیں ان پر مرگی اور دیوانگی کی سی حالت بھی طاری ہوجاتی ہے۔ نیند نہیں آتی اور مریض جاگتا رہتا ہے۔ منہ اور ہونٹ خشک رہتے ہیں صفرا کا غلبہ زیادہ رہتا ہے۔ کبھی کبھی تپ ولرزے والا بخار بھی ہوجاتا ہے۔ کبھی گلے میں درد اٹھتا ہے اور آنکھیں ایک طرف کو پھر جاتی ہیں۔ عجیب اقسام کی اشیاء نظر آتی رہتی ہیں۔ ایسی حالت بعض اوقات ایسے بھی ہوجاتی ہے جیسے کسی کو بچپن میں ہی اس قسم کی نظر کی شکایت ہو جس سے اس قسم کی بیماریاں دکھ ومصیبتیں اپنا غلبہ دکھاتی رہتی ہیں۔ ان مرد وخواتین کو زرد آنکھوں والے مرد وخواتین سے بچنا چاہئے کیونکہ ایسے افراد ان سے بیر ودشمنی رکھتے ہیں۔ اور مختلف عاملین سے بداعمال کرواتے ہیں۔ جس سے ان کے گھروں میں اس قسم کی بیماریوں کا غلبہ رہتا ہے۔ اس کے مکمل علاج کیلئے آگے درج نقش کو ایک بڑے سے سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے چوکھٹ کے اوپر لٹکایا جائے اور ایک کو مریض کے گلے میں زعفران سے لکھ کر پہنایا جائے اور ایک کو روزانہ تازہ لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلایا جائے اور اس فلیتے کو نیلی سیاہی سے لکھ کر اسے مریض کی چارپائی کے نیچے جلایا جائے اور اگر کاروبار بندی، یا رشتہ

بندی میں کوئی اس برج سے تعلق رکھنے والا مغلوب ہو تو اسے لکھ کر اپنے ماتھے پر مل کر جلائے۔ اس عمل کی بدولت بیماریوں ومشکلات کا یقینی خاتمہ ہوگا۔

ملیخا و ملخو و سلنجرا دا بار یار انار وا
بـــــاعـــــواس ۵۶۲۱۱۴۱۴۳۵۱۴۱۵۶۱۳۲۱

لٹکانے، گلے میں پہننے اور پلانے والا نقش

لا الـــــہ الا الـــــلـــــہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اعوذ بکلمات اللہ التامات من اسماء العامة ومن شر الھامة والامة ومن شر کل عین لامة و سامة ومن شر کل حاسد اذا حسد اعیذ ھذا صاحب الکتاب ھذا اھیا شراھیا وبالحق نزل وبالحق انزلناہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم یا سبحانک الرحیم الاکرام سبحانک العلی العظیم یا لا الہ الا انت یا ذالجلال والاکرام

محـــمـــد رســـول الـــلـــہ

برج جوزا

(۳) اس برج سے منسوب مرد وعورت کا دل کاروباری مقام سے اچانک اچاٹ ہوجاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد اندھیرا اور دماغ بالکل شل ہوجاتا ہے۔ کوئی بھی شکل وصورت اچھی نہیں لگتی پیاس بہت لگتی ہے۔ سر میں شدید درد رہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹیڑھے رہنے لگتے ہیں پاؤں مڑ جاتے ہیں رات کو سونے کے بعد صبح اٹھ کر ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے جسم پر منوں وزن ڈالا ہو جسمانی اعضاء میں اکثر درد رہنے لگتا ہے۔ لگتا ہے کہ جیسے جسم کے جوڑ کھل جائیں گے منہ کا ذائقہ کڑوا و تلخ رہتا ہے۔ معدہ کوئی بھی خوراک ہضم نہیں کرتا بلکہ جو بھی شے کھائی جاتی ہے فوراً پاخانے کے ذریعے باہر نکلتی ہے۔ منہ بدبودار ہوجاتا ہے اور منہ سے عجیب قسم کی بدبو خارج ہوتی رہتی ہے۔ بعض اوقات ایسے مریضوں کی اچھی بھلی شکل مکروہ ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ اور عزیز و اقارب دیکھنے والے حیرت ظاہر کرتے ہیں کیونکہ کچھ عرصہ پہلے اچھی شکل وشباہت کا انسان اچانک بدشکل ہوجاتا ہے۔ آنکھیں اندر کو گھس جاتی ہیں۔ ارد گرد عجیب عجیب سی شکلیں اور سائے دکھائی دیتے ہیں جو مختلف رنگوں میں ہوتے ہیں اور محسوس ہوتا ہے جیسے کہ ان کے ارد گرد کوئی چکر لگا رہا ہے۔ سینے میں بعض اوقات بہت درد اٹھتا ہے اور ایسے لگتا

ہے جیسے کسی نے جلتے ہوئے کوئلے جسم میں ڈال دیئے ہیں۔ ایک دم ڈر کر مریض اٹھ جاتا ہے۔ اور دل کی دھڑکن بہت تیز چلنے لگتی ہے۔ جسمانی نظام پورا آہستہ آہستہ بگڑنا شروع ہو جاتا ہے اور اس حالت میں اکثر علاج بھی اپنا اثر نہیں دکھاتا اس لئے اس فلیتے کو سرخ رنگ کے مرغ کے خون سے لکھ کر گھوڑے کے سر کے بال اسکے اندر ڈال کر ڈال کر جلایا جائے اور اس کی دھونی مریض کو دی جائے اس عمل کی بدولت اس کی تکلیف میں کمی ہو گی اور اگلے نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے مریض کے گل میں باندھا جائے اور پلایا جائے اللہ کے حکم سے مریض کی درج شدہ کیفیات بدل کر سیدھے رخ چلیں گی۔

طیوسس سیوسس جرموسس طبابیوسس هه
۸۹۷۳۴۷۳۷۲۲۷۱۸۵۲۲۶۶۷
اطبلطهه سححححة ةةة ه
هـ
هـ مبـ ضـ مهـ ضـ بـ ال ضـ حـ ضـ بـ ـ ال

لا الــــه الا الـــلــه
بسم الله الرحمن الرحيم. ان ربكم الله الذى خلق السموات والارض فى ستة ايام ثم استوىٰ علىٰ العرش يغشىٰ اليل والنهار يطلبه حثيثا والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الخلق والامر تبارک الله رب العالمين اعيذ صاحب الكتاب بحق صاحب تورية موسىٰ وانجيل عيسىٰ وزبور دائود فرقان محمد مصطفىٰ صلى الله عليه وسلم
محمد رسول الله

برج سرطان

(۴) اس برج کے ماتحت رہنے والے مریضوں پر تیلے بنا کر ان کے جسم میں سوئیاں لگائی جاتی ہیں جس سے ان کے پورے جسم میں چیونٹیاں چلتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ سوئیاں چبھتی ہیں۔ کیکر کے درخت پر ان افراد کے نام کے حساب سے بد عمل کیلوں پر کر کے اس درخت میں ٹھونک دینے سے ان کی زندگی کا دارومدار رک جاتا ہے۔ کاروبار اچانک مندے کا شکار ہو جاتا ہے اس میں گھاٹے پڑنا شروع ہو جاتے ہیں پانی اور خون کے چھینٹے اکثر ان کے جسم اور گھر و کاروباری مقام پر پڑتے رہتے ہیں۔ جس سے ان کی اگلی زندگی

بہت زیادہ متاثر ہوتی ہے۔ اس بد عمل کے ماتحت جو مخلوق ہوتی ہے وہ مریض کی ہڈیوں کو پکڑ لیتی ہے۔ جس سے اس میں مسلسل درد رہنا شروع ہو جاتا ہے کئی قسم کی ڈاکٹری رپوٹیں کروائی جاتی ہیں لیکن ان میں کوئی بھی مرض ثابت نہیں ہوتا ٹیسٹ بالکل ٹھیک ہوتے ہیں۔ کان بھاری رہتے ہیں جس سے ان میں ریشہ نا انجانے طور سے بھرا رہتا ہے اور مسلسل ہی بھرا رہتا ہے جس سے کانوں اور دماغ پر اس کا بہت برا اثر پڑتا ہے۔ یعنی جیسے جیسے اس مریض کا کامل تصور باندھ کر اس پتلے کو اذیت دی جاتی ہے بالکل اسی طرح مریض اپنے جسم میں ان کیفیات کو محسوس کرتا ہے جو اس کیلئے کسی موت سے کم نہیں ہوتیں۔ چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ جیسے جسم میں خون ہی نہ ہوا کثر بیہوشی کی حالت طاری رہتی ہے منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہے اگر کوئی میٹھی شے بھی کھائی جائے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی کڑوی شے منہ میں ڈال لی ہے۔ اس کے علاج کیلیے اس فلیتے کو روز رات کو بعد نماز عشاء کتے کے بال اس میں رکھ کر مریض کے جسم پر مل کر سات جوتیاں مار کر جلا کر اس کی دھونی مریض کو دی جائے اس سے مریض کی حالت ٹھیک ہو گی اور اس نقش کو زعفران میں گلاب مشک اور کستوری ملا کر لکھا جائے اور اسے مریض کے گلے میں باندھا جائے اور روز کا ایک نقش پلایا جائے جو نقش پانی میں گھل چکا ہو اس کا تھوڑا سا پانی لے کر اس کو نہانے والے پانی میں ملا کر اس سے مریض کو نہلایا جائے مریض بالکل ٹھیک ہو گا۔

طیوسس سیوسس جرموسس طبابیوسس هه
هسسـ ـه هسسـ ـه
هـ كـ كبـ ـا بـ ال سـ فيـ ال

لا الــــه الا الـــلــه
بسم الله الرحمن الرحيم. بسم الله الشافى بسم الله الكافى بسم الله المعافى بسم الله الذى لا يضر مع اسمه شىء فى الارض ولا فى السماء وهو السميع العليم اعيذ صاحب الدعوات بحق اهيا شراهيا . ٦٦ فلان ٩٢ فلان
صيـ طيـ طيـ طيـ ا
صـ طـ حـ حـ حـ ا بـ ل
محمد رسول الله

برج اسد

(۵) س برج کے زیرسایہ رہنے مردوعورت پر بدعمل کر کے اسے دریا کے کنارے دفن کیا جاتا ہے جس سے ان کی زندگی کے تمام ترقی کے راستوں پر پانی پھرتا ہے چلتے ہوئے کام اچانک بند بالکل شل اور اگلے منصوبے بالکل ہی فیل ہوجاتے ہیں اور اگر کوئی اس مرض کی لپیٹ میں آجائے تو اس کی حالت پریشان کن ہوجاتی ہے وہ کسی کی بھی بات یا نصیحت قبول نہیں کرتا جس سے وہ اپنے ہاتھوں سے ایسے نقصانات وگھاٹے کھاجاتا ہے۔ جس کا خمیازہ ساری زندگی ہی بھگتنا پڑتا ہے۔ چونکہ دماغ اس بدعمل کے زیر اثر ہوتا ہے اس لئے کسی بھی نصیحت کا عمل یا اچھائی کی طرف دماغ بالکل نہیں جاتا دن ورات وناانجانا ڈروخوف دماغ پر غالب رہتا ہے عجیب قسم کے خوابوں کی آمد شروع ہوجاتی ہے جو بالکل ہی بے معنی ہوتے ہیں لیکن اس سے مریض کی حالت اور زیادہ بگڑ جاتی ہے۔ بیہودہ قسم کی باتیں و حرکات کر کے سکون ملتا ہے اور اگر کوئی خاتون اس عمل کے زیر ہوجائے تو وہ اپنے کپڑے پھاڑ دیتی ہے ننگا رہنا پسند کرتی ہے گھر سے بھاگ جانے کو دل کرتا ہے اور بعض اوقات گھر سے بھاگ بھی جاتی ہے اور بہت دور دراز سے یا تو مل جاتی ہے یا ملتی ہی نہیں جسم سے خون کم ہونا شروع ہوجاتا ہے اور ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی اس مریض کا خون پی رہا ہے یہ نہایت ہی بدقسم کا عمل ہوتا ہے جس کا مقصد مریض کو ہلاک کرنے سے ہوتا ہے۔ اگر اس کا صحیح اور بروقت علاج نہ کیا جائے تو ہوسکتا ہے کہ مریض ہلاک بھی ہوجائے یا زندہ بھی مرنے والی ہی کیفیت میں رہ کر گزارے پریشانی دن بدن بڑھتی ہی جاتی ہے۔ اور کا کوئی بھی موضوع علاج نہیں ملتا اس کے کامل علاج کیلئے پچھلے صفحات میں جن فلیتہ جات کو بنایا ہے ان کو استعمال کیا جائے اور اس نقش کو مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اس کے چھینٹے پورے گھر میں لگائے جائیں اگر کوئی مرض شدت پکڑ چکا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں پہنایا جائے اور سادے پانی میں گھول کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے مریض کا مرض کم ہوگا۔ اور جو بھی بدعمل کیا ہوگا روپے پیسے سے برکت اٹھ چکی ہوگی دوبارہ بحال ہوگی کاروباری مقام یا گھر کی چوکھٹ کے اوپر اس نقش کو لگایا جائے۔

لا الــــــــه الا الــــــلــــــه
بسم اللہ الرحمن الرحیم. فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم فسیکفیکهم الله وهو السمیع البصیر فسیکفیکهم الله وهو السمیع الحسیب فسیکفیکهم الله وهو القابض فسیکفیکهم الله وهو السمیع السبحان فسیکفیکهم الله وهو السمیع الذو الجلال .
مــــحـــمـــد رســـول الــــلـــه

برج سنبلہ

(٦) اس برج کے تحت پیدا ہونے والی بیماریاں ونقصانات کا تعلق ایسے ہی جیسا پیچھے درج کیا گیا ہے لیکن اس میں اضافی طور پر جو بیماریاں دوسروں بروج سے ہٹ کر ہوتی ہیں ان کا تعلق عورت کی ذات کی پلیدی پینے سے دماغ بالکل شل اور اس کی حق میں بولنے اور دوسرے عزیز واقارب والدین بہن بھائیوں سے زبان درازی کرنے سے ہوتا ہے۔ مریض کی نکسیر چھوٹ جاتی ہے اور خون ایک نل کی طرح بہتا رہتا ہے اسی طرح اس برج سے منسوب عورت کی شرم گاہ سے خون چھوٹ جاتا ہے اور بند نہیں ہوتا اس کی مثال بھی بالکل نل کی طرح ہوتی ہے وقت طور پر آرام آجانے کے بعد پھر یہی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ اگر مریض الٹی کرے تو اس کے منہ سے پلیدی نکلتی ہے جسم کے اکثر حصے سیاہ ہوجاتے ہیں سر میں شدید رہتی ہے۔ جیسے شریانیں پھٹ جائیں گی۔ اول تو ایسے امراض میں مبتلا مریضوں کو نیند نہیں آتی اور اگر نیند آتی بھی ہے تو فوراً ہی مریض چونک کر اٹھ جاتا ہے اور ایک زوردار آہ یا چیخ منہ سے بے اختیار نکل جاتی ہے۔ اگر کوئی صبر کرنا جانتا ہو تو وہ اندر ہی اندر چیختا رہتا ہے اور اس کا دل کرتا ہے کہ وہ زور زور سے چیخیں مار مار کر روئے آدھی رات کے وقت مریض کا دل کرتا ہے کہ وہ اپنے جسم کے سارے کپڑے اتار کر ننگا گھومے پھرے اور گندے گندے کام کرے اس سے اس کا مرض کم ہوتا ہے کیونکہ جس بدعمل کو کیا ہوتا ہے اس کا مقصد پورا ہوتے دیکھ مریض کو سکون ملتا ہے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو مرض اور زیادہ شدت پکڑتا ہے۔ اس لئے اس نقش کو چار عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو مریض کے گلے میں پہنایا جائے ایک کو اس کے سامنے شیشے کے فریم

میں آویزاں کر کے ایسی جگہ لگایا جائے جہاں وہ اس نقش کو دیکھتا رہے ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر مریض کے منہ پر اس کے چھینٹے مارے جائیں اور پلایا جائے ایک کو چارپائی کے الٹی طرف باندھ دیا جائے اور پچھلے صفحات میں جن فلیتہ جات کو بنایا ہے اور ان کے خواص بیان کئے ہیں اس حساب سے بالکل اسی طریقے سے اس فلیتے کو جلا کر متعلقہ مقصد میں کامیابی حاصل کی جائے اللہ کے حکم سے مریض کے مرض پر قابو ہوگا۔ اور اسے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

لا الــــــــه الا الــــــلــــــــه

بسم الله الرحمن الرحيم. قل ادعوالله اود الرحمن اياما تدعوا فله الاسماء الحسنىٰ ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها واتبغ بين ذالك سبيلا بحق اهيا شراهيا اذونى اضائوث يا حى يا قيوم الذى لا اله الا هو انت الذى لا اله الا انت قامت السموات والارض الرحمن الرحيم. فلان بن فلان

محــمــد رســول الــلــه

برج میزان

(۷) اس برج سے منسوب مریض کے سر اور آنکھوں پر مرض کا زیادہ غلبہ رہتا ہے۔ آنکھیں دکھتی ہیں جس میں عجیب سی چبھن ہوتے ہوئے عجیب سا درد ہوتا رہتا ہے۔ اس برج سے منسوب مریض کی امراض کی حالت کی علامات یہاں مکمل بیان نہیں ہوسکتی بلکہ ان کی تعداد لکھی جاتی ہے۔ کہ اگر کوئی کسی بدعمل یا مخفی مخلوق کے زیر سایہ آجائے تو اس کو (۱۳۶) بیماریاں لگ جاتی ہیں ایک کا علاج کیا جائے تو دوسری شروع دوسری پر عبور پالیا جائے تو تیسری بیماری اچانک ہی نمودار ہوجاتی ہے۔ گردن ٹیڑھی ہوجاتی ہے اور دل کرتا ہے کہ گردن کو ہر وقت گھمایا جائے جس سے پاس رہنے والے افراد یا عزیز و اقارب ایسی حالت سے نہایت ہی اکتاہٹ محسوس کرتے ہیں۔ مزاج میں نہایت چڑچڑاپن اور بعض اوقات ایسی خراب غالب آجاتی ہے کہ مریض کے بچنے کی کوئی امید پیدا نہیں ہوتی نہایت ہی بری حالت ہوجاتی ہے۔ اس نقش کو مکمل قوائد سے لکھ کر پلایا اور گلے میں پہنایا جائے۔

لا الــــــه الا الــــلــــه

بسم الله الرحمن الرحيم. اللهم احفظ صاحب الكتاب من افاته انه من سليمان وانه بسم الله الرحمن الرحيم الا تعلوا على واتونى مسلمين افحسبتم انما خلقنكم عبثا وانكم الينا لا ترجعون. فلان بن فلان

محــمــد رســول الــلــه

برج عقرب

(۸) اس برج سے منسوب مریض کی حالت پر دیوانگی طاری رہتی ہے۔ جس سے دیوانہ وار باتیں کرنا اپنے پاس رہنے والے افراد کو آہستہ آہستہ بھول جانا اور پچھلی باتوں کو بھولتے جانے سے ہوتا ہے۔ دیوانگی میں بالکل ہی بے تکی سی باتیں منہ سے نکلتی رہتی ہیں۔ جس سے دوسرے افراد ان باتوں سے کوفت کھاتے ہیں اور ایسے مریض سے بات تک کرنا پسند نہیں کرتے بدن دنوں کے اندر اندر سوکھ کر کانٹا بن جاتا ہے سستی ایسی چھاتی ہے جس سے دنیاوی کسی بھی کام کرنے کو دل نہیں کرتا دل کرتا ہے کہ ہر وقت بستر پر آرام کیا جائے وجود میں عجیب سی بے قراری پیدا رہتی ہے۔ جو کسی بھی کام میں کامیابی حاصل نہیں کرنے دیتی کیونکہ جس کام کو کیا جاتا ہے اس میں دل نہیں لگتا اور اچانک ہی اس کام کے سلسلے کو چھوڑ کر نیا کام شروع کیا جاتا ہے۔ جبکہ جس کام کو چھوڑا ہوتا ہے اس میں فائدہ بظاہر نظر آرہا ہوتا ہے۔ لیکن بدعمل کے زیر سایہ رہنے سے ایسی کیفیت وجود میں پیدا ہوجاتی ہے۔ جس سے تکلیف واضح آنکھوں سے دیکھی تو نہیں جاسکتی بلکہ اسے محسوس کیا جاسکتا ہے۔ جسم کا مکمل نظام باندھ دیا جاتا ہے جسم گھٹ جاتا ہے اور اگر کسی کاروباری فرد پر اس عمل کو کیا جائے تو اس کا کاروبار چند دنوں کے اندر اندر ختم ہوجاتا ہے۔ اچھی بھلی چلتی ہوئی بات آخری سرے پر جا کر ختم ہوجاتی ہے جب کہ سارا کام بالکل سیدھا مکمل ہوا نظر آرہا ہوتا ہے لیکن ایسا نہیں ہوتا اور الٹا نقصان ہوجاتا ہے۔ اس کے کامل علاج کیلئے اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے تعویذ کی طرح لپیٹ کر مریض کے گلے میں پہنائے اور ایک کو کالی ایسی سیاہی سے شیشے پر لکھے جو پانی سے مٹی نہ ہو اسکو کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر اس کا

پانی مریض کوصبح وشام پلایا جائے اللہ کے حکم سے مریض بالکل ٹھیک ہوجائیگا۔

لا الــــــــه الا الــــــــلــــــــه

بسم اللـه الـرحمن الرحيم.قل اوحى الى انه استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا يهدى الى الرشد فامنا به لن نشـرك بـربنا احدا و جعلنا من بين ايديهم سدا ومن خلفهم سـدا فـاغشينـهـم فهـم لا يبـصـرون يـا اللـه يا محمد طيوس سيوس انا جعلنا علىٰ قلوبهم اكنة ان يفقهوه وفى اذانهم وقرا ونـنـزل من الـقـرآن مـا شـفـاء ورحـمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الا خسارا برحمتک يا ارحم الراحمين.

مــحــمــد رســول الــلــه

برج قوس

(۹) اس برج کے تحت کئے جانے والے بد اعمال اوران کے شرواثرات سے مغلوب ہونے والے مریض ناخوش رہتے ہیں اچھی باتیں بھی انہیں بری معلوم ہوتی ہیں والدین کی اچھی نصیحتوں کو برا سمجھتے ہیں اور والدین کے ساتھ ناجائز بدتمیزی کرتے ہیں۔ بہن بھائیوں کو تکلیف دینے سے ان کوسکون ملتا ہے والدین کو ناخوش کر کے سکون ملتا ہے عجیب اور گندی باتیں کر کے کسی کا دل جان بوجھ کرتوڑ دینے سے ایسے مریضوں کوسکون ملتا ہے۔ جسم کے جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔ ٹانگوں سے ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی روح کو کھینچ کر باہر نکالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تپ ولرزے کے بخار کی شکایت اکثر رہنے لگتی ہے۔ جس سے جسم کی طاقت کم ہوتی ہے اور کمزوری وسستی پیدا ہوتی ہے کوئی بھی اچھی چیز ٹھیک معلوم نہیں ہوتی مزاج میں انتہائی بدمزاج اور عجیب سا چڑ چڑا پن پیدا ہوتا ہے۔ دل کرتا ہے جو بھی سامنے آئے اس کو جان سے ماردیا جائے پاگلوں جیسی حرکات بھی ایسے مریض کرتے ہیں۔ جس سے مریض کے لواحقین کو دوسرے افراد کی شکایات سننے کوملتی ہیں۔ اوراگر کسی طاقتور تعویذ یا عمل کو نہ کیا جائے تو یہی مرض بڑھتا بڑھتا کوئی اور مرض اختیار کر جاتا ہے۔ جس سے والدین اور لواحقین کو سوائے رونے دھونے کے کوئی اور کام نہیں سوجھتا دل اور جگر پر اس مرض کا زیادہ غلبہ رہتا ہے اور بعض اوقات

مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی اس کا دل اور جگر نکال لے گا۔ جب کہ یہ سب کچھ اسی بدعمل کے زیر سایہ ہو رہا ہوتا ہے جسے انسان سوچ بھی نہیں سکتا اس خطرناک مرض سے ہمیشہ کیلئے جان چھڑوانے کیلئے اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اوراسے مریض کے گلے میں پہنایا جائے اور ایک کو بارش کے پانی کے ساتھ دھو کر پلایا جائے اوراسی پانی کو نہانے والے پانی میں ملا کر اس سے مریض کو غسل کروایا جائے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر اندر مریض کا مرض ختم ہوتا ہوا بالکل ہی ختم ہوجائیگا۔ انشاءاللہ

لا الــــــــه الا الــــــــلــــــــه

بسم الله الرحمن الرحيم.ان ربكم الله الذى خلق السموات والارض فـى ستة ايام ثـم استـوىٰ عـلـىٰ العرش يغشى اليل النهار حثيثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الـخـلـق والامـر تبـارک الـلـه رب الـعـالمين اعيذ صاحب الكتاب بكلمات الله التامات كلها من كل عين لامة ومن شر الشيطان يا الله يا رحمن يا رحيم يا كريم يا وكيل.

مــحــمــد رســول الــلــه

برج جدی

(۱۰) اس برج سے منسوب مریض کی ہڈیوں کو بداعمال کے ذریعے یا مخفی ارواح سفلیہ کے ذریعے قابو کروایا جاتا ہے۔ جو اپنے جسم کی ہڈیوں میں خود جکڑ دیا جاتا ہے اوراسے ہڈیوں میں عجیب قسم کا درد شروع ہوجاتا ہے۔ یہی مرض بڑھتا ہوا بعض اوقات ہڈیوں کا کینسر بن جاتا ہے۔ جو سراسر گھاٹے ونقصان کی علامت ہونے کے ساتھ ساتھ مریض کو جان سے مار دینے سے بھی دریغ نہیں کرتا مریض کا منہ بالکل بند ہوجاتا ہے اس کا دل کسی سے بات کرنے کو نہیں کرتا بے ہوشی کی حالت میں ایسے افراد کے نام لیتا ہے جن کو اسلامی طور پر اچھا نہیں سمجھا جاتا مرض پر نہایت طاقتور روحانی اثرات سے اگر غلبہ نہ پایا جائے تو مریض سات دنوں کے اندر اندر ہلاکت تک پہنچ جاتا ہے۔ بے شک زندگی موت اللہ کے اختیار میں ہے۔ لیکن یہ اس فرد کے ساتھ بذریعہ بدعمل قتل کرنے والا حساب ہوتا ہے۔ جیسے کوئی انسان قدرت کے منافی کسی کو کوئی جان لیوا ہتھیار مار کر اس کی روح کو

اس کے جسم سے آزاد کرتا ہے۔ بالکل اسی طرح بداعمال اللہ ورسول کے منافی ہوتے ہیں اور ایسے حرام کام کرتے ہیں جس کی بدولت شیطان کو زیادہ سے زیادہ اولاد آدم کو نقصان میں مبتلا کرنے اور اسے اذیت دینے کا موقع ملتا ہے۔ اس مرض کا علاج بروقت چند نشانیاں ظاہر ہوتے ہی شروع کر دیا جائے تاکہ یہ طویل نہ ہو اور موقع پر ہی اس کی بندش کی جائے اس کے کامل علاج اور اس مرض سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو یک رنگ کالے سیاہ بکرے کے خون سے لکھا جائے اور اسے تعویذ کی طرح لپیٹ کر مریض کے گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو سادہ کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے دھو کر مریض کو پلایا جائے اللہ کے حکم سے خواہ کتنا ہی پرانا بدعمل کیوں نہ کیا ہوگا اس کے اثرات سے وہ باطل ہو جائیگا۔ اور مریض کو بذریعہ کلام اللہ نئی زندگی نصیب ہوگی۔

لا الــــــــــہ الا الــــــــــہ

بسم الله الرحمن الرحيم. اعوذ بعزت الله وقدرة الله من شر ما خلق بين الارج والسماء اعيذ صاحب الكتاب من شر الشيطان لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم يا معشر الجن والانس ان استعطم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان يا حنان يا منان يا ديان يا برهان يا رحمن يا سلطان برحمتك يا ارحم الراحمين .

محــــمـــد رســـول الـــلـــہ

برج دلو

(۱۱) اس برج سے منسوب مرد و خواتین کا جسم تپ ولرزے کے زیر سایہ ہو جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے جسم سے دھواں نکل رہا ہے جسم جل رہا ہے ایک دم جلن ختم ہوتے ہوئے سردی لگنا شروع ہو جاتی ہے۔ جسم سرد پڑ جاتا ہے کچھ دیر یہی کیفیت رہنے کے بعد پھر جسم میں جلن پیدا ہو جاتی ہے اسی طرح یہ سلسلہ تب تک چلتا رہتا ہے جب تک اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے بعض اوقات پیٹھ اور کمر میں اتنا شدید درد ہوتا ہے کہ چلا بھی نہیں جاتا اور جسم بوجھل رہتا ہے لگتا ہے جیسے کمر کے مہرے ہل گئے ہیں اور وہ نکل جائیں گے حسب معمول ڈاکٹری رپوٹوں میں کوئی بھی ایسی علامت ظاہر نہیں ہوتی جس سے ایسے مریض کا علاج کیا جائے خلق خشک رہتا ہے

بعض اوقات کوئی کھانے پینے والی شے خلق سے نیچے ہی نہیں اترتی جس سے خوراک جسم میں داخل نہیں ہوتی اور مریض کا جسم سست اور کمزور ہو جاتا ہے۔ ایسے امراض میں مبتلا کمزور دل مرد و عورت آہ و پکار زیادتی کے ساتھ کرتے ہیں زور زور سے چیختے اور نعرے مارتے ہیں اپنی بیماری کا واویلا مچاتے ہیں۔ لیکن ان کا عزیز و والدین کیا کر سکتے ہیں وہ نہایت ہی دکھ و افسوس کا اظہار ہی کر سکتے ہیں۔ اس لئے اس مرض کے کامل علاج کیلئے حقے کا پانی لا کر اس کو سادے پانی میں ملا کر اس مریض کو غسل دیا جائے اور چاروں قل شریف کا دم کیا ہوا سرسوں کے تیل کو کانوں میں ڈالا جائے اور جہاں مریض مرض کی شدت بتائے اس جگہ اس تیل کی مالش کرے آگے درج نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر پلائے اور ایک کو گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگا دے جو بھی ہوائی چیزیں اس مرض کا سبب بنی ہونگی وہ اندر داخل نہیں ہونگی اور مریض کے مرض میں افاقہ ہوگا۔ انشاءاللہ

الله	هو	هو	الله
هو	الله	الله	هو
الله	هو	هو	الله
هو	الله	الله	هو

اياک نعبدو اياک نستعين

قابض	هو	هو	قابض
هو	قابض	قابض	هو
قابض	هو	هو	قابض
هو	قابض	قابض	هو

اياک نعبدو اياک نستعين

مميت	هو	هو	مميت
هو	مميت	مميت	هو
مميت	هو	هو	مميت
هو	مميت	مميت	هو

اياک نعبدو اياک نستعين

برج حوت

(۱۲) اس برج سے منسوب بداعمال کے زیر سایہ رہنے والے مریض کا سر اور بدن کی ہڈیوں میں شدید درد ہوگا۔
اس کا خلق زبان اور منہ خشک ہونگے اس کے دل میں از حد حرارت پیدا ہوگی دل بے چین اور ہوا میں اڑتا ہوا معلوم ہوگا اور کسی بھی جگہ چین وقرار حاصل نہیں ہوگا۔ آنکھوں اور دل میں نا انجانا سا ڈر وخوف پیدا ہو جاتا ہے۔ شکم میں کوئی بھی کھانے و پینے والی ٹھہرتی نہیں بلکہ پاخانے کے راستے باہر نکل جاتی ہے جس سے جسم میں انتہائی کمزوری محسوس ہوتی ہے اور مریض دنیاوی کوئی بھی کام جسم میں طاقت نہ ہونے کے سبب سے نہیں کرسکتا جسم سست پڑ جاتا ہے۔ اس مرض سے جان چھڑوانے اور صحت یاب ہونے کیلئے ایک عدد ایسی مچھلی کا بڑا سا کانٹا حاصل کیا جائے جس کی قلم بن جائے اس قلم سے اس عزیمت کو نام مریض مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنایا جائے اور حقے کے پانی سے نہلایا جائے اور کتاب میں سے کوئی بھی صحت یابی حاصل کرنے والا نقش بنا کر اس کو پلایا جائے اللہ کے حکم سے مریض کے مرض کی شدت کم ہوتے ہوئے بالکل ہی جڑ سے اکھڑ جائیگی۔ کانٹے سے سرخ سیاہی استعمال کی جائے اور اس سے اس نقش کو لکھا جائے مریض اگر اپنے ہاتھوں سے مچھلیوں کو آٹے کی چھوٹی چھوٹی اپنے جسم سے وار کر کھلائے تو بھی اس عمل میں اور زیادہ اثر پیدا ہو جائیگا۔ اور اگر مریض دریا یا تالاب پر نہ جا سکے تو اس کا کوئی عزیز اس کے جسم سے وار کر مچھلیوں کو کھلا دے۔

علیکم یا عبدالرحمن ملک العابد العاکف البیت المجاور الکعبۃ والرکن والمقام آہ آہ توذ تودوہ اذونی احادث هیهہ ریاہ جدا هستے مریش مریش مریش درددد فش قز دوقش دخل کان امنا وبحق انزلناہ وبحق والنواب الا تاتونی ولا نویہ ولتجد الحرمۃ فجر من نون اللہ مع الذین اتقوا والذین هم محسنون عزیمۃ علیکم یا اب الرحمن و یا ابا الجمال ویا حارث ویا فاعوک یا مسلم بن یزید الصاحب الصلاح الصورت امیر الجن ویا ملک صاحب الفلاح المذهب باللہ الذی لا الہ الا هو ثم استویٰ الی السماء وهی دخان مبین فقال لها والارض ائیتیا طوعا او کرها قالتا اتینا طائعین الا ما اتیتموا نی بحق یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا ذوالجلال والاکرام یا ذوالجلال والاکرام یا ذوالجلال واالاکرام.

ٹھیکرے سے جادو کا پتہ لگانا

ایک عدد کمہار کے آوے سے تازہ مٹی کا چوکور ٹھیکرا بنوایا جائے یا حسب ضرورت کئی ٹھیکرے بھی بنوائے جاسکتے ہیں۔ اگر کوئی مریض اس بات کا پتہ لگانا چاہتا ہو کہ اسے جادو ہے کہ نہیں یا اس پر سایہ آسیب یا جنات کا ہے تو اس ٹھیکرے پر کالی سیاہی سے اس نقش کو بنایا جائے اور مریض کے جسم سے سات مرتبہ اتارا کر کے اس کے جسم سے مل کر نادعلی کو بہتر مرتبہ پڑھ کر اس ٹھیکرے پر دم کرے اور تیز آگ پر اس ٹھیکرے کو رکھ دے اگر ٹھیکرے پر کالی سیاہی لال سرخ خون کی مانند بن جائے تو مریض پر جادو یا اس کو پریشانیوں مصیبتوں اور دیگر دنیاوی مشکلات میں مبتلا کرنے والی مخلوق کا نام قوم جنات ہے۔ قوم جنات کو اپنی تسخیر میں کرنے والے عامل نے اس عمل کو کیا ہے جس سے مریض مغلوب ہے۔ اس کا علاج کتاب میں فلیتہ جات بنائے ہیں اس کے ذریعے سے کیا جائے اور کوئی بھی زبردست قسم کا نقش جادو کے دفعیہ کیلئے اس کے طریقہ کار کے مطابق لکھ کر استعمال کیا جائے اللہ کے حکم سے مرض کی تشخیص ہوگی اور جادو کا علاج ہوگا۔ اگر ٹھیکرے کی سیاہی کے رنگ پھٹ جائیں یعنی پھیل جائیں تو مریض پر سائے کے اثرات ہیں جو کسی عامل نے بھیج کر اس پر مسلط کروایا ہو یا مرض پیدائشی بھی ہوسکتا ہے۔ اگر ٹھیکرے کا رنگ کالی سیاہی سے ہٹ کر کسی اور رنگ میں تبدیل ہو جائے یا کوئی خلاف توقع کام ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ مریض پر جادو سایہ، جنات اور دیگر بداعمال کے اثرات موجود ہیں ان حساب سے کتاب میں سے کوئی بھی اس عمل کے توڑ کیلئے عمل کر لیا جائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ ہدایت کے طور پر اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جب ٹھیکرے کا رنگ تبدیل نہ ہو بلکہ وہی کالی سیاہی ہی رہے تو اس ٹھیکرے کو پانی میں ٹھنڈا کر کے اس کو سونگھے اگر بدبو پیدا ہو تب بھی اس کیفیت کو جادو اور اس جیسی علامت سے تعبیر کیا جائے اور اگر بدبو پیدا نہ ہو یا ٹھیکرے کی سیاہی میں کوئی ایسی نشانی بھی پیدا نہ ہو تو مریض کو کوئی مرض نہیں ہے۔ وہ اپنا ڈاکٹری علاج کروائے ٹھیک ہو جائیگا۔ اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جو کوئی بھی اس نقش کو بنائے بالکل ٹھیک مکمل صحت کے ساتھ جیسے بنایا ہے بالکل اسی طریقے سے بنائے اگر نقش صحیح نہ بنا تو ہوسکتا کہ عمل ٹھیک نہ ہو صحیح عمل کرنے اور مرض کی تشخیص کرنے کیلئے بالکل نقش کو ٹھیکرے پر اسی طریقے سے بنایا جائیگا۔

Scanned by CamScanner

دم	ملو	مازو	♓
کردم	ائیل	♓	حاضر
بائیل	♓	الحاضر	وطلا
♓	وزام	سهه	سهہلا

جادو ٹونے سے ہمیشہ محفوظ

آگے درج نقش جادو ٹونے، سایہ، آسیب، جنات، بھوت، اور دیگر مخفی مخلوق کے خاتمے اور ہر قسم کے شر آسیب وفساد کے خاتمے کیلئے زعفران سے بڑے سے کاغذ پر بنوا کر اسے اپنے گھر کی چوکھٹ پر لگایا جائے کاروباری جگہ پر لٹکایا جائے جس جگہ اس نقش کو لگایا جائیگا۔ وہاں برکت ہوگی۔ اور کوئی بھی روحانی یا دیگر مخفی مخلوق کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی اگر کوئی اس نقش میں سے کسی بھی نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر ہرن کی جھلی پر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے تو اللہ کے فضل وکرم سے دنیاوی روحانی وجسمانی تکالیف مشکلات مصائب اور دیگر نحوستوں سے جان چھوٹ جائیگی۔ اگر کسی کو بار بار نظر بد لگتی ہو تو وہ اس نقش کو ضرور سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھیں اور اس کے نیچے نام مریض یا جو استعمال کرنا چاہتا ہو کا لکھ کر اس کی والدہ کا نام لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے بدنظری کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی بچہ ناجائز ضد کرتا ہو والدین کا کہنا نہ مانتا ہو ناجائز پریشان کرتا ہو یا خود گرتا پڑتا رہتا ہو اسے چوٹیں لگ جاتی ہوں تو بھی اس نقش کو صبح سورج طلوع ہوتے ہی زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ اور بچہ کو کوئی بھی چوٹ نہیں لگے گی۔ ایکسیڈنٹ اور دیگر حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو تعویذ کی طرح بند کر کے اسے سوار ہونے والی شے میں رکھ دیا جائے وہ سواری اللہ کی حفظ وامان میں رہیگی۔ یعنی سوار اور سواری دونوں اللہ کی حفاظت میں رہیں گی۔

جبرائیلؑ عزرائیلؑ

سلام قولا من رب الرحیم

ابوبکرؓ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

سلام علی ال یاسین

سلام علی ال ابراہیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل یایھا الکفرون لا اعبد ما تعبدون ولا انتم عبدون ما اعبد ولا انا عابد ما عبدتم ولا انتم عبدون ما اعبد لکم دینکم ولی دین

ختم جادو ٹونہ آسیب

سلام ھی حتی مطلع الفجر

خوشحالی کاروبار

اگر کاروباری افراد بہت زیادہ پریشان ہوں یا انہیں پر کسی ہمسایہ دکاندار یا بدصفات عامل نے ایسا بدعمل اچانک کر دیا ہو جس سے کاروبار ایک دم ٹھپ ہو جائے اور سمجھ نہ آسکے کہ ایسا کیوں ہو رہا ہو تو وہ فرد ہر فرض نماز کے بعد ایک ایک تسبیح قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق کی پڑھ کر سادے پانی پر دم کے اس پانی کو خود پی لیا کرے اور اس نقش کو بروز نوچندے اتوار والے دن زعفران سے بنا کر اسے ایسی جگہ لٹکائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اللہ کے حکم سے دشمن کا ہر ہتھیار بیکار ہو جائیگا۔

قل	اعوذ	برب	البناس
اعوذ	برب	الناس	اعوذ
برب	الناس	اعوذ	برب
الناس	قل	برب	الفلق

برکت کاروبار

کاروباری معاملات میں ہر طرح سے ترقی کرنے رزق کو فراخ کرنے بداعمال کا خاتمہ کرنے دشمنوں کا منہ کالا کرنے کیلئے اس نقش کو تین عدد زعفران سے بنایا جائے دو نقوش کو دکان پر بالکل ایک دوسرے کے سامنے لٹکایا جائے ایک کو روپے رکھنے والی جگہ پر رکھا جائے نتیجہ خود بخود اخذ ہو جائیگا۔ اگر کوئی زعفران سے اس نقش کو لکھ کر استعمال میں نہ لا سکے تو اسی طرح فوٹو کاپی کروا کر استعمال کر لے خوشبو لگائے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ترقی کاروبار اور بد اعمال کا خاتمہ

یہ ایسا زبردست قسم کا عمل ہے جس کی بدولت دنیا کا کوئی بھی ساحر جادوگر کاروبار کو نہیں باندھ سکتا اس بات کا دعویٰ ہے۔ اور اگر کوئی پہلے سے کسی جادو ٹونے سے متاثر ہوا ہو تو اس عمل مبارک کی بدولت وہ بھی کھل جائیگا۔ اور کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا اثر ہرگز نہیں ہوگا۔ اس عمل کو باوضو حالت اور کامل پرہیزگاری کے ساتھ کرنا ہوگا۔ کیونکہ جو افراد اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور زیادہ پرہیزگار رہتے ہیں انہیں دنیا میں کسی بھی مشکل یا مصیبت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا نیچے درج نقش کو اتنی تعداد میں بنایا جائے جتنے دکان کی جگہ کے کونے ہوں یعنی بعض دکانوں کے چار کونے

ہوتے ہیں بعض کے پانچ آٹھ دس اور جس طریقے سے جگہ پر دکان کو بنایا جاتا ہے۔ اتنی تعداد میں دکان کے کونے بھی ہوتے ہیں۔ نوچندی جمعرات والے دن ان نقوش کو صبح بوقت سورج طلوع کے لکھ لیا جائے اور جتنے کونے ہوں ان کونوں میں ایک ایک نقش کے پیچھے گتا لگا کر لگا دیا جائے جس گھر یا دکان پر ان نقوش کو کونوں میں لگایا جائیگا وہ گھر اور دکان دونوں ایسے روحانی قلعے میں بند ہو جاتے ہیں جس کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا

بسم اللہ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم تیرے نام کی دہائی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

روپے سے برکت ختم ہو جانا

جادو کی بنیاد پر شیطان صفت عاملین ایسا جادو بھی کرتے ہیں جس سے ان کے ماتحت ہوائی چیزیں دکان کے روپوں کو چوری کرتی ہیں اس بات کو ضرور ذہن نشین رکھا جائے کہ جس گھر یا کسی کی جیب سے روپے پیسے نکل جاتے ہیں اور سمجھ نہیں آتی اسی طرح بداعمال کر کے خرچ کرنے اور کمانے والے روپے دونوں میں برکت کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ جس سے روپے دیکھنے میں لاکھوں ہزاروں سینکڑوں ہوتے ہیں اور جس مشکل سے آتے ہیں اتنی ہی آسانی سے دائیں بائیں نکل جاتے ہیں اس بات کو انسان محسوس ضرور کرتا ہے۔ جب کہ اس سے پہلے ایک روپیہ بھی صحیح جگہ استعمال ہوتے ہوئے اپنا آپ دکھاتا تھا مگر اب ہزاروں روپے بھی اس ایک روپے کا مقابلہ نہیں کر سکتے اس کیلئے اس نقش کو نوچندے منگل والے بوقت صبح سورج طلوع کے فاختہ کے خون سے دو عدد لکھا جائے ایک کو کاروباری مقام پر ہوا میں لٹکایا جائے اور ایک کو روپے پیسے کی تجوری یا غلے میں تعویذ کی طرح سبز ریشمی کپڑے میں بند کر کے اسے خوشبو سے معطر کر کے رکھا جائے برکت دوبارہ بحال ہوگی۔

۱۷۸۷	۱۸۰۱	۱۷۹۸	۱۷۹۵
۱۷۹۹	۱۷۹۴	۱۷۸۸	۱۸۰۰
۱۷۹۳	۱۷۹۶	۱۸۰۳	۱۷۸۹
۱۸۰۲	۱۷۹۰	۱۷۹۲	۱۷۹۷

Scanned by CamScanner

کاروبار کو بحال کرنا

اگر کوئی فرد نئے سرے سے کاروبار کو شروع کرنا چاہتا ہو کاروبار میں خیر و برکت حاصل کرنا چاہتا ہو دکان میں کسی سایہ آسیب جنات جادو ٹونے اور دیگر مخفی مخلوقات کے بد اثرات ہوں دکان میں اثر جنات ہو ان سب کے خاتمے کیلئے پہلے نقش کو زعفران سے جمعرات والے دن لکھ کر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اور دوسرے نقش کو مٹی کے گھڑے میں کالی سیاہی سے لکھ کر ڈال کر اس کے چھینٹے چاروں کونوں میں لگائے بفضل خدا دکان داری میں رکاوٹ ڈالنے اور بد اعمال کروانے یا اس کے بد اثرات کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کو کاروباری ہر بندش کے خاتمے کیلئے کیا جاسکتا ہے۔

دکان پر لٹکانے والا نقش

لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله
لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله
لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله
لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله	لا اله الا الله

چھینٹے لگانے والا نقش

١	۶۴۵۳۵	۶۴۵۲۹	۸
۶۴۵۳۱	۷	۲	۶۴۵۳۳
۶	۶۴۵۲۵	۶۴۵۳۹	۳
۶۴۵۳۷	۴	۵	۶۴۵۲۷

آفات و بلیات سے گھر و مکان محفوظ

بعض ایسے امراض دیکھے ہیں جن کے گھروں میں سایہ نما مختلف ہوائی چیزیں یا تو عامل بھیجتا ہے۔ یا پہلے سے ہی اس گھر میں ایسے اثرات موجود ہوتے ہیں۔ جس گھر یا دکان میں ایسے بد اثرات پائے جائیں وہ گھر کبھی بھی پھل پھول نہیں سکتا اس گھر میں رہنے والے افراد نہایت ہی تنگ قسم کی زندگی گزارتے ہیں مصیبتوں

سے گھر بھرا پڑا ہوتا ہے۔ سمجھ نہیں آتی کہ علاج کہاں سے شروع کیا جائے کیونکہ کوئی بھی علاج اپنا اثر بھی نہیں دکھاتا اس لئے ارواح خبیثہ، جنات، سایہ، یا جو کوئی بھی مخفی مخلوق ہو اس کو گھر یا دکان سے باہر نکالنے اور اس گھر کو آباد کرنے کیلئے اس نقش کو یک رنگ سفید مرغ کے خون سے بنایا جائے اور اسے اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لٹکایا جائے اور انہی چار اسماء کو ایک تسبیح پڑھ کر سادے پانی پر دم کر کے اس کے چھینٹے گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں لگائے جائیں گھر کے افراد اور گھر دونوں محفوظ ہونگے۔ دم شدہ پانی کو مٹی کے گھڑے میں ڈال کر دم کیا جائے اور اس سے نکال کر چھینٹے لگائے جائیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

یا الجبار	یا القهار	یا المتکبر	یا العلی
یا العلی	یا الجبار	یا المتکبر	یا القهار
یا القهار	یا العلی	یا المتکبر	یا الجبار
یا الجبار	یا القهار	یا المتکبر	یا العلی

گھر کی اشیاء چوری نہ ہوں

بعض اقات اچانک گھر کی اشیاء چوری ہونا شروع ہو جاتی ہیں جس کا سراغ تک نہیں ملتا کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے اس کے علاج کیلئے چار عدد ٹوپی والے کیل لا کر ایک کیل پر ایک ہزار ایک مرتبہ قل اعوذ برب الفلق پڑھ کر دم کرے دوسرے پھر ایک ہزار دو مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دم کرے تیسرے پر ایک ہزار تین مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھ کر دم کرے چوتھے پر ایک ہزار چار مرتبہ قل یا ایھا الکفرون پڑھ کر دم کرے ان چاروں کیلوں کو اپنے گھر یا دکان کے چاروں کونوں کے نیچے دفن کر دے اور اس نقش کو سیاہ رنگ کے مرغ کے خون سے لکھ کر اس کو چوکھٹ کے اوپر ایک کیل لگا کر اس کے ساتھ کالا دھاگے کی مدد سے لٹکا دے تاکہ ہوا سے ہلتا رہے یا لٹکا رہے چسپاں نہ کیا جائے اور نہ ہی شیشے کے فریم میں آویزاں کیا جائے بلکہ اسے کسی گتے کے اوپر لگا کر تب لٹکائے اس عمل کی بدولت کوئی بھی مخفی چیز گھر کی کوئی بھی شے چرا نہیں سکے گی اور جو اشیاء گھر میں رکھی ہونگی وہیں پڑی رہیں گی۔

والسلام

والسلام

پیشاب بند ہو جائے

بعض اوقات بداعمال کے زور پر اس قسم کا جادو یا بدعمل کیا جاتا ہے۔ جس سے پیشاب بند ہو جاتا ہے اور کسی بھی دوائی سے افاقہ نہ ہوتے ہوئے پیشاب نہیں آتا چونکہ پیشاب نہ آنا ایک نہایت ہی مہلک مرض ہے۔ اس لئے اس مرض سے صحت یاب ہونے کیلئے سات عدد کالی مرچوں کے علیحدہ علیحدہ دانوں پر یعنی ایک دانے پر ایک سو مرتبہ سورۃ قل یاایھا الکفرون پڑھ کر دم کی جائے اور ساتوں دانوں پر دم کرنے کے بعد ایک ایک کر کے دانوں کو چبا کر یا پانی کے ساتھ نگل لیا جائے اللہ کے حکم سے اسی وقت پیشاب کھل جائیگا۔ اگر اس عمل کے ساتھ اس نقش کو بھی اس طریقے سے استعمال کیا جائے کہ نقش کو کالی و نیلی سیاہی ملا کر اس سیاہی سے اس نقش کو لکھا جائے اور اسے کچی لسی میں ڈال کر اس لسی کو پیا جائے اسی وقت پیشاب کھل کر آئیگا۔ اس عمل کو ضرور کیا جائے کیونکہ اگر پیشاب بند رہے تو مریض ہلاک بھی ہو سکتا ہے۔ اگر اس عمل کی بدولت پیشاب کھل جائے تو اسی نقش کو ایک مرتبہ لکھ کر مریض کے گلے میں پہنایا جائے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

لا حول	ولا	قوة	الا
ولا	قوة	الا	بالله
قوة	الا	بالله	العلی
الا	بالله	العلی	العظیم

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

خاتمہ روحانی و جسمانی امراض

بذریعہ جادو یا بداعمال سے اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے مرد یا عورت جسمانی اندرونی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتے اس عمل کا زیادہ اثر عورت و مرد دونوں کی شرم گاہ پر ہوتا ہے۔ جس سے تکلیف بڑھتی رہتی ہے اور سکون نہیں ملتا اس عمل کا توڑ اور کامل علاج کیلئے خالص صنوبر کی چھال لا کر اس پر کسی باریک نوکیلی شے سے مکمل سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو بغیر اعراب کے لکھا جائے اور جس حصے پر ان دو سورتوں کو لکھا جائے اس پر شہد لگا کر بوقت صبح اس کو چاٹا جائے اگر کوئی اس عمل کو نہ کر سکے تو اس نقش کو روزانہ اکیس دنوں تک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھا جائے اور اسے گلاب کے عرق یا شہد ڈال کر چاٹ لیا جائے اور اسی نقش کو اپنے بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے جسمانی و روحانی دونوں امراض کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اور مریض کو ضرور شفاء ہوگی۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

ولو	شاء	لجعله	ساکنا
شاء	لجعله	ساکنا	ان
لجعله	ساکنا	ان	یشاء
ساکنا	ان	یشاء	یسکن
ان	یشاء	یسکن	الریح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مردانہ قوت واپس

اگر کسی نے جادو کے ذریعے کسی مرد کو نامرد بنا دیا ہو جس سے اس کی مردانہ قوت ختم ہو چکی ہو اور کسی بھی علاج معالجے سے آرام نہ آتا ہو تو ان آیات کو مٹی کے کورے سکورے یا مٹی کے پیالے کے اندر نیلی سیاہی سے لکھے اور اس میں سادہ پانی اور گلاب کا عرق ملا کر دن اور رات میں کئی مرتبہ استعمال کرے اور انہی آیات کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے بحکم خدا سلب شدہ مردانہ قوت دوبارہ بحال

ہوگی۔اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو قوت مردمی میں سست ہوں اس عمل کی بدولت دوبارہ کھوئی ہوئی طاقت مل جائیگی لیکن ایسا اگر جادو کے ذریعے کیا ہوگا تب ہی طاقت واپس آئیگی ۔ایسا نہ ہو کہ مردانہ قوت ویسے ہی زیادتی مباشرت کے زائل ہو چکی ہو اس علاج سے فائدہ حاصل کیا جائے ۔ایسے افراد اس علاج کے ساتھ ساتھ ڈاکٹری یا حکیمی علاج بھی کروائیں۔

بسم الله الرحمن الرحیم.وان لکم فی الانعام لعبرة نسقیکم مما فی بطونه من بین فرث و دم لبنا خالصا سائغا للشربین وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصار هم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون وما هو الا ذکر للعلمین افغیر دین الله یبغون وله اسلم من فی السموات والارض طوعا وکرها والیه یرجعون سبحان الذی سخرلنا هذا وما کنا له مقرنین.

ناجائز شہوت بڑھنا

بذریعہ جادو یا بداعمال کے ذریعے اس قسم کا عمل تیار کیا جاتا ہے جس سے مرد وعورت کا دل ہر وقت صحبت کرنے کو کرتا رہتا ہے۔یعنی شہوت اتنی بڑھ جاتی ہے۔جو قابو میں نہیں رہ سکتی اس کیلئے کسی اپنے یا غیر کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ صرف شہوت کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہوئے مرد وعورت ایسے افراد سے بھی صحبت کرنا چاہتے ہیں یا کر بیٹھتے ہیں جو ان کے معیار کے نہیں ہوتے یا ان کے اپنے ہی کوئی عزیز یا رشتہ دار ہوتے ہیں۔اس لئے اس نقش کو کورے ٹھیکرے پر کوئلے کو باریک کر کے اس سے لکھا جائے اور کو اس کو دریا کے پانی میں ڈال کر اس سے غسل کیا جائے اور اسی نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھ کر چمڑے میں بند کروا کر ایک کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو کسی میٹھی شے میں گھول کر پیا جائے ناجائز شہوت کا خاتمہ ہوگا۔اس بات کا مکمل خیال رکھا جائے کہ اس عمل کو کسی ایسی جگہ کیا جائے جو نہایت ہی پاک وصاف ہو اور نقش کے بہتے ہوئے پانی کی ذرا بھی بے ادبی نہ ہو اور اس بچے کو اگر پودوں میں ڈال دیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔اس عمل کو کسی بے ادبی کے بغیر کیا جائے۔

ال ـ ق ـ ق ـ ق ـ ق ـ ق ـ ق ـ ا ـ ب ـ ض

الثابت	الباسط	الکفیل	الشاهد
الشاهد	الثابت	الثابت	الثابت
الثابت	الشاهد	الثابت	الباسط
الباسط	الکفیل	الشاهد	الکفیل

کاروبار سے دل اچاٹ

جادو کے زور پر حسد و بغض رکھنے والے افراد ایسا جادو یا بندش کروا دیتے ہیں جس سے دکان کے مالک کا دل اڑتا رہتا ہے اور اس کا دل یہی کرتا ہے کہ وہ دکان کو بیچ دے اور خود یہاں سے بھاگ جائے جب کہ ایسا کرنے میں سب کو اس فرد کا کھلا نقصان نظر آ رہا ہوتا ہے اور خود اس فرد کو بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ ایسا کریگا تو اس کا بہت نقصان ہوگا۔ایسا وہی افراد کرواتے ہیں جو یہ چاہتے ہوں کہ وہ اس جگہ کو چھوڑ دے اور وہ خود اس جگہ کو خرید کر یا کرائے پر لے کر اس کاروبار کو کریں اس لئے اس عمل کے مکمل خاتمے کاروبار کے چلنے اور اس فرد کی اس کیفیت کو بدلنے کیلئے چلتا ہوا پانی کسی شے میں اتنا لایا جائے جو کافی دنوں تک استعمال ہو سکے پھر ایک مٹی کے پاک وصاف پیالے میں اس پانی کو ڈالے اور اس پر سات دنوں تک چاروں قل شریف کو رات ایک بجے سو سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کیا کرے جب آٹھواں دن آئے تو اس پیالے کو تیز آگ کے اوپر رکھ دے کم از کم آدھ گھنٹہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ پانی سوکھ نہ جائے اتنا پانی ضرور ڈالے جس سے پانی گرم ہونے کے ساتھ ساتھ سوکھ نہ جائے پھر اپنے ہاتھ اور پاؤں کے ناخنوں کو کاٹ کر اس پیالے والے پانی میں ڈال دے اور اس پیالے کے منہ پر مٹی کا ڈھکن رکھ کر ارد گرد موم لپیٹ دے اور اسے کوری مٹی کی ھانڈی میں رکھ کر سورۃ فاتحہ پڑھتا ہوا دریا یا نہر پر جائے اور اسے اس پانی میں بہا دے.جس راستے سے جائے اس راستے سے واپس مت آئے اور گھر آتے ہوئے کسی بھی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پھول ضرور چڑھائے اور دعائے خیر کرے پھر اس نقش کو دو عدد خود اپنے ہاتھوں سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے اور دوسرے کو دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے اس کیفیت کا مکمل خاتمہ ہوگا۔اور دکان پر بیٹھنے کو دل کریگا۔اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ

کرے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جس سے اس عمل کے توڑ کا ذکر کیا جائے حقیقت میں وہی اس کا دشمن ہو اس لئے ایسے اعمال کرنے والے افراد ایسی باتوں کو دوسروں سے چھپایا کریں اس میں انہی کا فائدہ ہے۔ اور ہر جمعرات کو کسی بھی مزار پر حسب توفیق پھول ضرور چڑھائے جائیں نماز و روزے کی سختی سے پابندی کی جائے اور اگر ہو سکے تو (یا الفتاح) کا کھلا ورد کیا جائے اس سے رزق بھی کھل جائے گا اور دست غیب بھی حاصل ہوگا۔

جبرائیل

میکائیل

ق ل ا ع و ذ ب ر ب ا ل ن ا س م ل ک ا ل ن ا س
ا ل ہ ا ل ن ا س م ن ش ر ا ل و س و ا س ا ل خ ن ا
س ا ل ذ ی ی و س و س ف ی ص د و ر ا ل ن ا
س م ن ا ل ج ن ت ہ و ا ل ن ا س

عزرائیل

اسرافیل

خاتمہ بندش

اس عمل کی بدولت بڑی سے بڑی بندش اور جادو ٹونے کا خاتمہ کیا جاتا ہے عمل کرنے میں نہایت آسان ہے لیکن اس کے اثرات بہت قوی الاثر ہیں اگر کوئی فرد اپنی کاروباری زندگی میں کسی بندش یا رجعت کو محسوس کرے تو ایک عدد گلاب کی شاخ موٹی اس طریقے سے لائے کہ نو چندی جمعرات کے آنے سے پہلے اس کو ڈھونڈ لے پھر نو چندی جمعرات والے دن صبح جائے اور اپنے ساتھ سفید کپڑا رکھے اور تمام افراد کی نظروں سے بچ کر اس شاخ کو توڑ کر لائے اس پر سورۃ ناس و فلق کو کسی باریک شے لکھ لے اور اسے مٹی کے کچے گھڑے میں ڈال کر اس کے چھینٹے گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں لگائے اگر اثرات زیادہ ہوں تو وہاں کسی حافظ قرآن سے کونوں میں ایک ایک مرتبہ اذانیں دلوائے عمل نہایت ہی زود اثر ہے اس عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اس کے بعد کاروباری افراد اپنی زندگی میں سکون اور فراخی رزق کو محسوس کرتے ہوئے کامیاب ہونگے۔ اگر ہو سکے تو اسی نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے میں باندھا جائے اور ایک کو کاروباری مقام یا گھر میں چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے نہایت ہی سریع التاثیر نقش ہے اس بات میں کوئی بھی شک نہیں ہے۔ اگر کرنے والا خود کوتاہی کر کے اس عمل میں کامیابی حاصل کرنا ہو چاہتا ہوگا۔ تو ہوسکتا ہے کہ اس قسم کا زبردست نقش و عمل دونوں ہی اپنا اثر نہ دکھائیں اس لئے نہایت کامل پرہیز گاری کے ساتھ اس عمل کو کیا جائے اور خود اپنی کھلی سے مشاہدہ کر لیا جائے کہ کتنا زبردست قسم کا عمل مبارک ہے۔

جبرائیل ؑ

عزرائیل ؑ

سلام قولا من رب الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ابوبکر ؓ

عزرائیل ؑ

جبرائیل ؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل اعوذ برب الناس
ملک الناس اله الناس
من شر الوسواس
الخناس الذی یوسوس
فی صدور الناس من
الجنته و الناس

ختم سوم جادو ٹونہ آسیب

سلام علی آل ابراہیم

عمر ؓ

یسین سلام علی آل یاسین

سلام ھی حتی مطلع الفجر

Scanned by CamScanner

کاروبار و گھر محفوظ

بعض اوقات اس قسم کا سفلی علم کر دیا جاتا ہے جس سے گھر میں رہنے والے افراد اس گھر سے کوفت کھاتے ہیں کاروبار کرنے کو دل نہیں چاہتا پہلے سے شروع کیا ہوا کاروبار محنت اور وقت نہ دیتے ہوئے خود نقصان و خسارے کا شکار ہو جاتا ہے۔ گھر میں چھوٹی چھوٹی باتیں طول پکڑتی ہوئی اتنی بڑی بن جاتی ہیں کہ ان کو سمیٹنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ گھر میں رہنے والے افراد سبھی آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں۔ اور ایسا کرنے سے انہیں سکون فراہم ہوتا ہے۔ ایسا جادو یا بدعمل اپنے بہت ہی قریب رہنے والا مفاد پرست مرد یا عورت کرواتے ہیں۔ جس سے یا تو ان کے نفس کو سکون حاصل ہوتا ہے۔ یا وہ اس گھر کو تباہ و برباد کرنا چاہتے ہیں۔ اس قسم کے تمام بداعمال و جادوٹونے سے حفاظت میں رہنے کیلئے اس لئے اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اپنی دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اور گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اس نقش کی برکت سے گھر و دکان دونوں ہی بداعمال و جادوٹونے سے محفوظ ہونگے اگر اسی نقش کو کسی دھات کے پترے پر کندہ کروا کر کسی بڑے سے برتن میں ڈال دیا جائے اور اس کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی گھر کے سبھی افراد پئیں تو بھی ان کے وجود میں سکون پیدا ہوگا اور وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑا نہیں کریں گے۔ رزق و روزی فراخ ہوگی ساحروں حاسدوں اور بدعمل کرنے والے اشخاص ہرگز اس نقش کی طاقت کے آگے کچھ نہیں کر سکیں گے۔ بلکہ جہاں یہ نقش ہوتا ہے وہاں کسی بھی قسم کا کوئی جادوٹونہ اس گھر یا جگہ کے اندر ہرگز اندر نہیں گھس سکتا اگر کوئی اپنی حفاظت کرنے کیلئے اسی نقش کو بتائے گئے طریقے سے بنائے اور اسے چاندی کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر پہنے تو بے پناہ فوائد حاصل ہونگے۔ انشاءاللہ

جبرائیلؑ
عزرائیلؑ
سلام قولا من رب الرحیم
ابوبکرؓ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
سلام علی آل یاسین
سلام علی آل ابراہیم
عمرؓ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
قل اعوذ برب الفلق
من شر ما خلق و من
شر غاسق اذا وقب
و من شر النفثت فی
العقد و من شر
حاسد اذا حسد
ختم جادو ٹونہ آسیب
سلام ھی حتی مطلع الفجر

جادو کا مکمل خاتمہ

بعض اوقات اس قسم کے
بھی جادو یا بدعمل کروائے
جاتے ہیں جس سے کسی انسان کی زندگی میں نحوستوں
کے بادل چھا جاتے ہیں۔ اپنے اوپر جان چھڑکنے والے عزیز و اقارب غیر بن
جاتے ہیں۔ اس بات کو انسان ہمیشہ سوچتا رہتا ہے کہ جن کے ساتھ میں نے بھلا
اور ان کے حق میں باتیں کی ہیں وہ ایک دم میرے کیسے خلاف ہو گئے ہیں۔ یہ
نہایت ہی زبردست قسم کا جادو اور بدعمل ہوتا ہے اس کے زیر سایہ رہنے والے گھر
میں چھوٹے بڑے بیمار رہنے لگتے ہیں ایک ٹھیک ہوتا ہے اور دوسرا اسی وقت بیمار
پڑ جاتا ہے۔ کوئی بھی دوا یا دعا اپنا اثر نہیں دکھاتی وہی ہاتھ جو کچھ عرصہ پہلے مٹی
ہاتھ میں پکڑتے تھے وہ سونا بن جاتا تھا۔ اب وہی ہاتھ سونا پکڑتے ہیں تو وہ مٹی
بن جاتی ہے۔ دن بدن نئی سے نئی اذیت اور نقصانات مسلسل ہوتے ہی رہتے
ہیں۔ زندگی ایک دم ٹھہر جاتی ہے۔ اور کوئی بھی ترقی کرنے والا یا کامیاب ہونے
والا راستہ نظر نہیں آتا مسلسل پریشان رہنا اور دیگر مختلف نحوستوں میں مبتلا رہنا
زندگی کا ایک حصہ بن جاتا ہے۔ روپے پیسوں سے برکت اٹھ جاتی
ہے۔ بیماریاں گھیر لیتی ہیں۔ گھریلو نظام دھرم بھرم ہوتے ہوئے بالکل ہی بگڑ جاتا
ہے اسی گھر میں رہنے والے خوبصورت مرد و عورت لڑکی یا لڑکوں کے رشتے
مسلسل آتے رہتے ہیں لیکن بغیر کسی وجہ کے طے نہیں پاتے اس عمل کی روک تھام
کرنے اور ان نحوستوں سے جان چھڑوانے کیلئے اس نقش کو نوچندی اتوار والے
دن اس نقش کو زعفران سے بنایا جائے ایک کو شیشے کے فریم میں کندہ کروا کر گھر یا
کاروبار کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اور ایک کو اتنی تعداد میں بنایا جائے جتنے
اس گھر میں رہنے والے افراد ہوں وہ سب اپنے گلے میں اس نقش کو پہنیں اللہ
کے حکم سے نحوستیں بالکل ختم ہو جائینگی۔ انشاء اللہ اس بات کا مکمل خیال رہے کہ
جس طریقے سے مکمل صحت کے ساتھ نقش بنایا ہے اسی طرح بنایا جائے۔

نقش صفحہ (197) پر دیکھئے۔

نحوست و بندش

بذریعہ جادو اور بد اعمال کر کے
کسی پورے ایک گھرانے اس گھر
میں رہنے والے تمام افراد بیک وقت نحوست، ستارہ بندی،
اور دنیاوی تمام ترقی کے راستوں میں بندش کا سامنا کرنا شروع کر دیتے ہیں۔
جس سے ان کا اچھا بھلا چلتا ہوا نظام ایک دم شل ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی محنت و ترقی
کرتا ہو تو اس کے کاموں میں ایسی رکاوٹیں اچانک ہونا شروع ہو جاتی
ہیں۔ جس کے متعلق پہلے سے قطعاً کسی بھی قسم کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی
ہوتی اور کوئی ترقی و کامیابی پانے والا اپنے نیک مقاصد میں بھی کامیاب نہیں ہو
سکتا ہے چھوٹے کیا بڑے کیا سب ہی پریشان اور نئی نئی تکالیف میں مبتلا رہنے
لگتے ہیں۔ اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات زعفران سے سفید کاغذ پر ایک عدد بڑا
سا بنا کر اسے اپنے گھر کی دہلیز پر لگانا چاہئے اور باقی نقش کو اتنی تعداد میں لکھا
جائے جتنے اس گھر میں رہنے والے مرد و خواتین ہو سب ہی اپنے گلے میں اس
نقش کو باندھ لیں اللہ کے حکم سے بندش رکاوٹوں اور نحوستوں کا ایک دم سے
خاتمہ ہو جائیگا۔ دوسرے لوگوں میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے اور اپنے نیک
مقاصد میں ہمیشہ کامیاب ہونے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر چاندی کے
پترے کے اندر محفوظ کروا کر اپنے گلے میں باندھا جائے حاکم وقت بھی مغلوب
ہوگا۔ اور جس سے جو بات کہی جائیگی وہ ضرور پوری کریگا اور جس کے پاس یہ
نقش ہوگا۔ اس کے تمام دشمنان اس کے حق میں بد گوئی نہیں کریں گے اور اس
کے حق میں مغلوب رہیں گے۔ اس نقش کو کسی کی ناجائز زبان چلتی ہوئی کو بھی
باندھا جا سکتا ہے۔ یعنی اگر کوئی کسی کے حق میں ہمیشہ بد گوئی کر کے دوسرے کو
متنفر کرتا ہو اور اس سے دوسرے کا نقصان ہوتا ہو تو اس نقش کو بروز منگل بوقت صبح
سورج طلوع کے کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس کا نام مع والدہ لکھے جو بد
گوئی کرتا ہے اور اسے اپنے الٹے بازو پر باندھ لے۔

نصر من الله و فتح قریب

نصر من الله و فتح قریب

من قوة

ولا ناصر

لا اله الا الله

محمد رسول الله

بذریعہ جادو و بد کلام کسی خوبصورت شادی یا رشتہ ہونا

لڑکے کی شہوت بندی کر دی جاتی ہے جس سے اس کے گھر والے اس کیلئے کئی رشتے ڈھونڈتے ہیں اور کئی رشتے کرنے والے خواہش مند حضرات بھی ہوتے ہیں۔ لیکن لڑکا رضامند نہیں ہوتا لڑکے کے گھر والے اچانک اس اچھے رشتے کی طرف مائل نہیں ہوتے یا کسی غیر متوقعہ وجہ سے یہ رشتہ قائم نہیں ہوسکتا یہی سلسلہ چلتا ہوا اس جگہ آ پہنچتا ہے۔ جہاں شادی بیاہ یا کوئی بھی رشتہ نہیں ہوتا اور نہ ہی کہیں قائم ہوتا ہے۔ اسی طرح لڑکیوں کے رشتے آنے اور ان پر بندش ہو جاتی ہے اور اگر کہیں بات چل بھی رہی ہوتی ہے تو وہاں اس لڑکے یا لڑکی کا رشتہ کرنا اور شادی بیاہ کرنا بعد میں کسی عذاب سے کم نہیں ہوتا کیونکہ یہ سب کچھ بذریعہ جادو و بد اعمال کے کیا جاتا ہے۔ جس سے لڑکی یا لڑکے کے نہ چاہتے ہوئے بھی اس جگہ شادی یا نکاح ہو جاتا ہے۔ جہاں ہرگز ان کی مرضی نہیں ہوتی پھر آہستہ آہستہ لڑائی جھگڑے اور فتنہ وفساد بڑھتے ہوئے نوبت طلاق تک جا پہنچتی ہے۔ بعض اوقات کوئی لڑکا یا کوئی لڑکی ایک دوسرے کو بتائے بغیر پسند کرتے ہیں۔ اور جیسے جیسے مختلف پامسٹ اور عملیات کرنے والے اشخاص ہوتے ہیں ان سے کچھ نے کچھ ایسا عمل کرواتے ہیں جس سے وہ خود ان کی طرف مائل ہو جس سے پیار یا رغبت رکھی جاتی ہے بعض حالات میں عمل کامیاب نہیں ہوتا لیکن جس کیلئے اس عمل کو کیا جاتا ہے وہ رجعت میں پھنس جاتا یا جاتی ہے۔ اس کے کامل علاج کیلئے اس نقش کو صبح سورج طلوع کے وقت اس کے سامنے بنایا جائے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھا جائے ایک کو لڑکا یا لڑکی اپنے گلے میں باندھ لیں اور دوسرے کو سادے پانی میں گھول کر دن میں کئی مرتبہ پیا کریں اللہ کے فضل سے رشتہ و شادی طے پانے والے معاملات کھل جائیں گے۔ اور ایسی جگہ شادی ہوگی جو ان کے حق میں اچھی ثابت ہوگی۔ نہایت ہی زبردست قسم کا نقش ہے۔ اس کی کئی مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے۔

حمعسق کھیعص
کھیعص حمعسق
حمعسق کھیعص

اولاد نہ ہونے میں جنات یا سایہ کا ہاتھ

اگر دو افراد میں تفرقہ، جدائی، مغلوبی دشمنان، طلاق، زبان بندی، عقل بندی، شہوت بندی، ہنستے بستے افراد کو ناگہانی مصائب و پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے، ایک گھر یا کئی گھروں میں فساد ڈلوانے کیلئے، اس نقش کو دن ہفتہ یا منگل قمر و زحل میں نظر تربیع یا مقابلہ ہو جب زحل کے ۲۷، ۳۰ یا ثور کے ۱۱ یا جوزا کے ۵، ۱۹ یا سنبلہ کے ۴ درجہ پر مستقیم ہو اور قمر سے نظر تربیع ہو تب اس فلیتے کو سرسوں کے تیل میں نیلی یا کالی سیاہی ملا کر تھوڑا سا سرکہ ڈال کر ایک عدد سیہہ کے تکلے سے لکھے اور دو عدد فرضی پتلے بنائے۔ ان کے دل کے اوپر نام مطلوب مع والدہ اور نام مع والدہ مع سائل دونوں لکھے جب فلیتہ مکمل ہو جائے تو ایک عدد دیسی مرغ کا دل اور ایک دیسی مرغی کا دل یہ اس صورت میں جب دو میں نفاق فساد اور طلاق کروانی ہو اگر فریقین میں سے دونوں ہی مرد یا دونوں ہی عورتیں ہوں۔ تو پھر اس مقصد سے دو دل صرف نر یا صرف مادہ کے لے کر اس فلیتے کو تیار کرنا ہوگا۔ فلیتے کو بند کرنے سے پہلے بلادر نوشادر شنگرف گندھک اور گوگل کی دھونی اتنی دی جائے کہ ان کاغذوں میں رچ بس جائے پھر تعویذ کی طرح بند کر کے پلاسٹک میں لپیٹ کر دل کے ساتھ رکھ کر تین سوئیاں اس طریقے سے گرم کر کے لگائی جائیں پھر تین سوئیوں کو اس طریقے سے لگایا جائے کہ تعویذ سے گزر کر دل میں گھس جائے اس طرح عمل کرنے کے بعد ان فلیتوں کو قبرستان میں صاف جگہ پر دفن کیا جائے جو مقاصد اوپر درج کئے ہیں۔ ان میں سو فیصدی کامیابی حاصل ہوگی۔ اور ناکامی شرطیہ کسی بھی صورت میں نہیں ہوگی۔ کسی عورت کو بانجھ کرنے کیلئے ایک پتلے پر اس عورت کا نام مع والدہ اور اس کے شوہر کا نام مع والدہ لکھ کر اوپر بیان طریقے کے مطابق عمل کیا جائے عورت بانجھ ہو جائے گی۔ اور دنیاوی چاہے کتنے بھی علاج کر والے اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہیگی۔ اگر کسی گھر میں فتنہ و فساد برپا کرنا ہو تو جو بڑے گھر کے سربراہ ہوں صرف ان کے نام دونوں پتلوں کے مع والدہ لکھ کر بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل کر کے ان کے گھر میں ہی دفن کر دیا جائے چند دنوں کے اندر ہنستا بستا گھر اجڑ جائیگا۔ دو پیار کرنے والوں کے دل میں نفاق اور دشمنی پیدا کرنے اور

ان کے درمیان خونی عداوت ڈلوانے کیلئے اس فلیتے کے اندر بنائے گئے پتلوں کے دلوں پر نام دونوں افراد کا مع والدہ اور عمل اسی طریقے سے کر کے ان میں سے کسی ایک کے گھر میں دفن کر دیا جائے نتیجہ خود بخود سامنے آجائیگا۔ مغلوبی دشمن کیلئے ایک پتلے پر دشمن کا نام مع والدہ اور ایک پر اس کی ماں کا نام مع والدہ لکھ کر بتائے گئے طریقے کے مطابق عمل کر کے اس عمل کو آگ کے پاس اس طریقے سے دفن کیا جائے کہ صرف آگ کی حرارت پہنچتی رہے۔ طلاق کروانے کیلئے ایک پتلے پر نام دلہن مع والدہ اور ایک پر نام دولہا مع والدہ لکھ کر پہلے والے طریقے کے مطابق عمل کر کے اس عمل کو آگ جلنے والی جگہ پر احتیاط سے رکھا جائے تا کہ آگ نہ جلائے صرف حرارت پہنچے چند دنوں میں ایسے اسباب پیدا ہونگے جس سے طلاق ہو جائے۔ اس فلیتے کو تیار کر کے اس کے دونوں طرف ایک ایک پتلہ فرضی بنایا جائے اور پھر جیسے عمل کا بتایا ہے ایسے کیا جائے چونکہ فلیتہ خاص طور سے بغض و عداوت، گھر کو اجاڑنے اور اس قسم کے کئی مقاصد کیلئے لکھا گیا ہے۔ اور یہ جائز اس صورت میں بن جاتا ہے جب کوئی شیطان صفت فرد کسی شریف انسان کو پریشان کرتا ہو اور اسے بلاوجہ اذیت دیتا ہو۔

Scanned by CamScanner

خاتمہ رجعت

اس فلیتے کو دنیا کے کسی بھی معاملے میں لکھ کر آزمایا جا سکتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی رجعت میں گرفتار ہو بہت پریشان رہتا ہو کسی کو اپنے الجھن یا پریشانیوں میں مبتلا ہونے کے اسباب معلوم نہ ہوں کوئی خواہ کسی بھی مقصد کیلئے پریشان ہو اور اس کا مقصد حل نہ ہوتا ہو کوئی ملک سے باہر جانے میں کامیاب ہونا چاہتا ہو اور وہاں خوش حال رہنا چاہتا ہو اگر کوئی پردیس میں پریشان حالی کا شکار ہو جائے اور اس کا کاروبار مسلسل نقصانات کی نظر ہوتا ہو کسی کو حاسد یا دشمنوں کے ہاتھوں نقصانات پہنچتے ہوں اور اس کا کوئی مستقل حل نہ نکلتا ہو اپنے گھر و کاروبار کو اللہ کی پناہ میں کروانے اور اللہ کی رحمت برسوانے کیلئے اس فلیتے کو نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے سفید کاغذ پر زعفران پر اتنا ہی بڑا لکھے جتنا کتاب میں بنا ہوا ہے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کر واکر اسے گھر یا دکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے اللہ کے حکم سے گھر و دکان اللہ کی حفاظت میں ہوگا اور بد عناصر کا خود بخود خاتمہ ہوگا۔ یہ کامل فلیتہ ہر حال میں اپنے سو فیصدی اثرات دکھا کر کامیابی دلوائے گا۔ دوسرے مقاصد میں اس فلیتے کو اپنے مزاج کے مطابق لکھے جیسا کے پچھلے صفحات میں آسان الفاظ میں بتایا ہے۔ اور اسے اپنے گلے یا بازو پر اس طریقے سے باندھے کہ اگر کوئی خاتون ہو تو اسے الٹے بازو پر باندھے اور اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر باندھے اور اسے روز رات کے وقت بازو سے اتار کر جلایا کرے اس عمل کو نحوست کے دفع ہونے تک مسلسل کیا جائے فلیتے کو لکھنے کا کوئی خاص وقت یا سیاہی کی کوئی ضرورت نہیں ہے جس مرضی سیاہی سے لکھیں۔

ایا هیاج ایاج جایا
اهوج هوجا اجوه
هوما جاما
جر
ب طیاخ
خی
شیماخ ابار
حیا
۲۸۰
رورق
ارهاق
ارساق
اطب
۰۸۲

فلیتہ عجیب اثرات

آگے درج فلیتے کے عجیب اثرات ہیں جس کی تشریح کسی بھی حال میں ممکن نہیں ہے۔ اس بات کا دعویٰ ہے کہ اگر کسی کا کوئی بھی کام نہ ہوتا ہو تو وہ حسب توفیق کسی میٹھی سفید شے مثل کھیر یا فرنی کے پکائے اور تھوڑا سا زردہ پکائے اور انہیں اپنے سامنے رکھ کر اس فلیتے کو نوچندی اتوار والے دن لکھے اور لوبان و صندل کو جلا کر اس کی دھونی اس فلیتے کو دے بعد فلیتہ ختم ہونے کے ان اشیاء کو بچوں میں تقسیم کر دے اور اس فلیتے کو سبز کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک چمڑے میں رکھ کر اس سے پہلے اپنے مختصر سے مقصد کو ضرور لکھے اور کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی لے۔ اور خود دیکھ لے کہ جس مقصد کیلئے اس فلیتے کو لکھا تھا۔ وہ کیسے با آسانی ممکن ہو گیا۔ برائے تیغ بندی کامل کیلئے اس فلیتے کو دریا کے کنارے چاند کی چودہ تاریخ والے دن بوقت رات گیارہ بجے لکھے اور اس کے نیچے یا ارد گرد اپنا مقصد لکھ کر اور اپنے دشمنوں کے نام لکھ کر اسے جلائے۔ اس فلیتے کو جانوروں کی ہر طرح سے حفاظت اور خصوصاً گائے و بھینسوں کے زیادتی دودھ کیلئے لکھ کر ان کے جسم سے مل کر جلایا جائے اور کی دھونی گائے و بھینسوں کے تھن کو دی جائے۔ جانور ہر طرح کی بدنظری سے محفوظ ہونگے اور اگر کوئی سفلی علوم کے ذریعے ان میں بیماری پیدا کرنے کی کوشش کریگا تو خود اس میں مبتلا ہو جائیگا۔ اگر کوئی جانوروں کے معاملے میں مسلسل گھاٹے کھاتا ہو تو اس فلیتے کو جلانے کے ساتھ ساتھ ایک کو اس جگہ پر لکڑی کے اوپر کسی چپکنے والی شے سے چپکا کر ہوا میں لٹکا دے جس سے وہ ہوا میں ہلتا رہے اس عمل کی بدولت ناجائز طور پر کئے جانے والے اعمال واپس لوٹ جائینگے اور جانور دشمنوں کے وار سے بچیں رہیں گے۔ اگر کسی کے بہت سے دشمن ہوں اور وہ موقع ملنے پر نقصان پہنچاتے ہوں تو ان سب کے نام فلیتے پر لکھ کر اسے چاند کے سامنے جلا کر اس کی راکھ کو دشمنوں کی گزرگاہ میں پھینکا جائے دشمن جیسے جیسے اوپر سے گذریں گے وہ دشمنی کو یا تو ختم کریں گے یا صلح صفائی کے ساتھ رہیں گے۔ اس عمل کے ساتھ ایک فلیتے کو نام لکھ کر قبرستان میں دفن کیا جائے۔

Scanned by CamScanner

فلیتہ حل المقاصد

اس فلیتے کے بے بہا خواص ہیں یہاں ضرورت کے مطابق کرنے والے خواص سے مطلع کیا جاتا ہے۔ کسی کے دل کی بات کو زبان پر لانے کیلئے اس فلیتے کو کالی و نیلی دونوں سیاہیوں کو ملا کر اس سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اس کے نیچے اپنا مقصد اور جس سے راز اگلوانا ہے۔ اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اس مرد یا عورت کے سوتے میں سینے پر رکھ دیا جائے اور خود اس کی باتوں پر متوجہ ہو جائے اللہ کے حکم سے جو کچھ اس کے سینے میں ہوگا۔ وہ اگل دیگا اور جو کچھ اس سے پوچھنا ہوگا وہ بتائے گا۔ جب سب کچھ پوچھ لیا جائے تو اس فلیتے کو جلا دیا جائے اگر کسی غائب کے آنے کیلئے فلیتے کو استعمال کرنا ہو تو اسے لکھ کر ہوا میں لٹکایا جائے جہاں کہیں بھی ہوگا۔ اس کا دل ہوا میں اڑے گا اور اسے صرف واپس آ کر ہی چین ملے گا۔ شوہر عورت سے یا عورت شوہر سے یا معشوقہ دور کرنے کیلئے اس فلیتے کو مشک و زعفران سے لکھ کر عطر مل کر کسی ایسی جگہ دبائے جہاں آگ جلتی ہو فلیتہ جلنا نہیں چاہیے صرف حرارت پہنچے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دشمن و حاسد افراد کو اپنے حق میں کرنے اور ان سے صلح و صفائی کے ساتھ

رہنے کیلئے اس فلیتے کو لکھ کر کسی میٹھی شے میں گھول کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے اگر سو سال کی بھی دشمنی ہوگی۔ تو اس کے کامل اثرات سے اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور دشمن اپنی دشمنی ترک کرنے پر مجبور ہو جائیگا۔ اگر دشمن کہیں دور رہتا ہو اور اسے پلانا ممکن نہ ہو تو اس فلیتے کو آگ کی حرارت پہنچائے اور اس کا نام مع والدہ اور مقصد ضرور لکھے۔ اگر کسی پر سحر و جادو کر دیا گیا ہو تو اس فلیتے کو سات دنوں تک کسی مٹی کی کنالی یا پیالے کے اندر لکھ کر اس کے چھینٹے مریض کے جسم پر بیری کی شاخ کے ذریعے اس پانی میں ڈبو ڈبو کر مارے۔

قطشا قاھا شج

ھطشا طاقا شج

زبردست فلیتہ

آگے درج فلیتہ اتنا زبردست ہے کہ اس کے خواص کا احاطہ کرنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ استقرار حمل کیلئے اگر اسقاط کا خون جاری ہو تو ایک عدد سرخ کلغی والے مرغ کے خون اور اس کے سیدھے پر سے اس فلیتے کو لکھا جائے اور اسے مریضہ کی شرم گاہ کے ساتھ مل کر جلا کر اس کی دھونی شرم گاہ کو دی جائے اسی وقت خون رک جائیگا اگر اسقاط حمل کا بھی مرض ہوگا تو اس عمل کی بدولت بد اعمال کا اثر ختم ہوگا۔ اللہ کے حکم سے اسقاط نہیں ہوگا۔ اور پیدائش ضرور ہوگی۔ خواہ پیدائش کی بندش میں کوئی بھی عمل یا جادو

Scanned by CamScanner

ہی کیوں نہ کیا گیا ہو۔ قیدی کو قید سے رہا کروانے کیلئے روزانہ رات کو بارہ یہی فلیتوں کو لکھ کر ایک ہی جلسے میں قیدی کا نام لکھ کر اس کا مکمل تصور باندھ کر جلائے اور دھوئیں کو اس طرف حرارت دے جہاں قیدی ہو۔ اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اولاد نرینہ کے حصول کیلئے اس فلیتے کو دو مرتبہ نیلی سیاہی سے سفید کاغذ پر بنایا جائے ایک کو حاملہ کے الٹے بازو اور دوسرے کو سات دنوں تک اس کی جگہ پر چھڑکایا جائے اسی طرح اکیس دنوں تک اس عمل کو کیا جائے اور بفضل خدا اولاد نرینہ ضرور ہوگی۔ عورت کا دودھ اگر کم ہو جائے یا دودھ اترے نہ یا دودھ کو کسی کی نظر لگ جائے جس سے بچے کا پیٹ نہ بھرتا ہو اس فلیتے کو سرک سیاہی سے لکھ کر جسم کے سات مل کر جلایا جائے دودھ کھل کر آئیگا۔ اور بچے ہر قسم کے بداثرات سفلی و کالے علوم کے بداثرات سے محفوظ ہونگے اور اس سے بیماریوں میں بھی بہت فرق پڑے گا۔ زر و مال کے حصول اور اس مقصد میں تمام قسم کی شر افسانیوں اور جادوئی اعمال سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے اس فلیتے کو روزانہ دکان کھولنے کے بعد سات جوتیاں دکان کے اندر مار کر اسے جلائے تاکہ دھواں دکان کے اندر ہی رہے اس عمل کی بدولت جو کچھ بد اعمال پہلے کئے ہونگے ان کے اثرات باطل اور آئیندہ محفوظ ہوا جائیگا۔

فلیتہ و طلسم

اس فلیتے کے کامل فوائد و اثرات دیکھنے کیلئے جیسے فلیتہ بنایا گیا ہے بالکل ایسے ہی بنایا جائے وگرنہ ہو سکتا ہے کہ اثر نہ ہو۔ کیونکہ یہ فلیتہ نہایت زبردست قسم کا طلسم بھی ہے۔ جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو و سحر ایک پل بھی نہیں ٹھہرتا سینکڑوں مرتبہ اس فلیتے کی آزمائش کی گئی ہے۔ اور جب بھی استعمال کیا ہے۔ اس کے اثرات ہی دیکھے ہیں۔ کبھی ایسا ہرگز نہیں ہوا کہ اس فلیتے کو کسی کو لکھ کر دیا ہو اور اس کا اثر نہ ہوا ہو اور نہ ہی کبھی ایسا دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ جادو میں مبتلا مریض کو اس کی بدولت شفاء نہ ملی ہو۔ ہمیشہ جادو سے محفوظ رہنے کیلئے اس فلیتے کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر بنا کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھا جائے اور اگر جادو بہت زور میں ہو تو پہنانے کے ساتھ ایک کو سادے پانی میں گھول کر اس کے چھینٹے مریض کے کمرے میں لگائے جائیں اللہ کے حکم سے اس فلیتے و طلسم کی بدولت شفائے کاملہ ضرور ملے گی۔ اس کے علاوہ اگر کسی کا بغیر کسی وجہ کے خون نکلتا ہو جیسے نکسیر ایام حیض کے علاوہ خون کا بہتے رہنا وغیرہ میں اس فلیتے کو اپنے پہنے ہوئے کسی کپڑے پر کالی یا نیلی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے پورے جسم کے ساتھ مل کر جلا کر اس کی دھونی لے اسی وقت خون کی بندش ہوگی۔ عامل بننے کیلئے روزانہ سات فلیتوں کو لکھ کر جلایا جائے اور کسی سے اس کا ذکر نہ کیا جائے اگر اس فلیتے کی ضرورت دوران زکات بھی پڑ جائے تو لکھ کر دیا جا سکتا ہے لیکن اس سے زکات کے متعلق کبھی نہ بتایا جائے اگر کوئی مبتلائے سحر و آفات و بلیات ہو تو اس فلیتے کو دیسی مرغ کے خون سے لکھا جائے اور اس کے نیچے نام مع والدہ مریض کا اس کے خون سے لکھا جائے اور اس کے جسم سے وار کر جلایا جائے بحکم خدا سو سال پرانا جادو بھی توبہ کریگا۔ پیچھے جن فلیتہ جات کا ذکر کیا ہے جنہیں جنات، آفات، آسیب اور دیگر نورانی مخفی مخلوق خواہ وہ نقصان پہنچاتی ہو یا کسی کے اندر حاضر ہو کر ہم کلام ہوتی ہو۔ ان کو جلا کر اگر صرف یہی ایک فلیتہ بتائے گئے طریقے سے مریض کے جسم سے وار کر جلایا جائے اور اس کے کمرے میں اسی فلیتے کو پانی میں ڈال کر اس کا چھڑکاؤ کیا جائے تو بحکم خدا زندگی میں کبھی بھی پلید یا اچھی روح ستانے یا پریشان کرنے کی غرض سے نہیں آئیگی۔ یہ نہایت ہی کامل اور زبردست فلیتہ

ہے۔ بعض اوقات جادو کی بنیاد یا بچپن سے ہی کئی خواتین ایسی ہوتی ہیں جن کے سر پر کسی بزرگ نما ہوائی شے کا سایہ ہوتا ہے جس سے وہ عورت زندگی میں زیادہ سے زیادہ نقصان میں مبتلا رہتی ہے۔ اور اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی ان خواتین کیلئے یہ فلیتہ کسی کرامت سے کم نہیں اسے نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے الو کے خون سے سفید کاغذ پر بنایا جائے اور حاملہ کے گلے میں باندھا جائے جو بھی سایہ ہوگا۔ وہ جان چھوڑ دیگا اور اولاد ضرور ہوگی۔ اس فلیتے کے ذریعے دنیاوی ہر مقصد میں کامیاب ہونا اور کسی مشکل سے اسی وقت نجات حاصل کرنے کیلئے اس فلیتے کو اسی وقت کالی یا نیلی سیاہی سے لکھا جائے ایک کو اندر دو روپے والا ٹھیپہ رکھ کر بند کر کے کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر اپنا مقصد اپنا نام مع والدہ لکھ کر سر پاؤں کی طرف دفنا دے یا کسی شے سے باندھ دے پھر واپسی پر آتے ساتھ ایک فلیتہ اور اسی طریقے سے لکھ جائے اسی گیسی غبارے کے ساتھ باندھ کر اڑایا جائے اور خود اس عمل کی آزمائش کر لی جائے کہ بوقت مشکل یا مصیبت کس طرح یہ کام آیا ہے۔ اس عمل کی بارہا مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے۔ اور جب بھی آزمایا ہے بالکل ٹھیک پایا ہے۔ اگر کوئی کسی دشمن کو سزا دینا چاہتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی کے اندر سرکہ ڈال کر لکھے۔

زبردست فلیتہ

یہ ایسا با کمال فلیتہ ہے۔ جس کی بدولت انسان دنیا میں کوئی بھی ایسا کام اس کے ذریعے سے کروا سکتا ہے۔ جو دنیا میں ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہو۔ اس فلیتے کو اگر کوئی ویسے ہی نوچندی جمعرات والے دن بروز صبح سورج طلوع کے وقت الو کے خون سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو یا گلے میں باندھ لے تو اس پر دنیا کا کوئی بھی ساحر جادو ٹونہ نہیں کر سکے گا۔ اس فلیتے کو پاس رکھنے والے کو دنیا کا کوئی بھی انسان کسی اوزار یا ہتھیار وغیرہ سے قطعاً نہیں مار سکے گا۔ بلکہ وہ جب بھی مرے گا اللہ کی طرف سے آئی ہوئی موت سے مرے گا۔ حاملہ خواتین اس فلیتے کو بالکل اسی طریقے سے تیار کر کے اپنے گلے میں باندھے اور رات کو بعد نماز عشاء اسے اتار کر اپنے پورے جسم سے مل کر جلائے اس سے بچہ و ماں دونوں ہر قسم کی آفات، ام الصبیان، جموگہ اور اس سے دیگر جتنے بھی پیدائش کے دوران حادثات اکثر واقع ہوتے ہیں۔ ان سے محفوظ ہوا جا سکے گا۔ دنیاوی ہر کام میں فتح حاصل کرنے کیلئے اس فلیتے کو چاندی کی انگشتری کے نیچے رکھوا کر اسے اپنی سیدھی انگلی میں باندھے اس عمل کی بدولت بے بہا فتوحات و ترقیاں ہونگی۔ اور غیب سے رزق کی فراخی کے وسائل بنتے چلے جائیں گے۔ خاص طور سے تیغ بندی کرنے کیلئے اس فلیتے کو چار تاریخ انگریزی ماہ کو چلتے پانی کے اندر ناف کے مقام تک اندر جا کر مرغ کے خون سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کا نام مع والدہ ضرور لکھے۔ جس کیلئے اس فلیتے کو تیار کیا گیا ہے۔ اس فلیتے کو دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے جسم سے وار کر اسے جلائے۔ سفلی کالا اور بدعمل کرنے والوں کیلئے اس فلیتے کو ان کا کامل تصور باندھ کر لکھے اور لکھنے کی تعداد چار عدد ہو پھر انہیں آتشی، بادی، آبی، اور خاکی طریقہ کار سے استعمال کرے دشمن جو کوئی بھی بدعمل یا کالا علم کروانے کے بعد اس بات کی امید رکھتا ہوگا۔ کہ اس کے بد اثرات سے کوئی مغلوب ہوگا۔ تو ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ بلکہ جو کوئی بھی ایسے اعمال کرواتا ہوگا۔ وہ خود اس بدعمل کی لپیٹ میں آجائیگا۔

فلیتے سے جسم پر آبلے

اس عمل کی بدولت دشمن جو کوئی بھی ہو اس کے جسم پر آبلے پڑتے ہیں۔ اور اگر دشمن اس کا روحانی طریقہ کار سے کوئی سد باب نہ کرے تو یہ سرخ دانوں کی شکل اپناتے ہوئے کینسر کی شکل میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس عمل کو نہایت سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے وگرنہ عذاب میں مبتلا ہو گا۔ یہ فلیتہ مصری جادو سے منسوب ہے اور اس کے عامل اس سے یہی کام لیتے تھے۔ چونکہ وہ کسی جلالی دیوتا کی نیاز دلوا کر اس سے کام لیتے تھے۔ لیکن ہمارے معاشرے میں دیوی دیوتاؤں کو نہیں مانا جاتا اس لئے نیاز عزرائیلؑ کے نام کی بتائے جانے والے طریقے کے مطابق دلوائی جائیگی۔ اس فلیتے کو تین دنوں تک روزانہ اکیس مرتبہ لکھا جائے اور فلیتے کی پشت پر نام دشمن مع والدہ لکھے۔ اور ہر روز دوپہر کسی تنہا جگہ جا کر سب فلیتوں کو تیز ساکھو کی آگ میں جلائیں اور سورۃ انا اعطینا الکوثر پڑھیں اور ابتر کی جگہ فلان بن فلان ھوالابتر ھوالابتر ھوالابتر تین دن کے بعد دشمن کے جسم پر آبلے پڑیں گے۔ اور تباہ ہو گا۔ اسی طرح تین دن لکھ کر دوپہر کے وقت دریائے رواں کے کنارے کھڑے ہو کر انا اعطینا پڑھے۔

اولاد بندی

اگر کسی پر کسی نے سفلی و بد اعمال کے ذریعے اس کی اولاد بندی کر دی ہو جس سے اولاد نہ ہوتی ہو اور نہ ہی کوئی بھی نسخہ اپنا اثر دکھاتا ہو تو اس فلیتے کو بروز منگل اکیس مرتبہ سرکے میں کالی سیاہی اور نیل ملا کر لکھے اور حاملہ یا حمل قائم ہونے سے پہلے اس فلیتے کو اپنے پیٹ پر مل کے اس کو جلا کر اس کی دھونی کو اپنے پیٹ کو دیا کرے اس عمل کی بدولت پیٹ کھل جائیگا اور حمل ساقط نہیں ہو گا۔ اور اولاد ضرور ہو گی اس عمل کے ساتھ کتاب میں سے کوئی بھی خیر و برکت والا نقش اس کے طریقے کے مطابق لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھ لے اور پینے والے نقوش کو پیا کرے اللہ کے حکم سے اولاد بندی والا سلسلہ ختم ہو جائیگا۔ اور اولاد ضرور ہو گی۔ اگر کسی کی اولاد پیدا ہوتے ساتھ ہی مر جاتی ہو تو بھی اس فلیتے کو بتائے گئے طریقے کے مطابق لکھے اور اسے اپنے پیٹ اور پورے جسم کے ساتھ مل کر جلائے اگر کسی کی اولاد پیدا ہونے کے بعد صرف چند ماہ ہی زندہ رہتی ہو تب بھی اس فلیتے کو اس طریقے سے بنا کر اس کو جلا کر اس کی راکھ کو بچے سے واکے اسے دریا یا نہر میں ڈال دیا کرنے۔ بچے ناجائز ضد کرتے ہوں اس کے خاتمے کیلئے فلیتے کو نیلی سیاہی سے لکھ کر بچے کے پاؤں سے مل کر اسے رات کو جلایا

Scanned by CamScanner

جائے اور اس کی راکھ پہننے والی جوتی میں رکھ دی جائے ایک تو بچہ باہر آوارہ گردی نہیں کریگا۔ اور ناجائز ضد نہیں کرے والدین کا کہنا مانے گا اور ناجائز کھیل تماشوں سے بھی گریز کریگا۔ اسی طرح اگر بڑے بدتمیزی کرتے ہوں تو کسی بھی سیاہی سے لکھ کر اس کے پاؤں سے مل کر فلیتے کو جلایا جائے۔

عزت وغلبہ

اگر کوئی کسی سے بھی ناجائز بدتمیزی کرتا ہوں ناجائز منہ ماری کرتا ہو اور اس فرد کی عزت وقدر نہ جانی جاتی ہو واس کے خاتمے اور ان افراد کے دلوں میں اپنی جائز عزت واقتدار کو بھرنے کیلئے اس فلیتے کو اکیس مرتبہ پھلدار درخت کے سائے میں بیٹھ کر اسی کی شاخ سے سرخ روشنائی سے لکھے اور جو فرد زیادہ بدتمیزی کرتا ہو اس کا نام ضرور لکھے اور اپنے جسم سے وار کر اس کی راکھ کو اس فرد کی گزرگاہ میں پھینک دا گر بہت زیادہ فریق ہوں اور وہ سب ہی عزت نہ کرتے ہوں تو نام لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر اس عمل کو بالکل اسی طریقے سے کرے اور اس راکھ کو اسی درخت کی جڑ میں دفن کردے اور اثرات خود دیکھ لے اگر کسی فرد سے نئی

دوستی پیدا کرنی ہو تو اس فلیتے کو اس فرد کا نام مع والدہ لکھ کر جیسے طریقہ اوپر بتایا ہے اسی طریقے سے کرے اور اس کی گزرگاہ میں اس کی راکھ کو اس طریقے س پھینکے کہ وہ اس راکھ سے گزرے وہ صاحب عمل فرد کے ساتھ دوستی کرے گا اور جو بات کہی جائیگی وہ مانے گا۔ میاں بیوی کے باہمی اتفاق وسلوک کیلئے اسی فلیتے کو اسی طریقے سے بنا کر اسے آگ کے پاس دفن کیا جائے جس سے فلیتہ جلے نہ صرف اسے آگ کی حرارت پہنچتی رہے میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔ اگر کوئی کسی سے زیادتی بھی کرتا ہوگا تو اس فلیتے کو آگ کے پاس دفن کرنے کی بجائے اسے روزانہ اپنے کام کا تصور باندھ کر جلایا کرے۔

بندش ورکاوٹوں کے خاتمے کیلئے

اگر کوئی مسلسل ہی پریشانیوں مصیبتوں اور دیگر قسم کی بندشوں میں گرفتار رہتا ہو اور اسے بھی سمجھ نہ آتی ہو کہ یہ کیا ہو رہا ہو تو وہ اس فلیتے کو بوقت صبح سورج طلوع کے کالی سیاہی سے لکھے اور اسے اسی وقت اپنے جسم سے مل کر سورج کے سامنے جلا دیا کرے اس سے ناجائز رکاوٹوں و پریشانیوں کا خاتمہ ہوگا۔ بچوں کا پڑھائی میں دل

لگنے کیلئے اس فلیتے کو رات کو پانچ عدد لکھے اور اسے بچوں کے سر سے سات مرتبہ اتار کر سات جوتیاں مار کر جلائے اس سے بچوں کا پڑھائی میں دل لگے گا۔ اگر کوئی فرد کسی بات کو بھول جاتا ہے تو وہ اس فلیتے کو روز رات کو ایک لکھ کر اپنے پورے جسم کے ساتھ مل کر اسے جلایا کرے اور اس کی دھونی لیا کرے بھول جانے کی بیماری کا خاتمہ ہوگا۔ تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ پچھلے صفحے پر جو فلیتہ جات گذرے ہیں اور ان کے خواص لکھے ہیں یہ سب دنیاوی و روحانی کاموں میں ضرور مدد دینگے کیونکہ ان کا تعلق ظاہری آنکھ سے دیکھنے والی اشیاء سے نہیں بلکہ ہوا کی طرح لہروں سے ہے جو اچھی بھی ہو سکتی ہیں اور بری بھی لیکن یہاں جن خواص کو لکھا ہے وہ سب اچھائی کی طرف جاتے ہیں اور برائی کرنے یا کروانے کا ان کا ایک رتی بھی حصہ نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو سوچیں کہ فلیتہ جات سے بچوں کا دل پڑھائی میں کیسے لگے گا یا ان فلیتہ جات سے حب کیسے پیدا ہوگی تو اس بات کیلئے ایک صفحہ خصوصاً لکھنا پڑ رہا ہے کہ اپنوں میں سے یا کوئی عزیزوں میں سے یا کوئی مفاد حاصل کرنے والے افراد اس قسم کا جادو یا تعویذات یا بداعمال کرواتے یا خود کرتے ہیں جس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے مرد اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا بچوں کا دل پڑھائی سے اچاٹ کروایا جاتا ہے۔ اذیت میں مبتلا کیا جاتا ہے نئی نئی قسم کی تکالیف میں مبتلا کیا جاتا ہے اور ایسے کئی نقصان دہ کام کروائے جاتے ہیں جن کیلئے خصوصی طور سے کامل محنت کرتے ہوئے ایسے نسخہ جات درج کر دئے ہیں جو بے شک سینوں کے رازوں میں سے ایک راز تھا اس بات کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے اگر کوئی بھی ان فلیتوں سے مشابہت رکھنے والا فلیتہ یا خواص کسی دوسری کتاب میں دیکھے تو وہ ثبوت کے ساتھ ضرور آئے۔ لیکن اللہ کے حکم اور پیر صاحب کی دعا سے میرا اس بات کا بھی دعویٰ ہے کہ کوئی بھی نہیں آئیگا۔ فلیتہ جات کا عمل جلانے سے ہوتا ہے کیونکہ یہ ایک زبردست قسم کے فارمول کا محتاج ہوتا ہے۔ جس سے کامیاب اور ناکامیاب بھی انسان خود اپنے ہاتھ سے بناتا ہے اور دوش کتاب کو دیتا ہے کہ نسخہ ٹھیک نہیں لکھا ہوا اس لئے ایسے فضول قسم کے افراد مصنف کتاب سے کسی بھی قسم کا کوئی بھی رابطہ نہ کریں اور نہ ہی اس بے تکی بات کی شکایت کریں وگرنہ الٹا شرمندگی کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا۔ باطن

انسان کا اپنا تاریک ہوتا ہے اور وہ اصل نسخہ جات میں بھی شک کرتا ہے اور انہیں جادو سمجھتا ہوا خود محنت نہیں کرتا بلکہ اسی سے سب کچھ کرنے کی بھی خواہش رکھتا ہے۔ یہ بہت غلط بات ہے۔

میاں بیوی زیر اثر جادو کیسے؟

بعض مرتبہ ایسے ہوتا ہے کہ دو اچھے بھلے میاں بیوی ایک دم آپس میں نفرت، پھوٹ، اور ایک دوسرے سے دل اچاٹ کرنے والا معمول بنا لیتے ہیں۔ جس سے ان کی آپسی نفرت میں بعض اوقات معاملہ طلاق تک جا پہنچتا ہے۔ اگر طلاق نہ ہو تب بھی وہ ایک دوسرے کو اچھا نہیں سمجھتے اور اگر طلاق ہو جائے تو بعض اوقات مرد کی جانب سے ایک قسم کا جادوئی عمل تیار ہوتا ہے۔ جس میں اس کو سبق سکھانے اور اسے ذلیل و رسوا کرنے والا بد عمل کیا جاتا ہے۔ جو اگر اپنے اثرات نہ دکھائے تو جس پر ایسے عمل کو کیا جاتا ہے اس کا جسم گھٹ جاتا ہے اور وہ طرح طرح کی تکالیف میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس کا بر وقت علاج کیا جائے وگرنہ آہستہ آہستہ یہ معاملہ بڑھتا جاتا ہے اور ایسے مرض کی شکل اپنا لیتا ہے۔ جس کی ابھی تک سائنس نے کوئی دوا نہیں بنائی بعض اوقات اس کے الٹ ہوتا ہے یعنی عورت اپنے خاوند پر ایسے اعمال کرواتی ہے۔ جس سے وہ ان تکالیف میں مبتلا ہو جائے بعض اوقات گھر میں رہنے والے افراد اس عورت کو برداشت نہیں کرتے اور مختلف قسم کے اعمال کرواتے ہیں۔ جس سے ان کی آپس میں طلاق ہو جائے اور گھر والے جو سوچتے ہیں اسی طرح کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ یعنی اپنے بیٹے، بھائی کی کسی نئی جگہ شادی کروانا وغیرہ اس قسم کے اور بہت سے ایسے معاملات ہوتے ہیں۔ جو دیکھنے پر اتنے بڑے تو معلوم نہیں ہوتے لیکن وہ اتنے بڑے بن جاتے ہیں جس سے میاں بیوی کا آپس میں ایک پل بھی گذارا نہیں ہو پاتا اور وہ زیادہ سے زیادہ چھوٹی چھوٹی باتوں اور بغیر کسی وجہ کے آپس میں ایسی باتیں ضرور ایک دوسرے کو کہتے ہیں۔ جس سے میاں اپنی بیوی پر نہ چاہتے ہوئے بھی ہاتھ اٹھاتا ہے اور اسے مارتا پیٹتا ہے۔ ایسے بد اعمال ایسے افراد کرواتے ہیں جن کو کوئی نہ کوئی غرض ہوتی ہے۔ اور بعض اوقات یہی معاملات ایسی بناء پر کئے جاتے ہیں۔ جن کی کوئی واضح علامت نہ تو ہوتی ہے اور نہ ہی اس کی سمجھ آتی ہے لیکن آخر کار ان دونوں کو ایک دوسرے سے ضرور جدا کیا جاتا ہے۔ اس لئے ایسے افراد جلد بازی کرنے کی بجائے پہلے اپنی اصلاح کریں اور اصل وجہ کو ضرور ڈھونڈیں۔

گھر میں غلاظت اور گندگی

ایسے کئی گھر ہونگے جہاں سے گندی بد بو ہر وقت آتی رہتی ہے۔ اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ یہ بد بو کہاں سے آ رہی ہے لیکن یہ سلسلہ مسلسل شروع رہتا ہے اور گھر کے افراد اس حرکت سے بہت پریشان ہوتے ہوئے طرح طرح کی مصائب اور مشکلات میں مبتلا رہتے ہیں۔ کبھی گھر سے گندی اور غلاظت سے بھری اشیاء ملتی ہیں جن کی سمجھ نہیں عجیب قسم کی اشیاء اور ان کی غلاظت سے دل خراب ہوتا ہے۔ کبھی ایسی حرکات گھر میں صحن، چھت، اور باہر مین گیٹ کے بالکل سامنے پڑی ہوتی ہیں۔ جن میں اکثریت کالے ماش، اور مختلف دالیں، چینی، اور اس قسم کی بہت ساری کھانے و پینے والی اشیاء ہوائی چیزیں رکھ دیتی ہیں۔ جو دیکھنے پر معلوم تو صحیح ہوتی ہیں۔ لیکن کبھی ان اشیاء کو گھر میں ہرگز داخل نہ کیا جائے بلکہ جیسے جیسے اشیاء ملتی جائیں ان سب کو جمع کر کے کسی شے میں رکھ کر سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر ان اشیاء پر دم کیا جائے اور ان سب کو چلتے پانی میں بہا دیا جائے اس عمل کی بدولت جس کسی نے غلاظت و پلیدی والا عمل کروایا ہوگا۔ اس کا سارا اثر باطل ہوگا۔ اصل میں ایسی بہت ساری اشیاء ہوتی ہیں جو مختلف طریقہ کار سے گھر یا دکان میں پڑی موجود ملتی ہیں۔ جانوروں کی ہڈیاں، مرغیوں کے پر، دل، چونچ، اور مختلف جانداروں سے منسوب اشیاء اس گھر یا دکان سے برآمد ہوتی ہیں۔ ان سب اشیاء کا بد اثر باطل کرنے کیلئے جیسے بتایا ہے اسی طریقے سے کیا جائے اس عمل سے جو کچھ بھی ہو اس کا اثر باطل ہو جاتا ہے۔ اگر کہیں سے کالا نمک اور اور اس کے وزن کے برابر اصل پہاڑی پتھر مل جائے تو ان دونوں کو کھرل میں ڈال کر کوب باریک پیس لیا جائے اور اس پر سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو ایک ایک تسبیح پڑھ کر دم کیا جائے اور اس نمک سے تین لکیریں اپنے گھر کے مین گیٹ کے باہر لگا دے اگر دو دروازے ہوں تو دونوں دروازوں پر سات دن گیارہ دن اس عمل کو کرے اس عمل سے اگر کوئی بھی بد عمل کروائیگا۔ تو اس کا اثر اس گھر میں داخل نہیں ہوگا بلکہ وہ سب کچھ اسی طریقہ سے اس کی جانب جائیگا۔ جو بد عملیات کروانے میں شریک ہوگا۔ یہ سب سے زیادہ سریع التاثیر عمل ہے۔

شیطان اور جادو کے اثرات

اصل میں جادوئی کلام، جادوئی اشیاء، جنتر، منتر، تنتر، اور اس قسم کی بہت سی دیگر اشیاء سب کچھ شیطانیت سے منسوب ہیں۔ جس طرح شیطان انسان کی رگوں کے اندر خون بن کر دوڑتا ہے۔ اور انسان سے ایسے فعل انجام دلواتا ہے۔ جس کے متعلق وہ انسان بھی سوچتا رہ جاتا ہے۔ کہ وہ ایسا کیوں کر رہا ہو تو خود دیکھئے کہ کس طرح انسان شیطان اور اس کے طریقوں سے مغلوب ہوتا ہے اور وہ کیا چاہتا ہے؟ دنیا میں ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں جس کی بنیاد پر ایسے ایسے بداعمال، جادو، ٹونے، مخفی مخلوقات، انسان کی زندگی میں سے خوشیاں چھین لینا، اور ایسے کئی طریقہ کار ہیں۔ جو یہاں مکمل بیان نہیں ہوسکیں گے بلکہ صرف مختصر بتایا جائیگا کہ دنیا میں ایسے مفاد پرست مرد وعورت اب بھی موجود ہیں۔ جو اپنے نفس کو مطمئن کرنے کسی کو عذاب وسزا میں مبتلا کرنے زندگی میں ہر وقت مشکلات ومصائب میں گھرے رہنے اور ایسی کئی اذیتوں میں ایک انسان دوسرے انسان کو کسی عامل یا خود اپنے طریقے سے کوئی بدعمل کر کے کیا جا رہا ہے۔ اس کی بھی بہت سی وجوہات ہیں جیسے اگر کوئی مرد کسی عورت کو چاہنے لگ جاتا ہے اور وہ عورت شادی شدہ ہو تو اس میں وہ مرد یہ نہیں دیکھتا کہ میری ایسی حرکات سے اس کا گھر اجڑ جائیگا یا وہ برباد ہو جائیگی نہیں صرف اپنے نفس کو مطمئن کرنے اور اسے اپنے قابو میں کرنے کے ساتھ ساتھ حکم کا غلام بنانے کیلئے وہ کسی عامل سے ایسا عمل کرواتا ہے جس کا مقصد اس عورت کو اس مرد کے تابعدار بنانے سے متعلق ہوتا ہے۔ جب اس قسم کا عمل کیا جاتا ہے تو سب سے پہلے اس عورت کا گھر برباد اس طریقے سے ہوتا ہے کہ اس کی اپنے میاں سے چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی شروع ہو جاتی ہے۔ جس سے یہ معاملہ بڑھتا بڑھتا آخر کار طلاق تک جا پہنچتا ہے۔ اور اس کا میاں اسے طلاق دے دیتا ہے اگر ان لڑائی جھگڑوں سے وہ عورت آزاد ہو جائے تو جس مرد نے ایسا کیا ہوتا ہے وہ اچانک اس کی زندگی میں خود ہی آجاتا ہے اور پھر اس سے اپنی خواہش پوری کرنے اپنے قابو میں کرنے اور اس کو اپنے حکم کے ماتحت کرنے کیلئے اس عامل سے نیا عمل کروایا جاتا ہے جس کا مقصد اس عورت کو مغلوب کرنے سے ہوتا ہے۔ اب جو عامل اس عورت کا گھر اجاڑ کر اس عورت کو اس مرد کے پاس لاسکتا ہے تو ظاہر ہے کہ وہ

اس قسم کا بھی عمل کر سکتا ہے۔ جس سے وہ عورت ہمیشہ اس مرد کے بس میں رہے تو اس قسم کا کر کے اس عورت کو ہمیشہ کیلئے اپنے مغلوب کر کے اس سے جو کچھ بھی سوچا ہوتا ہے۔ ویسا کیا جاتا ہے پھر جیسے جیسے وقت گزرتا جاتا ہے وہ مرد بھی اس عورت سے بیزار رہنے لگتا ہے اور آخر کار اس عورت کے ناچاہتے ہوئے بھی اسے چھوڑ دیتا ہے۔ اور پھر کسی دوسرے شکار کی جانب رجوع کرتا ہے۔ پھر اسی طرح یہ سلسلہ ساری زندگی چلتا رہتا ہے اور جس پر اس عمل کو کیا جاتا ہے وہ عورت اس عمل سے مغلوب ہوتے ہوئے کیا سوچتی ہے کیا کرتی ہے اس کے متعلق خدا یا وہ عورت ہی جانتی ہے۔ اب بالکل اسی طرح بعض عورتیں مردوں پر ایسے اعمال کو کرواتی ہیں۔ جس سے ان کی زندگی جہنم بن جاتی ہے اور وہ اپنی بیوی سے سچا پیار اور وفا نبھانے کے ساتھ ساتھ اس سے بیوفائی کرنے لگ جاتے ہیں۔ جس سے ان کا ہنستا بستا گھر اجڑ جاتا ہے۔ اس قسم کی اور بہت سی مثالیں ہیں۔ جس سے ایک دوسرے کو اپنے حق میں مغلوب کرنے اور ان سے اپنی جائز و ناجائز خواہشات کو پوری کروانے والے اعمال کروائے جاتے ہیں۔ ایسے اعمال اپنا اثر ہرگز اثر دکھاتے ہیں کیونکہ یہ عام عاملوں کا کام نہیں ہوتا بلکہ اس علم میں مکمل مہارت حاصل رکھنے والا ایسے اعمال کرتا ہے جس سے کسی کو بھی اپنا غلام بنایا جا سکتا ہے اور کسی سے بھی اپنی ناجائز خواہش کو پورا کای جاسکتا ہے۔ اس عمل سے متعلق چونکہ نہ مرد یا عورت آشنا نہیں ہوتے اور وہ ایک کٹھ پتلی کی طرح اپنے حریف کی انگلیوں میں خود ناچتے رہتے ہیں۔ اور قدرت کی طرف سے اس عمل کو ایک اتفاق اور قدرتی عمل سمجھتے ہیں۔ ان کا ذھن ہرگز اس طرف نہیں جاتا ہے۔ کہ اچانک کوئی شخص یا عورت کسی کی زندگی میں آکر اس کا دل کیسے جیت لیتے ہیں اور خواہش یا مقصد پورا ہونے کے بعد کیسے دل کو توڑ دیتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک مشن ہوتا ہے جس میں نفس بھڑکتا ہے اور وہ کچھ کرتا ہے جس سے نفس کی تسکین ہوتی ہے۔ اس لئے ایسے اعمال ہمارے اس معاشرے میں بکثرت ہوتے ہیں۔ اور ایسے اعمال کے زیر اثر رہنے والوں کی میرے پاس زندہ مثالیں موجود ہیں۔ اگر کوئی ان باتون پر یقین رکھتا ہو تب بھی اور اگر یقین نہ رکھتا ہو تب بھی بداعمال اپنے اثرات ضرور دکھاتے ہیں عملیات و تعویذ گنڈوں میں قطعاً کسی کی شخصیت یا کسی عہدے کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔

ام الصبیان کیا ہے؟

ام الصبیان کا مطلب یعنی مصیبتوں کی ماں اور یہ مرض اس وقت لاحق ہوتا ہے۔ جب کسی کے ہاں پیدائش ہوتی ہے۔ اس مرض کا تعلق ایسی خواتین سے ہوتا ہے جن کی اپنی وفات اس وقت ہوئی ہو جب ان کے ہاں پیدائش ہونی ہو اور وہ کسی بھی وجہ سے فوت ہو جائیں اور بچہ زندہ یا مردہ ان کے پیٹ میں موجود ہو اس عمل سے ہلاک یا فوت ہونے والی خاتون کی روح کوئی اور چیز بن جاتی ہے۔ اور جیسے ہی کسی کے ہاں پیدائش ہوتی ہے۔ تو اسی عورت کی روح اپنا بچہ سمجھ کر اس گھر میں داخل ہوتی ہے یا مختلف قسم کے روپ اپنا کر جاتی ہے جہاں پیدائش ہوئی ہو چونکہ اس کے مخفی پہلو کو دیکھنے کیلئے نہایت ہی ریاضت اور چلہ کشی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو کہ اس دور میں محال کام ہے۔ اس لئے کوئی بھی اس روح یا اس کے دھارے ہوئے روپ میں کوئی فرق پیدا نہیں کرسکتا اور وہ اس بچے سے اپنے مخفی معاملات بڑھاتی ہے۔ جس سے وہ بچہ اچانک عجیب قسم کی بیماریوں اور تکالیف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض اوقات بچے کے ساتھ ساتھ وہ عورت بھی اس کی لپیٹ میں آجاتی ہے۔ جو ان طریقہ کار کو جانتی نہ ہو ویسے اللہ رب العزت تمام انسانوں کو ایسے طریقوں سے محفوظ فرمائے اور اگر اس کا پہلے سے کوئی ٹھوس بندوبست نہ کیا ہو یا کسی قسم کی بے احتیاطی کی جائے تو بچہ و ماں دونوں کا اسی وقت ساری زندگی بیماریوں میں رہنے کا بندوبست کر دیا جاتا ہے۔ چونکہ یہ روح ایک جسم میں داخل ہونے کی طاقت رکھتی ہے۔ اس لئے بچہ بول کر بتا نہیں سکتا اور اس کی ماں کو بچے کی زیادہ اور اپنی فکر کم ہوتی ہے۔ اس تمام معاملے کو ام الصبیان کہا جاتا ہے۔ جسے آج روحانیت کی کتابوں میں اپنی جاہلانہ اور ڈھینگے مارنے والے علامہ اور اس کے ساتھی کچھ اور ہی سمجھ کر عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ بیوقوف بنا رہے ہیں۔ اگر کوئی پہلے سے اس قسم کی آفات میں مبتلا ہو چکا ہو تو وہ روزانہ کسی حافظ قرآن سے اپنے گھر میں اس کمرے میں ایک سپارہ روز کا تلاوت کروائے اور سپارہ ختم کرنے کے بعد سادے پانی پر دم کر کے بچے کے سر پر ملا جائے اور عورت کو پلایا جائے اس سے کافی حد تک اصلاح ہوگی۔ اور ماں و بچہ محفوظ ہونگے۔

تعریف جنات

جنات ایک بہت ہی زیادہ قوی الاثر قوم ہے جو انسانوں کے بالمشابہ زندگی گذارتے ہیں۔ شادیاں کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ان کے متعلق بنائے گئے قوانین کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں۔ ان کا علیحدہ ہی ایک جہاں ہوتا ہے۔ اور جیسے ہی ان سے متعلقہ اور ان کو بلانے والے طریقہ کار کے مطابق کوئی عامل اس مخلوق کو اپنی تسخیر میں کرنے کیلئے کوئی چلہ کھینچتا ہے۔ تو یہ اس جہاں سے اس عامل کے پاس آپہنچتے ہیں۔ جو انہیں انہی کے طریقہ کار کے مطابق اپنے پاس بلاتا ہے۔ جس میں سے کئی کامیاب ہوتے ہیں اور کئی بیچارے ساری زندگی پاگل اور دیوانے بن جاتے ہیں۔ چونکہ چلے میں ڈرنے والے کا کوئی بھی علاج نہیں ہوتا اس کا صرف ایک ہی علاج ہوتا ہے کہ دور حاضر کا ولی کامل اس کو اپنی توجہ دے اور اس کی جان چھڑوائے وگرنہ عملیات اور مختلف نقوش و اعمال سے ایسے مریضوں کا قطعاً کوئی علاج نہیں ہوتا اس لئے ان کو اپنے اپس بلانے والے نسخہ جات کو نہایت ہی احتیاط اور صاحب علم فرد سے پوچھ کر کیا جائے کیونکہ اگر نسخہ غلط ہو تو ان تک نہ تو اس عامل کی آواز جاتی ہے اور نہ ہی وہ اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اس لئے یہ حاضر نہیں ہوتے اور نہ ہی کوئی نقصان ہوتا ہے جس سے عامل کا جگرا اور بڑھتا ہے اور وہ پھر سے مسلسل چلہ کشی کرتا رہتا ہے اس طریقے سے عمل میں اگر ایک رتی بھی کوئی کوتاہی ہو جائے تو اس کی معافی نہیں ہوتی کیونکہ قوم جنات میں وہ تمام مذاہب موجود ہیں۔ جو انسان اس دنیا میں خود رکھتا ہے جیسے کوئی مسلمان ہے، کوئی ہندو، عیسائی، نصرانی، یہودی، مجوسی، اور دیگر فرقے اور مذاہب رکھنے والوں کی طرح ان کے بھی مختلف مذاہب ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں حافظ قرآن جنات ہوتے ہیں اور عامل بھی بعض قوموں میں نہایت ہی اونچے طبقے کے جنات سردار ہوتے ہیں۔ جو انسان کو انسان نہیں سمجھتے اور عامل کے پاس آکر اسے اپنی طاقت دکھائے بغیر نہیں رہتے چونکہ انسان اشرف المخلوقات ہے اگر وہ اپنے آپ کو سمجھے اگر اشرف المخلوقات جیسی صفات رکھنے والا اپنے آپ کو خود ایسے کاموں میں مبتلا کر لے جو کہ اس کی صفات کے الٹ ہوں تو اس میں اللہ رب العزت، عمل، یا

قوم جنات کا کیا قصور ہے؟ جس نے خود جان بوجھ کر اپنی جان کو ایسے کام میں ڈال دیا جس کے متعلق نہ تو اسے جانے کا طریقہ معلوم ہے اور نہ ہی واپس آنے کا اس لئے میں یہاں سب کو یہی نصیحت کرتا ہوں کہ اگر قوم جنات کو اپنی تسخیر میں کرنے کا شوق ہو تو نہایت احتیاط اور اپنے دماغ کو حاضر کرنے کے ساتھ ایسے عامل، پیر، مرشد کو تلاش کیا جائے جو پہلے سے قوم جنات سے کوئی رشتہ رکھتا ہو وہی ایسی کوئی نقطہ بتائے گا جس کی بدولت قوم جنات تک رسائی حاصل ہو گی۔ وگرنہ عملیاتی اور روحانی کتب میں سینکڑوں نسخہ جات جنات کی آمد کے درج ہیں۔ جو سب کے سب جھوٹ اور بے بنیاد ہیں۔ اگر کوئی اس چکر میں مبتلا ہو تو وہ انہیں ترک کردے کیونکہ وہ ہرگز کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ میرا اس بات پر دعویٰ اور چیلنج ہے کوئی کر کے دیکھ لے میں بتا کے دیکھ لیتا ہوں اس لئے ایسی قوم سے تعلق قائم کرنے کیلئے بہت بڑا دل اور جگرا چاہیئے نہ کہ بڑی بڑی جھوٹی باتیں کہ میں نے فلاں کردیا اور ڈھمکاں کردیا اس بات میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ اگر کوئی عامل اس قوم تک رسائی رکھتا ہو تو وہ اس دنیا میں ایسے بہت سے کام کرتا ہے جس سے انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔ اور سمجھ نہیں آتی کہ اس عامل کے پاس کیا عمل ہے۔ جس سے وہ سوائے موت پر قابو پانے کے دنیاوی تمام کاموں کو کر سکتا ہے۔ اس مخلوق کو طاقت اللہ نے ہی بخشی ہے۔ اور انسان کو ایسی صلاحیت جس کو سمجھا جائے تو اشرف المخلوقات اور اگر نہ سمجھا جائے تو؟؟؟؟؟؟؟؟۔ قوم جنات میں نر و مادہ دونوں ہوتے ہیں۔ اور وہ انسانوں کی طرح آپس میں شادیاں کرتے ہیں اور ان کے بچے بھی پیدا ہوتے ہیں۔ جس طرح انسان کے بچے اپاہج، پیدائشی مختلف بیماریوں میں مبتلا جس سے ہر کوئی ان سے نفرت کرتا ہے، اور قدرتی خواص جو انسان میں شر و نیکی کے پائے جاتے ہیں بالکل اسی طرح اس قوم میں بھی ایسی خاصیتیں پائی جاتی ہیں۔ جس سے اگر وہ شر پھیلانے پر آئیں تو پھر وہ عامل اس دنیا میں اگر کسی کا دشمن بن جائے تو اسے کیا کیا کرتا ہے وہ انسان ہی جانتا ہے۔ اور جو نیکیاں اور اچھے کام کرنے والے ہوتے ہیں۔ وہ اچھے اچھے کام کرتے ہیں۔ جس سے وہ عامل عوام الناس کے تمام بگڑے کاموں کو سنوارتا اور انہیں ترقی کے نئے نئے راستے دکھاتا ہے۔ کیونکہ ٹھنڈا اور گرم دونوں مل کر چلتے ہیں۔ صرف ٹھنڈا یا صرف گرم کچھ بھی نہیں ہوتا۔

والدین اور اولاد زیر اثر جادو

بعض مرتبہ اس قسم کا جادو یا بدعمل کروایا جاتا ہے۔ جس سے اولاد اپنے والدین سے ہر وقت ناجائز طور پر ناراض رہتی ہے۔ اور والدین کا کسی بھی صورت کہنا نہیں مانتی والدین کچھ کہتے ہیں۔ اولاد کچھ کرتی ہے اگر ان کا دشمن بہت نزدیکی ہو تو اس صورت میں نر اولاد تو آوارہ گرد، اور عجیب کاموں میں الجھ کر ایسے کام کرتی ہے جو والدین کیلئے باعث شرمندگی ہوتا ہے۔ اور جو مادہ اولاد ہوتی ہے وہ نا چاہتے ہوئے بھی ایسے راستوں پر چل پڑتی ہے۔ جس سے والدین کیلئے ڈوب مرنے کا مقام ہوتا ہے۔ یہ اثرات تب تک رہتے ہیں جب تک اس بدعمل کے زیر اثر رہنے والوں کو اس نوبت تک نہ پہنچا دیا جائے جس کیلئے ایسا بدعمل کروایا جاتا ہے۔ زیادہ تر ایسے اعمال میں آوارہ گردی، نشہ، جوا، زنا، شراب خوری، اور دیگر جتنی بھی اس معاشرے کی لعنتیں ہیں۔ وہ سب ایک دم سے اس بدعمل کے تحت وجود میں جنم لیتی ہیں۔ جب کہ دماغ میں اس کو ترک کرنے کے کئی مرتبہ مواقع بھی فراہم ہوتے ہیں۔ لیکن اس پر عمل نہیں کیا جاتا ہے۔ جب تک سب کچھ تباہ نہ ہو جائے ایسے اعمال سے مغلوب ہوتے ہوئے بیچارے والدین تو سوچ سوچ کر اپنے دماغ خراب کر بیٹھتے ہیں۔ لیکن ان کی اولاد کو بہت بڑا ازالہ بھگتنا پڑتا ہے۔ ایسے جادو اور بداعمال کئی وجوہات کی بناء پر کروائے جاتے ہیں۔ جیسے کسی نے رشتہ مانگا ہو اور وہ اس رشتے کے قابل نہ بھی ہوں لیکن ضد کرتے ہوں اور انکار کردیا گیا ہو تو یہ ایک بہت بڑی ایسی وجہ ہوتی ہے۔ جس کے تحت ایسا بدعمل کروایا جاتا ہے۔ کبھی کسی کو جائز طور پر ڈانٹا جاتا ہے جس میں اس کی بھلائی ہوتی ہے۔ لیکن وہ اس بھلائی کو نہ سمجھتے ہوئے اپنے حق میں ایسی نصیحت کو بے عزتی شمار کر کے ایسا عمل کرواتا ہے جس سے اس گھر کا سکھ وچین ان کی اولاد کے ذریعے خارج ہو اور وہ اس طرح انہیں دیکھ کر خوش ہوتا ہے اور ایسے معصوم افراد پر ایسے بداعمال کر کے اپنے نفس کو زیادہ سے زیادہ مطمئن کیا جاتا ہے۔ اس قسم کے کئی اعمال اور ان کے زیر رہنے والوں کی میری اپنی آنکھوں دیکھی مثالیں ہیں۔ جس کی بنیاد پر ایسے بداعمال کئے جاتے ہیں۔ اگر والدین اس قسم کے معاملات سے دوچار

ہوں اور وہ اپنی اولاد کی اصلاح کرنا چاہیں تو اس نقش کو جسم کے پہنے ہوئے میلے کپڑے پر کالی یا کسی بھی سیاہی سے لکھا جائے اور اسے سادے پانی میں گھول کر رکھ لیا جائے پھر ہر کسی میٹھی شے میں اس پانی کو ملا کر انہیں کھلا پلا دیا جائے جس نا سوچے سمجھے منصوبے کے تحت وہ ایک دم سے غلط راستے پر چل نکلے ہونگے بالکل اسی طرح سے اچانک واپس لوٹ آئینگے جس سے ان کی اصلاح ہوگی۔ نقش کا خانہ متعلقہ لڑکی یا لڑکے کا نام لکھ کر اس طریقے سے بنایا جائے اور اندر جو کچھ بھی ورج بالکل اسی طریقے سے کیا جائے بہت سریع التاثیر عمل ہے۔

فـــــــلان

بسم الله الرحمن الرحيم.
اعـوذ بـالـلـه مـن الشيطن الرجيم. اعوذ بـالـله من الشيطن الرجيم. اعوذ بالله من الشيـطـن الرجيم. اعوذ بالله من الشيطن الرجيم. اعوذ بالله من الشيطن الرجيم. وبحق بسم الله الرحمن الرحيم وبحق لا اله الا هو الرحمن الرحيم.

جادو کا آسان اور شرطیہ علاج (کامل حصہ اول)

روحانی، وعملیاتی دنیا کی ایسی نادر وقیمتی کتاب جس میں ایک ایک نسخہ لاکھوں روپے کا تیر بہدف چلنے والا ہے۔ بذریعہ جادو دنیاوی جن کاموں میں رکاوٹیں، خلل آسیب، قوم جنات کا شر وشیطان اور اس سے دیگر جتنی بھی مخلوقات اللہ رب العزت پیدا فرمائی ہیں۔ ان سب کے متعلق ان کے حالات اور ان سے جان چھڑوانے والے ایسے کئی نسخہ جات تشریحاً بیان کئے ہیں۔ جس کی اس دور میں ہر کسی کو سخت ضرورت ہے۔ رزق وروزی کو کشادہ کرنے، رشتہ، گھریلو ناچاقیاں، میاں بیوی کا آپس میں سلوک واتفاق سے رہنا اور اس کے علاوہ دنیاوی جتنے بھی معاملات کو جادو اور بد اعمال کے زریعے بند کردیا جاتا ہے۔ ان سب کو یقیناً کتاب میں درج اعمال سے کھولا جاسکتا ہے۔ کتاب نہایت ہی لگن اور محنت سے ترتیب دی گئی ہے۔ جس کو دیکھنے سے انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔ زیر نظر کتاب اسی کتاب کا دوسرا اصل حصہ ہے۔

جسم میں حاضری کیسے؟

ایسے کئی افراد اس دنیا میں اب بھی موجود ہیں۔ جن کے گھروں میں ایسی آفتیں اب بھی پائی جاتی ہیں۔ جس سے گھر میں رہنے والے افراد میں سے خصوصاً عورت ذات اس کی لپیٹ میں اس طریقے سے آتی ہے۔ کہ اچانک اس کی طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔ اور جب وہ بولتی ہے تو آواز کسی مرد کی ہوتی ہے۔ جو دیکھنے اور سننے والا نہایت ہی حیرت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اور اس کے بعد سب ہی سوچتے رہتے ہیں۔ کہ ایسا کیونکر ہوا یا اس طرح کرنے میں کیا حاصل ہوگا۔ تو یہاں تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ بعض اوقات بذریعہ بد اعمال شر پھیلانے والی مخلوق کا ایک گروہ کسی عامل کے تحت کام کرتا ہے۔ اور اگر کوئی اس گھرانے کا دشمن بن گیا ہو تو وہ ایسے عامل سے اس قسم کا عمل کرواتا ہے۔ جس سے اس گھر میں رہنے والی عورت ذات اس عمل سے مغلوب ہوتے ہوئے اس کا سامنا نہیں کرسکتی اور ایسے حالات میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ کہ اس کی جان چھڑوانا مشکل سے مشکل اور کامیاب علاج نہ ہونے کی صورت میں ناممکن بن جاتا ہے۔ اس سے پورے جسم میں شدید قسم کی درد اور ایسے واقعات رونما ہوتے ہیں جو ایک گھرانے کا سکھ وچین برباد کردینے کیلئے کافی ہوتے ہیں۔ مردون پر اس قسم کے اعمال کم ہی اثر کرتے ہیں اس لئے جو کوئی بھی اس عمل کو کرواتا ہے تو اس کے ذریعے سے وہ مخلوق اس گھر میں رہنے والی خواتین کو ہی نظر آتی ہے۔ اور خواتین کو ہی نقصان پہنچاتی ہے۔ جس کے متعلق اس گھر میں رہنے والے ان حرکات کو نہیں مانتے اور اس مریض کو اس کے حال پر چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ سب کیا ہوتا ہے؟ اصل میں یہ ایک ایسی مخلوق ہوتی ہے جو انسان کے وجود کے اندر داخل ہو کر ہم کلامی کرتی ہے اور اگر کوئی زبردست قسم کا عامل اس کے سامنے بیٹھ جائے تو وہ اس سے اگلوا سکتا ہے کہ اسے کس نے کس مقصد کیلئے بھیجا ہے۔ اور اس کا اگلا نقصان دینے والا نشانہ کون یا کیا بنے گا؟ جہاں تک میں نے اس علم میں تحقیق کی ہے۔ تو اس گھر کے افراد سے کوئی حاسد، دشمن اپنا ہی ایسا کوئی عزیز ہوتا ہے۔ جو اندر ہی اندر سے ایسے اعمال کروا کر اس گھر کا تماشہ دیکھ کر اپنے نفس کو مطمئن کرتا ہے۔ ایسے اعمال سے جب پالا پڑتا ہے تو کیا واقع

ہوتا ہے ملاحظہ کیجئے۔ شادی شدہ عورت کو دورے پڑتے ہیں اور اس کے جسم سے ہم کلامی کرنے والا کہتا ہے کہ میں اس کا شوہر ہوں لہذا اس کا ساتھ چھوڑ دو اس کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ جیسے اگر کسی کی بیوی کسی اور مرد کو پسند کرنے لگ جائے تو وہ اس کا بہانہ بھی کر سکتی ہے۔ اور جب مرد کا دل ہمبستری کرنے کو کرتا ہے تو عین اسی وقت اس کے اندر اس مخلوق کی حاضری ہو جاتی ہے۔ اصل میں یہ شاطرانہ قسم کی چالیں ہوتی ہیں جو عورت اپنے مرد سے کھیلتی ہے۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت سچا یا جھوٹا یہی ہوتا ہے کہ اگر حقیقت میں کسی کے اندر اس مخلوق کی حاضری ہوتی ہو تو اس عورت کے ہاں پیدائش نہیں ہو سکتی حمل ضائع ہو جاتا ہے جسمانی دیگر اذیتوں میں مبتلا کیا جاتا ہے بچہ پیدا ہونے کے بعد فوراً مر جاتا ہے اذیت اس قسم کی ہوتی ہے جو انسان نہ چاہتے ہوئے بھی برداشت کرتا ہے اور اس قسم کے دیگر ایسے معاملات ہوتے ہیں جس کی بنیاد پر جسم میں حاضری ہوتی ہے۔ اس کو سچ تسلیم کیا جائے اور جھوٹ اس صورت میں ہوتا ہے کہ عورت یا تو کسی دوسرے مرد کی جانب رجوع کرتی ہے اور اس مرد سے نہایت ہی طریقے سے جان بھی چھڑوانا چاہتی ہے جس سے وہ حاضری والا ڈھونگ رچاتی ہے کیونکہ جس عورت کے ہاں اس قسم کا عمل شروع ہو جاتا ہے تو وہ مخلوق اس کے خاوند کو خود ہی پاس نہیں آنے دیتی اور اس کو سچ ماننے کا ایک سب سے بڑا ثبوت یہی ہوتا ہے کہ شوہر کو اذیت اور دھکا مارنے والا کہیں نظر نہیں آتا اور اگلے دن پیش آنے والے حالات کو وہ مخلوق بتاتی ہے۔ جو اگلے دن بالکل اسی طریقے سے ہوتا ہے۔ کنواری لڑکیاں اکثر اپنی پسند جگہ پر شادی کروانے کیلئے اس قسم کے کام کرتی ہیں جس سے حاضری کا گمان ہونے لگ جائے جب کہ اس کی بھی بہت سی سچی اور جھوٹی مثالیں ہوتی ہیں۔ جیسے میں نے ایک کنواری لڑکی کو دیکھا جس کے اندر حاضری ہوتی تھی جب میں ان کے گھر اس لڑکی کا علاج کرنے کی غرض سے گیا تو وہ لڑکی چھپکلی کی طرح باہر دیوار پر چپکی ہوئی تھی۔ جسے دیکھ کر اس کے والدین نے واویلا مچا دیا اس طرح کی اور بہت سے ایسی عجیب حرکات ظہور میں آتی ہیں جو جھوٹ نہیں ہوتیں بلکہ حقیقت میں اس جسم میں رہنے والی مخلوق اپنے آپ کو ایسے ظاہر کرواتی ہے۔ جسے ہر کوئی ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اور جھوٹ زیادہ دیر تک نہیں چل سکتا جس سے بھانڈا پھوٹتا ہے۔

انسان کو تباہ و برباد کرنے والا جادو کیسے کیا جاتا ہے؟

یہاں تصویر میں دیکھئے کہ کس طریقے سے ایک انسان کو اذیت کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ یہ حقیقت نہیں ہے۔ لیکن کسی کے خلاف بغض، عداوت اور حسد کی بنیاد پر کئے جانے والے بد اعمال اور جادو ٹونے میں اسی طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے دشمن کا ایسا ہی کامل تصور باندھا جاتا ہے۔ اور پتلے کو اس انسان کا کامل تصور باندھ کر اذیت دی جاتی ہے۔ جنتر منتر تنتر دم کر کے اس کا پورا ایک پروگرام تشکیل دیا جاتا ہے اور اسے مقصد کے حساب سے کہیں بھی دفن کیا جاتا ہے۔ جس سے جس مرد و عورت پر اس قسم کا جادو یا بد عمل کیا جاتا ہے۔ خواہ وہ سات سمندر پار ہی کیوں نہ ہو یہ عمل اپنا اثر دکھائے بغیر بالکل نہیں رہتا اور جس مقصد کیلئے ایسے سخت قسم کے اعمال کئے ہیں۔ انسان ان کے زیر تسخیر آ کر ہی رہتا ہے۔ اصل میں جادو ٹونہ اور مختلف قسم کی شر افسانیوں میں مبتلا کرنے والی مخفی مخلوق انسان کے ساتھ بالکل ایسا ہی سلوک کرتی ہے جو انسان ظاہر طور پر اپنی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتا بلکہ شکل میں دکھائی گئی تصویر کے مطابق اس کے وجود کا یہی عالم بن چکا ہوتا ہے۔ عجیب قسم کی دردیں جن سے ڈاکٹر اور حکیم حضرات پہلی مرتبہ روشناس ہوتے ہیں۔ اور روحانی نقطہ نظر کو نہ جانتے ہوئے مختلف شفاء دینے والے نسخے تجویز کرتے ہیں۔ جس سے طبیعت اور زیادہ بگڑ جاتی ہے اور ایک دم جیسے جیسے دوائیاں اور ٹیکے لگوائے ہوتے ہیں۔ سب کے اثرات ایک تیز زہر کی طرح پورے جسم میں سرایت کر جاتے ہیں۔ جس سے مریض کے بچنے کے بہت کم چانس رہ جاتے ہیں۔ اگر وہ زندہ بھی رہے تو اس قسم کی اذیتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ جس کا ایک ہی علاج خود مر جانا یا اللہ کی طرف سے آئی ہوئی موت کے ذریعے اس دنیا سے چلے جانا ہی ہوتا ہے۔ ایسے جادو کو اصل میں میعادی جادو کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

انسان کا دشمن انسان اور کردار شیطان

اصل میں انسان کا دشمن انسان بن جاتا ہے۔
جس سے شیطان اس شخص کی مدد کرتا ہے جو اپنے
مسلمان بہن و بھائیوں کو زیادہ سے زیادہ مصیبتوں اور
مشکلات میں مبتلا کرتا ہے۔ چونکہ شیطان خود تو نظر نہیں آتا لیکن انسان کو ایسے راستے
ضرور دکھاتا ہے۔ جس پر چل کر وہ اپنے ہی جیسے انسان اور مقدس رشتوں کی پہچان نہ
کرتے ہوئے تکالیف اور اذیتوں میں مبتلا کرتا ہے۔ اور جس طریقے سے اسے اذیت
یا مشکل میں مبتلا کیا جاتا ہے وہ پیچھے تصویر بنا کر واضح کر دیا ہے۔ ایسا ہمارے اس
معاشرے میں کثرت سے ہو رہا ہے۔ کسی نہ کسی کو کوئی مفاد ہے جس کے تحت وہ
گندے اور پلید اعمال کرواتا ہے۔ جس سے کوئی دوسرا زیادہ پریشان رہ سکے جب کہ
ایسے بداعمال کروانے والا نہایت ہی ناجائز اعمال کرواتا ہے۔ اور جو حق پر ہوتا ہے۔
وہ بیچارہ شخص ساری زندگی یہی سوچتا رہتا ہے۔ کہ اس نے ایسا کون سا کام کیا ہے۔
جس سے اس کے کئی دشمن بن گئے یا اس پر بداعمال کروانے والا ایسا کیوں کر رہا ہے۔
یہ معصوم شخص سوچ سوچ کر اپنی جان گنوا بیٹھتا ہے۔ اور شیطان کا مشن پورا ہو جاتا ہے۔
کیونکہ شیطان بھائی و بہن جیسے مقدس رشتوں کی پہچان بھلوانے میں دوسرے بدکردار
شخص کی بہت مدد کیا کرتا ہے۔ ایسے اعمال وہی شخص کرت اور کرواتے ہیں۔ جو
شیطان کے اصل پیروکار ہوتے ہیں۔ چونکہ شیطان خود انسان کی رگوں کے اندر خون
بن کر دوڑتا ہے۔ اور ایسے کام کرواتا ہے۔ جو دوسروں کیلئے کسی مشکل یا پریشانی سے کم
نہیں ہوتے۔ لیکن جس پر ایسے بداعمال کو کروایا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ کیا بیتی ہے۔
وہ اور اللہ ہی جانتا ہے۔ ایسا سب کچھ بعض اوقات اپنے سگے بہن بھائی اور دیگر رشتہ
داروں میں سے کوئی ایسے اعمال کرواتا ہے۔ اور بعض اوقات اتنا غیر شخص اس کام میں
ملوث ہوتا ہے جو اپنے مقصد کو کامیاب کرنے اور اس جائز اور حق کے راستے پر کھڑے
اس انسان کو کسی بھی طریقے سے مغلوب اور اس سے اپنا مفاد حاصل کرنے کیلئے کرتا یا
کرواتا ہے۔ جس میں کئی کو کامیابی اور کئی کو ناکامیابی ہوتی ہے۔ کامیاب اور نا
کامیاب ہونے میں ایک مرتبہ اس شخص کی زندگی خراب ہو جاتی ہے۔ جو حق کے
راستے پر چلتا ہے۔ اور اکثر اس کی فتح ہوتی ہے۔ جو ناجائز بداعمال کرواتا ہے۔

میعادی جادو کیا ہوتا ہے؟

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد
رکھیں کہ اگر کسی کا بہت ہی زیادہ نقصان اور پے در پے مشکلات و مصائب آڑے آتی
ہوں تو سمجھ لینا چاہئے کہ ان پر میعادی جادو (یعنی) ایسا جادو جو ایک خاص مدت تک
مخصوص ہوتا ہے۔ کیا جاتا ہے ایسے اعمال الو کے خون، انسانی خون، انسانی مردے کی
ھڈیاں اور کھوپڑیوں کے ذریعے سے بننے والے عاملین اس قسم کے بداعمال کے
فارمولا جات جانتے ہیں۔ جو کسی پر بھی میعادی جادو کر کے ہمیشہ کیلئے ان کی زندگی کو
تب تک جہنم بنا سکتے ہیں جب تک وہ زندہ رہتے ہیں کیونکہ اس عمل کے زیر اثر ہونے
والے زیادہ دیر تک زندہ نہیں رہ سکتے اور جب تک یہ زندہ رہتے ہیں۔ تب تک ایسی
ایسی بیماریاں اور مشکلات و مصائب جنم لیتی رہتی ہیں۔ جس کے متعلق پہلے سے کسی
بھی طرح منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی۔ ایسے بداعمال نہایت ہی زبردست اور شاطرانہ
قسم کی ذہنیت رکھنے والے عاملین کرتے ہیں۔ ایسے اعمال فضول اور بیکار قسم کے
عاملین ہرگز نہیں کر سکتے کیونکہ ایسے اعمال کا عامل بننے کیلئے گھر بار چھوڑنا ہوتا ہے۔ اور
نہایت ہی زبردست قسم کی چلہ کشی کی جاتی ہے۔ جس کے عوض میں اس جنتر، منتر، تنتر،
یا کسی عزیمت کے ماتحت مخلوق اس عامل سے اپنا ایک رابطہ پیدا کر لیتی ہے۔ اور اس
کے حکم کے ماتحت رہتے ہوئے کسی کو بھی اس دنیا میں زیادہ سے زیادہ اذیت اور
تکالیف میں مبتلا کر سکتی ہے۔ اور ایسے اعمال ان عاملین کروانے کیلئے نہایت ہی بڑی
رقم دی جاتی ہے۔ ایسے کام مفت اور عام قسم کے نہیں ہوتے بلکہ ان کی مثال ہاتھ پر
سرسوں جمانے والی ہوتی ہے۔ جو کسی بھی انسان، گھر، کاروبار، گھر میں رہنے والے
اہل وعیال اور جو کوئی بھی ہو اس کیلئے نہایت ہی زبردست قسم کا بدعمل کر کے اس مخلوق
کی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے۔ جو ان کے ماتحت ہوتی ہے۔ پھر جیسے ان سے کام لینے والا
انہیں کہتا ہے یہ مخلوق ایسا ہی کرتی ہے۔ اور جو کوئی معصوم فرد ان کی لپیٹ میں آجاتا ہے

وہ کسی بھی صورت ان سے بچ نہیں سکتا ایسے اعمال میں کسی شخصیت، عہدے یا کسی بھی ایسی شے کو نہیں دیکھا جاتا کہ فلاں کون ہے؟ اور وہ کیا کرتا ہے؟ بلکہ ایسے اعمال کا عامل بننے کے بعد وہ عامل کسی کو بھی اس نقصان اور مصیبت میں مبتلا کر سکتا ہے۔ جو کسی نے زندگی میں کبھی سوچا نہیں ہوتا ویسے اللہ رب العزت تمام مخلوق کو ایسے بداعمال سے محفوظ رکھے جو کسی انسان کو زیادہ سے زیادہ نقصان میں مبتلا کئے رکھتے ہیں۔ اور کسی بھی دوا یا دعا کا اثر نہیں ہونے دیتے جس سے مریض کا ایمان کمزور ہوتا ہے۔ اور وہ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اس بات کی فریاد کرتا ہے۔ کہ اس نے ایسا کون سا گناہ یا بڑا بول بولا ہے جس کے عوض اسے اس اذیت کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایسے عاملین روپے پیسے کی خاطر کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ اور میعادی جادو کا نام ہی ہلاکت ہے ایسے بد اعمال پر بہت مشکل سے قابو پایا جاتا ہے۔ اور جس طریقے سے اس جادو کو کیا جاتا ہے روحانی نقطہ نظر اور مشکل ترین اشیاء سے ایسے اعمال کا توڑ بھی کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی مفت میں ایسے بداعمال کی کاٹ کرتا ہو تو وہ اس وقت کا ولی اللہ ہی ہو سکتا ہے۔ وگرنہ میں بھی ایسے کاموں کا ہدیہ لیتا ہوں اور وہ ہدیہ ایک دوائی کی شکل یا مکمل قوائد وضوابط کے ساتھ خود اور اس مریض کو ایسی اذیت، مشکل، اور مصیبت سے نکالا جاتا ہے جو نہایت ہی بری طرح ایسے بداعمال کا شکار ہوا ہو۔ میعادی جادو میں جو کوئی بھی اس عمل کو کرواتا ہے تو اس کو اس کے پیچھے کوئی مفاد یا لالچ ضرور ہوتا ہے۔ وگرنہ اتنے مہنگے اعمال کوئی بھی نہیں کرواتا کیونکہ ایسے اعمال کرنے اور اس میں بھرپور ساتھ دیتے ہوئے جو مخلوق اس کام کو سرانجام دیتی ہے۔ اس کی خوراک ہی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ جو اپنی خوراک کھائے بغیر کسی کا بھی کام نہیں کرتی اور جو کوئی ان کے لوازمات کو پورا کرتا ہے۔ تو لوازمات اور اس کے عوض میں حاصل ہونے والے مفاد کا پہلے حساب کر لیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو اتنی رقم کے عوض مغلوب کر کے اس سے مفاد پورا کیا جائے تو اس کے عوض میں ایسا کیا حاصل ہو سکتا ہے۔ جو دی گئی رقم سے بہت زیادہ گناہ حاصل ہو اس لئے میعادی جادو عام طور طریقوں سے نہیں ہوتے بلکہ ان کو کرنے والا اور ایسی مخلوق سے ایک رابطہ رکھنے والا منفی اثرات کا بادشاہ ہوتا ہے۔ اور وہ انسان سے لے کر جانور تک کسی کی بھی اپنے علم کے زور سے ہلاکت کر سکتا ہے۔ جو قتل کے برابر ہے۔

پکے فرش، دیواریں اور گھر یا کاروباری مقام سے تعویذ سوئیاں پتلے اور دیگر اشیاء کیسے رکھی جاتی ہیں؟

ہمارے معاشرے میں ایسے کئی افراد ہیں۔ جن کے گھروں کے پکے فرش دیواروں یا فرش کے نیچے سے ایسی اشیاء برآمد ہوئی ہیں جو انسان سوچ بھی نہیں سکتا اور نہ ہی ایسا کوئی انسان ان کے گھر یا اس مقام پر داخل ہوا دکھائی دیتا ہے۔ جہاں سے ایسی اشیاء کی برآمدگی ہوتی ہے۔ جیسے مثال کے طور پر ایک گھر کی چوکھٹ جس کا پکا فرش جسے چپس کہتے ہیں۔ وہ ہے اور اگر کوئی عامل وہاں بکرے کا سر تعویذ سوئیاں لگا کر کرنے والے اعمال اور دیگر کئی ایسی اشیاء جو برآمد ہونے کے بعد دیکھی جاتی ہیں۔ کی نشاندہی کرتا ہے کہ تمہارے گھر یا کاروباری مقام پر فلاں جگہ کچھ اشیاء دبائی گئی ہیں۔ اور جب کھدائی کروا کر وہاں سے برآمدگی کی جاتی ہے۔ تو عقل حیران اس بات پر ہوتی ہے کہ کس نے یہاں ان اشیاء کو دبائے ہوئے رکھا تھا۔ جب کہ بعض مرتبہ ایسی اشیاء بالکل تازی اور بعض بالکل ہی بوسیدہ اور بدبو دار ہو جاتی ہیں۔ اب یہاں سوچنے والی بات یہ ہے کہ اگر کوئی ایسے گھر یا کاروباری مقام پر اس قسم کے بداعمال کو کروائیگا تو وہ خود تو ان کے گھر یا اس جگہ پر نہیں جائے گا جہاں اس نے کسی شے کو دفن کرنا ہے۔ کیونکہ حسد و بغض رکھنے والے اس گھر کیوں جائیں گے جہاں وہ اس گھر کی تباہی و بربادی کرنا چاہتے ہیں۔ اور اگر وہ اس گھر یا جگہ پر چلے بھی جاتے ہیں۔ تو اس پکے فرش کو اکھاڑا جائیگا پھر ان بداعمال کی اشیاء کو وہاں رکھا جائیگا۔ اور پھر اوپر سے بالکل اسی طرح اس فرش یا دیوار یا جہاں سے ایسی اشیاء برآمد ہوتی ہیں ویسی ہی بنوائیگا۔ جب کہ اس گھر میں ایسا سب کچھ کرنا اس شخص کیلئے ناممکن ہے۔ جو ایسی نیت بھی رکھتا ہوگا۔ لیکن جب وہاں سے اس جگہ کی کھدائی کروائی جاتی ہے۔ تو بداعمال کی اشیاء ضرور وہاں سے برآمد ہوتی ہیں۔ ایسا سب کچھ کرنے والی ایک روحانی مخفی مخلوق ہوتی ہے۔ جس سے ایسے بدعمل کو کروایا جاتا ہے اور وہ عامل اپنی ان چیزوں کی مدد سے اس گھر تک رسائی حاصل کرتے ہوئے کہیں بھی اس بدعمل کو دفن کروا سکتا ہے۔ جو انسان کی سوچ سے بھی باہر ہوتا ہے۔ جیسے کوئی ایک

عمل ہے اور اس کا مقصد اس گھر میں رہنے والے افراد کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرنا اور انہیں اذیت کا نشانہ بنانے سے ہے۔ یا کسی کاروباری جگہ کو تباہ و برباد کرتے ہوئے اس کاروباری فرد کا وہاں سے دل اچاٹ کرنے اور اس کا کاروبار ختم کروانے کیلئے کوئی بدعمل کیا گیا ہے۔ تو ایسا بدعمل وہی مخلوق ہی تیار کرتی ہے اور اس کے منفی اثرات جانتے ہوئے اس گھر یا کاروباری مقام پر ایسی جگہ خود ہی دفن کر دیتی ہے۔ جس کے متعلق انسان کبھی اس بات کو تسلیم نہیں کر سکتا ہے۔ کہ میرے گھر یا کاروباری مقام پر ایسا کوئی بدعمل ضرور دفن ہے۔ جس کی بدولت کاروبار اچانک ختم اور گھر میں فتنہ و فساد ہر کوئی بیمار اور اذیت کا نشانہ بننے کے ساتھ ساتھ ہر قسم کی ترقی اور فتوحات سے ہمیشہ کیلئے دور ہو جاتا ہے۔ کبھی خوشی میسر نہیں ہوتی ایسا لگتا ہے کہ آہستہ آہستہ زندگی ختم ہو رہی ہے اس کے ساتھ ساتھ ایسی کئی اقسام کی نشانیاں ظہور میں آتی ہیں۔ جس کی انسان نے پہلے سے منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی ایسا تمام بدقسم کے اعمال منفی اثرات رکھنے والی مخفی مخلوق اس عامل کے کہنے پر کرتی ہے۔ جو ایسے عامل میں بہت سبقت رکھتا ہو اور چلہ کشی کے ذریعہ سے کامیاب ہوا ہو وہ ایسے کئی کاموں کو انجام دے سکتا ہے۔ جسے نہ تو عقل تسلیم کرتی ہے اور نہ ہی یقین آتا ہے کہ ایسا سب کچھ کیسے ہوتا ہے؟ اور کیسے ہو گیا ہے؟ اس لئے میں یہاں تشریحاً طور پر سب کو با آسانی بتا رہا ہوں کہ اگر کسی کے گھر میں دفینے اور اس قسم کے اعمال دفن ہوں تو وہ کسی انسان پر الزام لگانے کی بجائے اس بات کی طرف زیادہ توجہ دیں کہ ایسے انسان جو کسی کو دکھی اور مصیبتوں میں مبتلا کرنے کی سوچ رکھتے ہوں وہ خود اس گھر میں داخل ہو کر ایسے بداعمال نہیں کرتے بلکہ ایسے بداعمال جاننے والوں کی مدد سے کسی بھی گھر یا کاروباری مقام پر منفی اثرات دور رہ کر پھیلا سکتے ہیں۔ جس کی کئی تصدیقیں میری اپنی آنکھوں دیکھی ہیں۔ لیکن بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر کوئی ایسے اعمال کا عامل نہ ہو اور صرف کتابی باتوں کا فقیر ہو تو وہ ایسے افراد کو کوئی نقش یا ایسا عمل خود اپنے ہاتھوں سے تیار کروا کر دیتا ہے اور اسے ہدایت کرتا ہے۔ کہ فلاں کے گھر اسے دفن کر دو یا اسے فلان جگہ رکھ دو ایسے افراد منفی کاموں میں کامیاب نہیں ہوتے کیونکہ ان کی دفن شدہ اشیاء فوراً ہاتھ لگ جاتی ہیں اور وہ خود بھی شک کی نگاہ سے اس گھر یا اس فرد کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔

جادوئی پتلے اور انسان کی تباہی

جادو گر اور بد اعمال کرنے

حسد و بغض کی آگ میں خود جلتے ہوئے ایسے بداعمال کرواتے ہیں۔ جو مختلف اقسام کے پتلوں پر مبنی ہوتے ہیں۔ اور ایسے اعمال کرنے والے کسی کا بھی فرضی پتلا اس کے قوائد و ضوابط کے مطابق تیار کر کے اپنی چیزوں کی مدد سے اسی کے گھر میں ایسی جگہ رکھواتے ہیں۔ جس سے وہ اس کے اوپر سے گزرتا ہے۔ اور روزانہ نئی نئی تکالیف میں مبتلا ہوتا ہے۔ اس تمام کام میں حسد و بغض رکھنے والا خود اسے دفن کرنے نہیں آتا بلکہ وہ ایسے عاملین سے اس کام کو کرواتا ہے جو اس کو خوب اچھی طرح کرتے ہیں۔ اور جیسا انہیں کہا جاتا ہے وہ بالکل ایسے ہی کر دیتے ہیں۔ جس سے مغلوب ہونے والے طرح طرح کی ایسی اذیتوں اور مشکلات میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ جس کا کوئی بھی نعم البدل بہت مشکل سے ملتا ہے۔ کیونکہ اس بدعمل سے تیار کئے گئے پتلے کو ہوائی چیزیں اسی کے گھر میں چوکھٹ کے نیچے یا اس کے سونے والی جگہ یا دکان میں ایسی جگہ خود ہی دفن کر دیتی ہیں۔ جس کے متعلق انسان سوچ بھی نہیں سکتا لیکن ایسا ہوتا ہے۔ اور ایسے عاملین موجود ہیں۔ جو اس طرح کے کاموں کو کرتے ہیں۔ اور کسی دشمن کو زیادہ سے زیادہ اذیت میں مبتلا کر کے اسے کہیں کا نہیں پہنچا سکتے ہیں۔ جس کسی پر ایسے اعمال کئے جاتے ہیں اس کا کاروبار گھریلو پریشانیاں بڑھتے کے ساتھ جسمانی طور پر بھی بالکل تنگ اور دنیا سمٹ کر چند قدموں میں ہو جاتی ہے۔ ایسے افراد جو کسی وقت میں اس فرد پر جان چھڑکتے ہوں وہ اچانک اس طرح سے منہ موڑ لیتے ہیں کہ خود کو بھی یقین نہیں آتا کہ ایسا سب کچھ اچانک کیسے ہو گیا۔ پتلے کے ذریعے اور بھی ایسی بہت سی اقسام ہیں۔ جو مختلف طریقہ کار اور مزاج کے مطابق تیار کئے جاتے ہیں۔ اور جس مقصد کیلئے بھی انہیں تیار کیا جاتا ہے۔ اس کے بداثرات ضرور اس شخص پورے گھر یا کاروباری مقام پر سما جاتے ہیں۔ جو انسان کی عقل سے بھی باہر ہوتا ہے۔ بعض تو بیچارے ایسے اعمال کے ہاتھوں مصیبتوں کی ایسی لپیٹ میں آتے ہیں۔ جو جانی اور مالی دونوں حالات سے مجبور ہو کر خودکشی کرنے پر تل جاتے ہیں۔ اور یہی اس پتلے کا مقصد ہوتا ہے۔ اس لئے اللہ کی عبادت کیجئے اور خودکشی جیسے عذاب سے محفوظ ہونا چاہیئے۔

ناجائز شہوت بڑھنے کا راز جس میں رشتوں کو نہیں دیکھا جاتا

بعض اوقات انسان پر گندے خیالات اور فاحشانہ اطوار اتنے بڑھ جاتے ہیں۔ جس سے شیطان اس شخص کو ایسا مغلوب کرتا ہے کہ اگر کوئی ایسا کچھ کر بیٹھے تو ساری زندگی وہ سوچتا ہی رہتا ہے کہ ایسا سب کچھ اس سے کیوں سرزد ہوا ایسا ہونے میں بعض اوقات اس شخص کا اپنا زیادہ کردار بذریعہ شیطان اتنا بڑھ چکا ہوتا ہے۔ جسے وہ قابو نہیں کر سکتا اور بعض اوقات عزیز یا رشتہ داروں یا غیروں میں سے کسی کی عزت کے ساتھ کھیلنے والا ایسی مخلوق کے ذریعے ایسے عمل کو کرواتا ہے۔ جس سے وہ مخلوق اس مرد یا عورت کے اندر گھس جاتی ہے۔ اور اس سے اپنے ایک مشن کے تحت وہی کام لیتی ہے۔ جس سے صرف ان دونوں کا ذھن بنا کر خود وہاں سے رخصت ہو جاتی ہے۔ اور گندے یا زنا کرنے والے دونوں خود سوچتے ہی رہ جاتے ہیں۔ کہ اچانک ایسا سب کچھ کیوں ہوا ان باتوں سے میری مراد وہ پاکیزہ رشتے جو بہن بھائی میاں بیوی ماں بیٹا یا اور مقدس رشتوں کو بھلا کر ان سے زنا کاری اور ایسی حرکات کرنے پر مبنی ہوتا ہے۔ جو انسان سوچ بھی نہیں سکتا لیکن میں ایسی مخلوق کو ضرور جانتا ہوں جو اس قسم کے کاموں کو کرنے میں بخوبی ساتھ دیتی ہے۔ اور کسی بھی انسان کے ذھن کو ایسا مفلوج کر دیتی ہے۔ جس میں رشتوں ناطوں کو قطعاً نہیں دیکھا جاتا اور انسان اس کے بدعمل سے مغلوب ہوتے ہوئے وہ سب کچھ کر بیٹھتا ہے۔ جو اس کا کام ہوتا ہے۔ اصل میں یہی وہ مخلوق ہوتی ہے جو اس دنیا میں ایک عذاب میں ہر وقت مبتلا ہے۔ اور شیطان کے خاص الخاص پیرو کار ہے۔ اس لئے بعض اوقات انسان خود اور زیادہ تر یہ مخلوق ایسے کام کروانے میں خود ہی ایک دوسرے کا ذھن پڑھ کر موقع کی مناسبت سے ایسا اتفاق پیدا کرتی ہے۔ جس سے بھائی بہن آپس میں توبہ استغفر زنا یا بری حرکت کر بیٹھتے ہیں۔ اور ایسا سب کچھ کرنے کے بعد انہیں یاد آتا ہے۔ کہ ایسا سب کچھ کیوں ہوا اس واقعے کے میرے پاس بہت سے دلائل ہیں۔

ہر کوئی عامل بن سکتا ہے

اکثر افراد جادو ٹونے اور اس کے شر سے مغلوب رہنے والے افراد اپنا علاج کرتے ہوئے خود ڈرتے ہیں کہ کہیں ہم اور زیادہ بیمار یا اس کے شر کی زد میں نہ آ جائیں تو ان سب مرد و عورت کی اصلاح اور ان کی بھلائی کیلئے یہاں ایک ایسا آسان مجرب اور سینے سے نکلا ہوا راز پیش کیا جا رہا ہے جس کی بدولت اگر وہ اس عمل کو کر لیتے ہیں تو اللہ کے حکم سے جادو ٹونے، سحر، آسیب، اور دیگر شر انگیز مخفی مخلوقات کا خاتمہ خود کر سکتے ہیں اپنے کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں اور جو کوئی ان کی جان لینے پر تلا ہوگا اس کے الٹے اور نقصان پہنچانے والے وار اور اس کے اثرات اسی فرد کی طرف واپس لوٹ جائیں گے۔ انشاء اللہ اس عمل کو کوئی بھی مرد و عورت کر سکتے ہیں پرہیز صرف آنکھوں اور شرم گاہ کی ہے۔ اور بڑا گوشت اور چھوٹا گوشت اس عمل کے دوران استعمال نہیں کر سکتے اس کے علاوہ جو کچھ مرضی کھائیں اور جہاں مرضی جائیں اور آئیں اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ صرف روزانہ پانچ وقت کی فرض نماز ضرور ادا کریں اور رات کو بعد نماز عشاء جو سورۃ زبانی یاد ہو اسے ایک تسبیح پڑھ لیں۔ اگر کوئی سورۃ یاد نہ ہو تو صرف سورۃ الفلق کو یا صرف سورۃ الناس کو ایک تسبیح پڑھیں اپنے پاس سادہ پانی ضرور رکھیں اور اگر جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہوں تو اس دم شدہ پانی کو تمام گھر کے افراد کو پلائیں اور خود بھی پیئیں زیادہ پانی لے کر اس پر دم کریں اور سب کو پلانے کے ساتھ ساتھ اس کے چھینٹے گھر کے کونوں میں بھی لگائیں اس کے عوض بہت کچھ حاصل ہوگا۔ اور جادو کا توڑ خود کیا جا سکے گا۔ اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کیا جائے۔

اسبوع شریف افادیت و اہمیت

اسبوع شریف سات دنوں کے حساب اور ایک فارمولے کے تحت پڑھنے والے فرد کو دنیا میں کسی اور وظیفے یا عمل کی کوئی حاجت نہیں رہتی دین و دنیا میں ترقی کے راستے خود بخود کھلتے جاتے ہیں اور جادو ٹونے کا توڑ تو صرف ایک معمولی سی شے ہے اگر کوئی روزانہ ان اسبوع شریف کو ایک عدد ایسا چراغ بنوا کر بعد نماز عشاء اسی دن کے ورد کو ایک تسبیح پڑھے تو اللہ کے حکم سے اپنی روح اس کائنات میں سما ہی نہیں جائیگی بلکہ پھیل جائیگی پچھلی گذری باتیں اور آئیندہ پیش آنے والی باتیں و حادثات کے متعلق پہلے سے آگاہی ہوگی۔ کسی جن گرفتہ آسیب گرفتہ جادو ٹونہ اور اس قسم کی اور شر انگیز مخفی مخلوقات کے اثرات کو صرف اپنے ایک دم سے جلا کر بھسم وہی کر سکے گا جو اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار سے بجا لائیگا۔ چراغ ضرور جلایا جائے اور اس کی لو کے سامنے بیٹھ کر خود متعلقہ دن کے ورد کو صرف ایک تسبیح پڑھے سادہ پانی مٹی کے پیالے میں ضرور اپنے پاس رکھے تسبیح ختم کرنے پر اسی پانی کو خود پی لیا کرے اور اپنے اس عمل کے

متعلق کسی سے بھی ذکر نہ کرے وگرنہ ایک مرتبہ کسی سے اس عمل کا ذکر کیا اسی وقت وہ سب کچھ ختم ہو جائیگا۔ روحانی ترقی ہوگی باطن وسیع ہوگا کسی بھی مخفی بات کے متعلق خود بخود معلوم ہوتا رہیگا۔ تجلیات الہیٰ، حاضری محفل سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ ﷺ کی اس دنیا میں ہی حاضرات ہوگی سرکار مدینہ ﷺ کو اپنے پاس بلایا جاسکتا ہے اور ان کی محفل میں جایا جاسکتا ہے ان سے روحانی سلسلہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔ جو تمام عملیات و وظائف سب کا سردار عمل ہے۔ زیارات بزرگان دین ہونگی جو مخفی باتوں کے متعلق پہلے سے آگاہی فرماتے رہیں گے اس عمل کی صرف ایک یہی شرط ہے کہ اپنی آنکھوں کو غیر محرم مرد و عورت سے بچایا جائے یعنی اگر کوئی عورت اس عمل کو کرے تو کسی غیر مرد کو نہ دیکھے اور اگر کوئی مرد اس عمل کو کرے تو کسی بھی غیر عورت کی طرف ایک نظر بھی اٹھا کر نہ دیکھے اس کے علاوہ جو وقت پہلے دن پڑھائی پڑھنے کا مقرر کرے اس میں کوتاہی سے کام نہ لے اور پڑھائی پڑھنے سے پہلے درمیان یا بعد میں پیدا ہونے والے مخفی اسرار کا کسی دوسرے سے ہرگز ذکر نہ کرے پڑھائی پڑھنے کے دوران حاضر دماغی کے ساتھ اپنی کلام کی طرف زیادہ توجہ دے سادہ پانی پاس رکھا جائے اور جب تسبیح ختم کر لے تو اسی پانی کو پی کر اٹھ کھڑا ہو اور وہیں اسی جگہ سو جائے کسی اور جگہ مت سوئے اور اگر اس عمل کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پڑھے تو وہاں پڑھائی پڑھ کر گھر آ کر سویا جاسکتا ہے۔ اور اگر کوئی وہیں سو جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ اس کے بدلے میں حاصل ہونے والی مخفی و روحانی طاقت کے متعلق خود بخود معلوم ہوتا جائیگا۔ اور کس بات کو کس طریقے سے دم کرنا ہے کس شخص کو کیا مرض ہے؟ اس پر سایہ آسیب ہے؟ اس پر اثر جنات ہے؟ اس کے جسم کے اندر کسی ہندو دیوی دیوتا کی حاضری ہوتی ہے؟ یا اسے بد اعمال سے پر کئے جانے والے نقوش و تعویذات پلائے ہوئے ہیں ان سب کے متعلق خود بخود معلوم ہوتا جائیگا۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے علاج اور طریقہ کار کے متعلق بتایا جائیگا۔ میرے اندازے کے مطابق اس عمل کی آج ہر کسی دکھی انسان کو نہایت ضرورت ہے میں نے اس سچ کو بالکل آسان زبان میں بیان کر دیا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ کوئی اپنے آپ کو پاک کر کے اس عمل کو کر کے کامیاب ہوتا ہے۔ یا اپنے نفس کو اسی طرح کھلا چھوڑ کے کامیاب ہونے کے خواب دیکھتا ہے۔ عمل سچا بھی ہو تو اپنا باطن اسے سچ یا جھوٹ خود بناتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں۔

جمعرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم الٓمٓ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم وعنت الوجوہ للحی القیوم اللھم انی اسالک یا اللہ یا اللہ یا اللہ بما سالک بہ نبیک محمد صلی اللہ تعالیٰ

علیہ و آلہ وسلم یا ودود یا ودود یا ودود یا غفور یا غفور یا غفور یا ذاالعرش المجید یا مبدی یا معید یا فعال لما یرید اسالک بنور وجھک الذی ملا ارکان عرشک وبقدرتک التی قدرت بھا علی جمیع خلقک و برحمتک التی وسعت کل شیء لا الہ الا انت یا مغیث اغثنی اغثنی اغثنی اللھم انی اسالک یا لطیف قبل کل لطیف ویا لطیف بعد کل لطیف یا لطیف یا لطیف یا لطیف لطفک بخلق السموات والارض اسئلک یا رب کما لطفت بی فی ظلمت الاحشاء الطف بی فی قضائک وقدرک وفرج عنی الضیق ولا تحملنی ما لا اطیق بحرمۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم وابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا لطیف یا لطیف یا لطیف الطف بی بخفی خفی خفی لطفک الخفی الخفی الخفی انک قلت وقولک الحق اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز وحسبنا اللہ ونعم الوکیل والحمد للہ رب العلمین.

جمعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللھم انی اسئلک بعظیم قدیم کریم مکنون مخزون اسمائک وبانواع اجناس رقوم نقوش انوارک وبعزیز اعزاز تعزز عزتک و بحول طول جول شدید قوتک وبقدر مقدار اقتدار قدرتک و بتایید وتحمید تمجید تعظیم عظمتک وبسمو نمو علو رفعتک وبقیوم دیموم دوام مدتک وبرضوان غفران امان مغفرتک و برفیع بدیع منیع سلطنک وسطوتک و برھبوت عظموت جبروت جلالک وبصلات سعات سعۃ بساط رحمتک و بلوامع بوارق صواعق عجیج ھجیج رھیج بھیج نور ذاتک وببھر قھر جھر میمون ارتباط وحدانیتک وبھدیر ھیار تیار نیار امواج بحرک المحیط بملکوتک وباتساح انفساح میادین برازخ کرسیک وبھیکلیات علویات روحانیات املاک افلاک عرشک و باملاک الروحانیین المدبرین للکواکب المدیرۃ بافلاکک وبحنین انین تسکین قلوب المریدین بقربک و بخضعات حرقات زفرات الخائفین من سطوتک وبامال نوال اقوال المجتھدین فی مرضاتک وبتخضیع تفظیع تفظع تعظیم مرائر الصبرین علی بلوائک وبتعبد تمجد تجلد العبدین علی طاعتک یا اول یا اخر یا ظاھر یا باطن یا قدیم یا مقیم یا قویم اطمس بطلسم بسم اللہ الرحمن الرحیم شر سویداء قلوب اعدائنا و اعدائک ودق اعناق رءوس الظلمۃ بسیوف نشات قھرک وسطوتک و احجبنا بحجبک الکثیفۃ بحولک و قوتک وقدرتک عن لحظات لمحات لمعات ابصارھم الضعیفۃ بعزتک و قدرتک و سطوتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ وصب علینا من انابیب میازیب التوفیق فی روضات السعادات اناء لیلک و اطراف

نهارک وغمسنا فی احواض سواقی مساقی بربرک ورحمتک وقیدنا
بقیود السلامة عن الوقوع فی معصیتک یا اول یا اخر یا ظاهر یا باطن یا
قدیم یا قویم یا مقیم یا مولاء ی یا قادر یا مولاء ی یا غافر یا لطیف یا خبیر
اللهم ذهلت العقول وانحسرت الابصار وحارت الاوهام وضاقت الافهام
وبعدت الخواطر وقصرت الظنون عن ادراک کنه کیفیة ذاتک وما ظهر
من بوادی عجائب انواع اصناف قدرتک دون البلوغ الی تلالو لمحات
لمحات بروق شروق اسمائک یا الله یا الله یا الله یا اول یا اخر یا ظاهر
یا باطن یا قدیم یا قویم یا مقیم یا نور یا هادی یا بدیع یا باقی یا ذاالجلال
والاکرام لا اله الا انت برحمتک استغیث یا غیاث المستغیثین اغثنا لا
اله الا انت برحمتک ارحمنا اللهم محرک الحرکات ومبدی نهایات
الغایات ومخرج ینابیع قضبات النبات ومشقق صم جلا مید الصخور
الراسیات والمنبع منها ماء معینا للمخلوقات و المحی به سائر الحیوانات
والنباتات والعالم بما اختلج فی صدور هم من اسرارهم وافکارهم وفک
رمز نطق اشارات خفیات لغات النمل السارحات یا من سبحت وقدست
وعظمت و کبرت ومجدت لجلال جمال کمال اقدام اقوال اعظام عزه
وجبروته ملیک وسبع سمواتک اجعلنا فی هذا العام وفی هذا الشهر
وفی هذه المجمعة وفی هذا الیوم وفی هذه الساعة وفی هذا الوقت
المبارک ممن دعاک فاجبته وسالک فاعطیته وتضرع الیک فرحمته
والی دارک دار السلام ادنیته بفضلک یا جواد یا جواد یا جواد جد علینا
وعاملنا بما انت اهله ولا تقابلنا بما نحن اهله انک انت اهل التقویٰ
واهل المغفرة یارحم الراحمین یا الله یا الله یا الله یا اول یا اخر یا ظاهر یا
باطن یا قدیم یا قویم یا مقیم یا نور یا هادی یا بدیع یا باقی یا ذاالجلال
والاکرام لا اله الا انت برحمتک استغیث یا غیاث المستغیثین اغثنا لا
اله الا انت و برحمتک یارحم الراحمین اسئلک اللهم ان تصلی علی
سیدنا محمد و آله وصحبه وتسلم وان تقضی حوائجنا یا الله یا الله یا الله
والحمد لله رب العلمین. هفتہ

بسم الله الرحمن الرحیم. اللهم یا من نعمه لا تحصی وامره لا یعصی
ونوره لا یطفیٰ ولطفه لا یخفی یا من فلق البحر لموسیٰ و احی المیت
لعیسیٰ وجعل النار برداوسلاما علی ابراهیم صل علی سیدنا محمد وعلیٰ
آل سیدنا محمد واجعل لی من امری فرجا و مخرجا اللهم بتلالو نور بها
حجب عرشک من اعداء ی احتجبت بسطوة الجبروت ممن یکیدنی
تحصنت وبحول طول جول شدید قوتک من کل سلطن تحصنت
بدیموم قیوم دوام ابدیتک من کل شیطن استعذت وبمکنون السر من

سر سرک من کل هامة تخلصت وتحصنت یا حامل العرش عن حملة
العرش یا حابس الوحش یا شدید البطش لیک توکلت والیک انبت
احبس عنی من ظلمنی واغلب علی من غلبنی کتب الله لا غلبن انا ورسلی
ان الله قوی عزیز الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر واعز من خلقه
جمیعا الله اعز ممن اخاف احذر اعوذ بالله الذی لا اله الا هو ممسک
السموات السبع ان تقع علی الارض الا باذنه من شر عبدک وجنوده و
اتباعه واشیاعه من الجن والانس اللهم کن لی جارا من شرهم جمیعا جل
ثنائوک وعز جارک وتبارک اسمک ولا اله غیرک تفعل ما تشاء
وانت علی کل شیء قدیر والحمد لله رب العلمین. اتوار

بسم الله الرحمن الرحیم. هو الله الذی لا اله الا هو الجلیل الرحمن
الرحیم اللطیف الحلیم الرئوف العفو المومن النصیر المجیب المغیث
القریب السریع الکریم ذوالاکرام ذوالطول رب اکسنی من جمال بدیع
الانوار الجمالیة وما یدهش ابواب الذرات الکونیة فتوجه الی حقائق
المکونات توجه المحبة الذاتیة الجاذبة الی شهود مطلق الجمال الذی لا
یضارة قبح ولا یقطع عنه ایلام واجعلنی مرحوما من کل رحم بحکم
العطف الحبی الذی لا یشوبه انتقام ولا ینقصه غضب ولا یقطع میدده
سبب و تول ذلک بحکم ابدیة وارثیتک الی غیر نهایة لا تقطعها غایة یا
رحیم هو الرحیم رباه رباه رباه غوثه یا خفیا لا یظهر یا ظاهر الا یخفی
لطفت اسرار وجودک الاعلی فتریٰ فی کل موجود وعلت انوار
ظهورک الاقدس فبدت فی کل مشهود وانت الحلیم المنان بالرافة
والعفو السریع بالمغفرة مومن الخائفین نصیر المستغیثین القریب
بمحوجهات القرب وابعد عن عیون العارفین یا کریم یا کریم یا کریم یا
ذالطول والاکرام سلام قول من رب الرحیم والحمد لله رب العلمین. پیر

بسم الله الرحمن الرحیم. هو الله الذی لا اله الا هو الحلیم الرحیم الفعال
اللطیف الولی الحمید الصبور الرشید الرحمن رب اذقنی من برد
حلمک علی ما ابتهج به فی عوالمی فلا اشهد فی الکون الا ما یقتضی
سکونی ورضاء ی فانک الحق وامرک الحق وانت الحکیم الرحیم رب
اشهدنی مطلق فاعلیتک فی کل مفعول حتیٰ لا اری فاعلا غیرک لاکون
مطمئنا تحت جریان اقدارک منقادا لکل حکم وجودی عینی و غیبی
وبرزخی یا نافخا روح امره فی کل عین اجعلنی منفعلا فی کل حال لما
یحولنی عن ظلمت تکوینا تی وامحق فعلی وفعل الفاعلین فی احدیة
فعلک وتولنی بجمیل حمید اختیارک فی جمیع توجهاتی وافن منی
ارادتی و صبرنی وسددنی وارحمی واصحبنی باللطف والعنایة بمعیة

خاصة منک وحققني بقربک الذی لا وحشة معه یا رحمن یا سلام والحمد لله رب العلمین.

منگل

بسم الله الرحمن الرحیم. الهی ما احلمک علی من عصاک وما اقربک ممن دعاک و ما اعطفک علی من سالک وما ارافک بمن املک من ذاالذی سالک فحرمته اولجا الیک فاهملته اوتقرب منک فابعدته او هرب الیک فطردته لک الخلق والامر الهی اتراک تعذبنا و توحیدک في قلوبنا وما اخالک تفعل ولئن فعلت اتجمعنا مع قوم طال ما بغضناهم لک فبا لمکنون من اسمائک وما وارته الحجب من بهائک ان تغفر لهذه النفس الهلوع ولهذا القلب الجزوع الذی لا یصبر لحر الشمس فکیف یصبر لحر نارک یا حلیم یا عظیم یا کریم یا رحیم اللهم انا نعوذبکم من الذل الا لک ومن الخوف الا منک ومن الفقر الا الیک اللهم کما صنت وجوهنا ان تسجد لغیرک فصن ایدینا ان تمتدبالسوال لغیرک لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین والحمد لله رب العلمین.

بدھ

بسم الله الرحمن الرحیم. الهی عم قدمک حدثي فلا انا واشرق سلطان نور وجهک فاضاء هیکل بشریتي ولا سواک فما دام مني فبد وامک وما فني عني فبرو یتي ایای وانت الدائم لا اله الا انت اسالک بالالف اذا تقدمت وبالهاء اذا تاخرت وبالها مني اذا انقلبت لا ماان تفنیني بک عني حتیٰ تلتحق الصفة بالصفة وتقع الرابطة بالذات لا اله الا انت یا حي یا قیوم یا ذاالجلال والاکرام و صلی الله تعالیٰ وسلم علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه اجمعین والحمد لله رب العلمین والحمد لله وحده.

فوائد اسبوع شریف

پچھلے صفحے پر گذرے اسبوع شریف کے اور بھی بے انتہا فوائد ہیں مثلاً انہیں ویسے ہی پڑھ کر پانی پر دم کر کے کسی بھی جسمانی و روحانی امراض میں مبتلا مریض کی جان چھڑوانے کیلئے دم شدہ پانی کو روز اسی دن کا اسبوع پڑھ کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے صحت ہوگی۔ بیماریوں کے خاتمے زخموں کے خاتمے آپس میں سلوک واتفاق سے رہنا جادوٹونے کو ختم کرنا اور اس قسم اور دیگر دنیاوی کاموں میں انہی اسبوع شریف کو متعلقہ دنوں کے حساب سے کم از کم دن میں ایک مرتبہ سادے پانی پر دم کر کے بیماری کی علامت ظاہر ہونے پر پلایا جائے اور بندش ورکاوٹ کے خاتمے کیلئے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھا جائے اور اس دم شدہ پانی کو اپنے گھر کے کونوں میں چھڑکا جائے اللہ کی رحمت ہوگی۔ بزرگان دین مدد فرمائیں گے اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اس مقصد کیلئے خصوصی دعا فرمائیں گے۔ دین ودنیا کے تمام کاموں میں کامیاب ہونے میدانوں کو فتح کرنے اور روحانی

ترقی کو بڑھانے اور اس قسم کے اور جتنے بھی کام ہیں ان سب میں سو فیصد کامیاب ہونے کیلئے انہی اسبوع شریف کو اسی دن اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھا جائے اور اگر انہی اسبوع شریف کا عامل بننا ہو اور دوسروں کو اس کے فیض سے ہمکنار کرنا ہو تو اس کا طریقہ کار پیچھے لکھ دیا گیا ہے۔ جس پر عمل کر کے کوئی بھی با آسانی اور بغیر کسی ڈر وخطرے کے عامل بن سکتا ہے۔

الحسین پبلشرز (رجسٹرڈ)

یہاں اس بات کو لکھنے کا مطلب سورج کو روشنی دکھانے والی بات ہے۔ تمام افراد جانتے ہیں۔ کہ مصنف کتب السید علی حسین شاہ کی قلم سے لکھے گئے اعمال نقوش اور مختلف طریقہ کار دنیا کی کسی بھی کتاب میں نہیں ہوتے الحمدللہ یہ کتاب بھی اپنی نوعیت کی ایسی منفرد کتاب ہے۔ جو عوام الناس کو بہت پسند آئیگی۔ اور اس میں لکھے جانے والے اعمال ونقوش کو دنیاوی طور پر استعمال کرنے کیلئے ادارے کا میمبر بننا نہایت ہی ضروری ہے۔ جس میں کسی مہینے یا سال کی کوئی قید نہیں ہے۔ صرف ایک حد تک مقرر کئے گئے ہدیے کو رکھا گیا ہے۔ اور جو کوئی بھی اس کتاب سے خود اور دوسروں کیلئے کچھ کرنا چاہے تو وہ سو فیصد اس صورت میں کامیاب ہوسکتا ہے۔ کہ ادارے کی طرف سے ایک خاص کارڈ اجازت نامے اور مصنف کے ہاتھوں کے دستخط اور روحانی طور پر ان کی اپنے اوپر توجہ حاصل کروانے کیلئے کارڈ لینا بہت ضروری ہے۔ اگر کوئی اس شرط کے علاوہ خود سے اعمال ونقوش لکھتا ہے۔ تو وہ کسی بھی وجہ سے کامیاب نہ ہونے کی صورت میں کتاب کو ہرگز غلط مت کہے (شکریہ) نقالوں، علامہ، شاہ جی، اور اس قسم کے دوسرے فریبی اور عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ روحانیت کے معاملے میں بیوقوف بنانے والوں کی کاٹ کیلئے کتاب کے شروع میں مصنف کتب کے ہاتھ کے دستخط اور خصوصی مونوگرام ضرور دیکھئے اگر ان دونوں میں سے ایک یا دونوں ہی نشانیاں نہ پائی جائیں تو برائے مہربانی کتاب میں لکھے گئے مصنف کے ایڈریس پر ضرور اطلاع دیجئے تا کہ ایسے نقالوں اور ان کا ساتھ دینے والوں کی ایسی بندش کی جائے جو شاید کامل ولی اللہ کے علاوہ کوئی بھی نہ کھول سکے۔ اس کتاب کی نقل مارنے والے کی زندگی کی یہ آخری کتاب ہوگی۔ کیونکہ اس کے بعد وہ دوبارہ زندگی میں کوئی کتاب لکھ یا شائع نہیں کرسکیگا۔

Scanned by CamScanner

عملیات اور عملیاتی دنیا میں کامیابی کا سو فیصدی راز (سچا علم الحاضرات) میں ہے۔

یہ میری زندگی کی ایک ایسی کتاب ہے۔جس میں بے شک ایک ایک نسخہ لاکھوں روپے کا ہے اور اثرات میں ایسے جیسے بجلی کی تار میں کرنٹ دوڑتا ہے۔ کتاب با تصویر اور ایسی سچائی پر مبنی ہے۔ جسے آج کا انسان بے تابی سے ڈھونڈ رہا ہے۔ اس کتاب میں حاضرات حضور نبی کریم ﷺ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا اس دنیا میں روحانی فیض ایک خاص طریقہ کار سے حاصل کرنا، بارہ اماموں کا اس دنیا میں فیض حاصل کر کے دینی و دنیاوی معاملات میں اپنا ایک خاص مقام بنانا اور با آسانی ولی اللہ بن جانا، قلندر اعظم حضرت شاہ شرف الدین عرف بو علی شاہ قلندرؒ، حضرت علی عثمان بن مروندی عرف سخی لعل شہباز قلندرؒ، پیران پیر غوث الاعظم دستگیرؒ، حضرت ابو الحسن علی ہجویریؒ، کا اس فانی دنیا میں روحانی فیض با آسانی اور کامل نسخہ جات سے حاصل کرنا اور اس دنیا میں اپنا ایک علیحدہ مقام بنا کر خود اور کسی کو بھی مکہ و مدینے کی زیارات کروانا، اور دنیاوی معاملات میں سو فیصدی کامیابی حاصل کرنا، حضرت جبرائیلؑ، حضرت اسرافیلؑ، حضرت میکائیلؑ، حضرت عزرائیلؑ، اور ان کی صفوں سے تعلق رکھنے والے موکلات سے اس دنیا میں رابطہ پیدا کر کے دینی و دنیاوی معاملات میں وہ کچھ کرنا جو انسان برسوں کی تمنا لئے بیٹھا ہے۔ اس کے علاوہ سفلی موکلات کی آمد جس سے صرف دنیاوی معاملات میں ایسے کام کرنا جیسے کسی دشمن، بغض و حسد رکھنے، اور ناجائز پریشان کرنے والے افراد کو سبق سکھانے کے راز لکھے ہیں۔ جنات کا جہان کہاں ہے اور وہ کیسے انسان کے پاس آتے ہیں۔ ان کے نام مذاہب اور ان کو اپنی تسخیر میں کر کے ان سے دنیاوی کاموں میں مدد لینے کے طریقہ کار کامل صحت کے درج ہیں۔ یہ روحانی دنیا کی ایسی نادر کتاب ہے۔ جو دعویٰ کے ساتھ کسی آنکھ نے دیکھی نہیں ہوگی۔ اگر کوئی روحانی اعمال کرتا ہو اور اسے اس کتاب سے کوئی واقفیت نہ ہو تو وہ کبھی بھی روحانی دنیا میں اپنا کوئی مقام پیدا نہیں کر سکتا اور جو کوئی بھی اس کتاب کے لکھے گئے نسخہ جات پر عمل کریگا۔ تو اس کے توسل سے وہ سب کچھ کر سکیگا جو وہ کرنے کی حاجت رکھتا ہے۔

جادو کا نہ رکنے والا سلسلہ

بعض حالات میں اس قسم کے بد اعمال اور جادو ٹونے کروائے جاتے ہیں۔ جو مسلسل ہی چلتے رہتے ہیں۔ اور کسی بھی طریقے سے ان کی روک تھام نہیں ہوتی اور جس بیچارے کو اس کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ وہ اپنی زندگی میں ایسی ایسی مشکلات و مصائب میں الجھتا ہی جاتا ہے۔ جس کی اس نے زندگی میں کبھی منصوبہ بندی ہی نہیں کی ہوتی اور اگر اس کام کو موقع پر نہ پکڑا جائے تو یہ بڑھتے ہوئے کچھ اور ہی بن جاتا ہے۔ کیونکہ ایسے بد اعمال کا شمار میعادی جادو ٹونے سے ہوتا ہے۔ جو ایک وقت کی حد کے اندر رہ کر کئے جاتے ہیں۔ اور یہ اپنا وقت اور مدت ختم کر کے ہمیشہ کیلئے اپنے بد اثرات اس پر مسلط کر جاتے ہیں۔ جس پر ایسے اعمال کو کیا جائے اس کی بہت سی نشانیاں اور تعلقات ہیں۔ جس کی بناء پر اس قسم کے جادو اور ٹونے کئے جاتے ہیں۔ اور جتنی رقم لگوا کر ایسے بد عمل کو کروایا جاتا ہے اسی طریقے سے روحانیت میں اپنا ایک مقام اور علم رکھنے والا اسی ہی طریقہ کار سے اس کی کاٹ کر سکتا ہے۔ بالکل مفت یا بغیر ہدیہ کے اس قسم کے علاج کرنے والا خود کو ایک عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے۔ جب کہ علاج کرنے والا خود اور اس بد عمل سے مغلوب ہونے والے کو بچائے اور ایسا تب ہی ہوگا جب اس کی (موکھ) ادا کی جائیگی۔ ایسی حالت میں بعض روحانی علم کی الف بے بھی نہ جاننے والے معصوم افراد کو دھوکہ میں رکھنے کے ساتھ انہیں بیوقوف بنائے رکھتے ہیں۔ اور ایسی باتوں کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی جیبیں بھرتے ہیں جس پر ان کا ایک رتی بھی حق نہیں ہوتا اس لئے میں جن رازوں کو جانتا ہوں وہ سب ہدیہ جات پر منحصر ہیں۔ اور جائز ہدیہ لیتے ہوئے ایسے کئی امراض، جادوئی اعمال، بد اعمال، نحوست اور ہر قسم کی بندش کا توڑ کرتا ہوں لیکن بغیر ہدئے کے میں کچھ بھی نہیں کرتا کیونکہ اس سے مرض یا بد اعمال کا سارا وزن مجھ پر آپڑتا ہے۔ لہذا اس وقت میری ایسے بہت سے افراد کو ضرورت ہے جو میرے عاشق اور مجھ سے پیار کرتے ہیں اس لئے اگر کوئی علاج معالجہ کروانا چاہے تو وہ پہلے سے اس بات کا ذھن ضرور بنا لے کہ میرا کوئی بھی کام میرے ہاتھوں بالکل ہدئے کے بغیر نہیں ہوگا۔ اس میں بھی بہت سے راز ہیں۔ جو میرے اور مختلف امراض میں مبتلا مریض کی جان چھڑوانے کیلئے وسیلہ بنتے ہیں۔

حاضری جادو اور جسم میں ہم کلامی ارواح

ایسے بہت سے مریض کئی افراد
نے دیکھے یا سنے ہونگے جن
کے جسم کے اندر حاضری ہوتی
ہے۔اور حاضر ہونے والا ہم
کلام ہوتا ہے۔بعض اوقات ایسی کیفیت مریض کی جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔اور
بعض اوقات کوئی غیر انسانی مخلوق اس مرد یا عورت کی عاشق بن جاتی ہے۔جس کے
ساتھ ایسی روح جڑ جاتی ہے۔جوگاہے بگاہے جسم میں حاضر ہوکر دوسرے افراد سے
ہم کلام ہوتی ہے۔اور ایسی کئی گزری اور آئندہ آنے والی باتیں بتاتی ہے۔جو اکثر
بالکل سچ ثابت ہوتی ہیں۔ایسی ارواح نیک ہوتی ہیں اور بچپن ہی سے ایسے کسی مرد یا
عورت کے ساتھ رہتی ہے جس کو وہ خود نہیں جانتا بلکہ جب کوئی خوشبو،قوالی، یا کسی
بزرگ کی بات کی جاتی ہے تو وہ فوراُ وہاں حاضر ہو جاتی ہے۔اور باتیں کرنا شروع کر
دیتی ہے ایسے افراد کا علاج نہیں کروانا چاہئے اور نہ ہی کسی کو بتانا چاہئے کیونکہ ایسی
ارواح اچھی ہوتی ہیں۔اور اس فرد سے جڑے رہنے کے ساتھ اسے کئی فائدے دیتی
ہیں۔بلکہ ان کا ساتھ رہنا اچھا ثابت ہوتا ہے۔اگر کوئی اس کیفیت میں مبتلا ہوتو وہ نماز
وروزے کی سختی سے پابندی کرے اور اللہ کی خاص الخاص عبادت کرنے کے ساتھ
حضور نبی کریم ﷺ کے طریقہ کار کو اس دنیا میں اپنائے اور خود افاقہ محسوس کرلے کہ یہ
روح کیا کرسکتی ہے۔اسی کیفیت کے بالکل برعکس بداعمال اور جادوئی اثرات رکھنے
والی منفی مخلوق کی حاضری بھی ہوتی ہے۔جسے ایک مرض کہا جاسکتا ہے ایسے مرض پر
بہت مشکل سے قابو پایا جاسکتا ہے۔کیونکہ ایسی مخلوق وہی عامل بھیجتا ہے۔جس کا اس
مخلوق سے بہت گہرا تعلق ہوتا ہے۔اور اس نے اس مخلوق کو اپنی تسخیر میں کیا ہوتا ہے۔

پھر کوئی مفاد پرست انسان ایسے عامل سے اسی عمل کو کرواتا ہے۔جو خصوصاً
عورت ذات کے اندر گھس جاتا ہے۔اور جیسے جیسے پیچھے سے اس بدعمل کا اثر زیادہ
کیا جاتا ہے بالکل اسی طرح اس مریض کے جسم کی حالت ہوجاتی ہے۔جو بعض
اوقات تو نا جاننے والا مرض کہلاتا ہے کیونکہ ایسی شاطر چیزیں اپنا کوئی ثبوت نہیں
چھوڑتیں اور صرف اس مرد یا عورت کو زیادہ سے زیادہ اذیت میں مبتلا کئے رکھتی
ہیں۔جس پر ایسے بدعمل کو کیا جاتا ہے۔اور اس بدعمل کا اثر بذریعہ ہوائی چیزیں
پہنچایا جاتا ہے۔اور بعض اوقات ایسی چیزیں جسم میں حاضر ہوکر ہم کلامی کرتی
ہیں۔اور اگر کوئی عامل جاننے والا ہوتو وہ اس مخلوق سے وہ سب کچھ پوچھ سکتا ہے
جس نے انہیں بھیجا ہوتا ہے۔لیکن اس کے ساتھ اس روحانی عامل کا درجہ بلند ہونا
چاہیئے اگر کوئی نہ جاننے والا ایسے مریض کو چھیڑ بیٹھے تو اپنی جان کو عذاب میں مبتلا
کرکے اور مریض کی جان کو زیادہ تکلیف میں مبتلا کردیتا ہے۔جس سے بعض اوقات
مریض کی ہلاکت ہوجاتی ہے۔ایسے کئی واقعات میرے اپنی آنکھوں دیکھے ہیں
اور کئی ثبوت میرے پاس موجود ہیں۔کہ بذریعہ ہوائی چیزیں جسم میں حاضرات
کرواکر اس مخلوق سے کوئی بھی کام لیا جاسکتا ہے۔جو بعض اوقات دوسرے افراد
ثبوت کے ساتھ محسوس کرسکتے ہیں۔اور بعض اوقات ایسے امراض گم رہ کر اپنا کام
کرکے ختم ہوجاتے ہیں۔اور مریض کی جان کو نہیں چھوڑتے اگر ایسا کوئی مریض
موقع پر ہی ایسے مرض کی کوئی تدبیر ڈھونڈ لے تو مرض قابو میں آجاتا ہے۔اور اگر
یہی مرض بگڑ جائے تو جیسے جیسے وقت گذرتا جاتا ہے مرض بھی بڑھتا جاتا ہے۔اور
آخر کار اس بدعمل کا جو مقصد ہوتا ہے۔وہ اس طریقے سے پورا ہوتا ہے۔کہ
نجومیوں، پامسٹوں، اور مختلف اعمال کرنے والے کے دروازے ہوتے ہیں۔
اور اس اکیلے مریض کی جان چھڑوانے کا سوال جو مختلف طریقہ کار پر مبنی مختلف
اعمال کرکے بعض اوقات کامیابی اور بعض اوقات ناکامیابی ہوتی ہے۔روحانی
عملیاتی میدان میں ہر نقطے کو سمجھنے والا اکثر ایسے امراض پر قابو ضرور پالیتا ہے۔اور
اس مریض کی جان چھڑوا دیتا ہے۔جو اس مخلوق کا شکار ہوا ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الله لا اله الا هو الحی القیوم لا
تاخذه سنة ولا نوم له ما فی
السموات وما فی الارض من
ذالذی یشفع عنده الا باذنه یعلم
ما بین ایدیهم وما خلفهم ولا
یحیطون بشیء من علمه الا
بما شاء وسع کرسیه السموات
والارض ولا یوده حفظهما وهو
العلی العظیم
وبحق ایاک نعبد
وایاک نستعین

جبرائیلؑ — عزرائیلؑ
سلام — سلام
اسرافیلؑ — میکائیلؑ

وزنی گھر، تباہی گھر، گھر میں آسیبی خلل، جناتی اثرات یا؟؟

ایسے کئی گھرانے ہیں جو ابھی تک ایسی نحوست اور بندش میں مبتلا ہیں جس کی سمجھ نہ تو انہیں آرہی ہے اور نہ ہی کبھی آئیگی اس کی واضح نشانیاں جس کی میں نے تحقیق کی ہے۔ وہ یہ کہ اس گھر میں رہنے والے سبھی افراد ایک دوسرے سے ہمیشہ متنفر رہتے ہیں۔ ان کے گھر کا نظام دھرم بھرم ہوتا ہے۔ کاروبار صحیح نہیں چلتا خصوصاً لڑکیوں کے رشتے سبھی پسند کرتے ہیں لیکن کہیں بھی بات نہیں بنتی شاظر وناظرا اگر اس گھر میں رہنے والے لڑکوں کی شادی ہو جائے تو وہ بھی عجیب قسم کی زندگی گذارتے ہیں اور اگر اس دوران لڑکی کی بھی شادی ہو جائے تو وہ اپنے گھر میں سکھی نہیں رہتی اور اسے دنیاوی طور پر بھی ایسی بندشیں گھیر لیتی ہیں۔ جس سے زندگی میں جینے کا کوئی بھی مطلب نہیں نکلتا اور عملیاتی میدان میں قدم رکھنے والوں سے اگر پوچھا جائے تو وہ ایسی باتیں کہتے ہیں جو میں نے اوپر بیان کی ہیں۔ لیکن جہاں تک میں نے تحقیق کی ہے اس کے پیچھے زندگی میں ایسی کوئی کوتاہی، بزرگ کی بد دعا گھر میں ایسی جگہ کی بے حرمتی جہاں کسی بزرگ نما سائے کا ظہور ہو یا اپنے گھر سے درخت کو بے تکے انداز میں کٹوا دینا، یا کسی ایسے عامل کے ساتھ ماتھا لگا لینا جو سچ میں کسی کلام کا عامل ہو، ایسی وجوہات کی بنیاد پر تمام کا تمام گھر اور اس گھر میں رہنے والوں کی زندگی ایک عذاب بن جاتی ہے۔ جس کا نعم البدل نکالنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بن جاتاہ۔ مختلف اقسام کے نقوش اور عملیات بے سود جاتے ہیں۔ اور گھر میں رہنے والے افراد زندگی کی خوشیاں کا کبھی بھرپور مزا نہیں لے سکتے اچھے بھلے چلتے ہوئے کام اچانک رک جاتے ہیں۔ اسی گھر کے افراد سے دنیا والے فیض اٹھاتے ہیں اور ان کیلئے فیض کے دروازے بند ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اور بہت سے نشانیاں ایسی اس گھرانے میں موجود ہوتی ہیں جن کی تشریح ابھی باقی ہے۔

جنتر، منتر، تنتر، روحانی مخفی علوم جنات، سایہ، ڈر خوف، بداعمال اور دیگر جادوئی علوم کیا ہیں؟

کتاب کا موضوع ختم کرنے سے پہلے میں یہاں اس بات کو ضروری سمجھتا ہوں کہ کتاب میں پہلے گذرے گئے اعمال باتیں اور جن روحانی طریقہ کار کے مثبت و منفی اصولوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ انہیں ایک مرتبہ یہاں آسان الفاظ سے سمجھا دیا جائے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ کئی افراد اس کتاب کو غلط کہیں اور کئی ایسی فالتو اور روحانی علوم کا معلوم نہ ہونے کی بناء پر خود کو عقلمند تو سمجھتے ہوں لیکن ہوسکتا ہے۔ کہ عقل ان کے پاس سے بھی گذری نہ ہو ایسے کئی افراد اور اس قسم کی سوچ رکھنے والے جو دنیاوی و روحانی معاملات کو اپنے نزدیک ناممکن سمجھتے ہوئے دنیا میں تمام انسانوں کے متعلق یہی سوچ رکھتے ہیں کہ یہ سب کیلئے ناممکن ہے۔ اس قسم کی سوچ رکھنے والا انسان اگر اپنے ارد گرد نظر دوڑائے تو دیکھے کہ وہ خود جتنی اشیاء کو استعمال کرتا ہے۔ اس میں سے کتنی اس نے خود ایجاد کی ہیں۔ اور انہیں کیا سمجھ کر استعمال کر رہا ہے۔ یقیناً اس کا جواب اس کے پاس نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس نے ایسی کوئی بھی ایجاد نہیں کی جس کا وہ بتا سکے کہ جو اشیاء وہ استعمال کر رہا ہے وہ سب اسی

کی ایجادات ہیں۔اس لئے جوکام انسان اپنے لئے ناممکن سمجھتا ہو وہ دوسرے کیلئے بھی ناممکن مت سمجھے اسی عقلمندی میں اس کا شعور اور توازن برقرار رہیگا۔اور اگر ان علوم کی الف بے بھی نہ جانتا ہو اور انہیں کچھ کا کچھ سمجھتا ہو اور اس کے نزدیک اس علم کو کچھ اور کہتے ہوں تو ایسی باتیں اس کی ایجادات ہوسکتی ہیں۔ وگرنہ ارواح علویہ اور ارواح سفلیہ ان دونوں ارواح کا وجود اس کائنات میں موجود ہے۔اور قرآن پاک واحادیث میں ایسی کئی اشیاء کے ثبوت بھی موجود ہیں جس کے اس ترقی یافتہ دور میں نشانات مٹائے جارہے ہیں اور جس سے روحانیت جیسا مقدس سلسلہ ختم ہورہا ہے۔ اور اس کی جگہ ایسی توہم پرست باتوں نے جنم لے لیا ہے۔ جو روحانیت کے بالکل الٹ ہیں اور ایسے کئی افراد اب روحانیت میں دیکھے گئے ہیں۔جنہیں روحانیت کی الف بے کا بھی معلوم نہیں ہے اور وہ خود کو نہایت ہی عالم وفاضل سمجھتے ہیں۔ جب کہ نہ تو انہیں بات کا سلیقہ ہے اور نہ ہی روح میں تازگی جس سے دوسرے کو سکون اور اطمینان مہیا کیا جاسکے اس لئے پاس آنے والا کیا سمجھ کر آتا ہے اور آگے سے کچھ اور دیکھ کر انسان اس کے متعلق کیا سے کیا سوچ رکھتا ہے۔ جب کہ ایسے افراد آزمانے پر بھی ناقص ہی نکلتے ہیں اور اپنی جھوٹی کرامتیں اپنے پاس بیٹھنے والوں سے دوسرے افراد میں خود ان کی خدمت کر کے پھیلاتے ہیں جس سے دوسرے اس سے متاثر ہوں اور اس کا ناجائز ادب واحترام کریں جب کہ اسی فرد کو کرامت جیسے عظیم سلسلے کا ہی معلوم نہیں ہوتا کہ کرامت کسے کہتے ہیں۔ اور اس کا ظہور ہونا بذریعہ اطاعت خدایا خود سے سرزد ہوتی ہے۔نہیں بلکہ ناقص اور فضول کاموں کے کروانے کیلئے دوسروں کو اپنی جھوٹی کرامات کے ظہور سے ڈرایا جاتا ہے۔ جب کہ کئی حالتوں میں انسان ان سے ڈرنا شروع ہوجاتا ہے۔اور اس بات کے تحت ان کی عزت کرتا ہے۔ ایسے افراد روحانیت کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔ اور دوسروں کو کھلا رہے ہیں۔اور پبلشرز حضرات اسی بات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انہی افراد کی کتب کو شائع کر کے عوام الناس کو بیوقوف بنانے میں ایک دوسرے کی مدد کرتے

ہیں۔جس سے تباہی وبربادی اس فرد کی آتی ہے جو اس میں لکھے جانے والے نسخہ جات کو آزما کر خود شرمندہ ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسے نسخے وہی افراد بیان کرتے ہیں جن کی اپنی جھوٹی کرامتوں کی اس دنیا میں کوئی کمی نہیں ہوتی جب کہ یہ خوبی بھی ہر کوئی اپنے اندر پیدا نہیں کرسکتا اس لئے ایک کا ڈرا ہوا پھر سب سے ڈرتا ہے اور صحیح ومجرب نسخہ جات کو غلط سمجھ کر ایسی کتب خرید کر اپنی حلال کی کمائی ضائع نہیں کرنا چاہتا میں ایسے تمام افراد کی اصلاح اور ان کا دل روحانیت سے لگانے کیلئے کیا کرتا ہوں؟ میں یہ بتانے کیلئے ایک صفحہ ضائع نہیں کرنا چاہتا بلکہ جو کرتا ہوں وہ سب کو معلوم ہی ہے۔میری تمام کتب میں موجود مواد بعض ایسی روحانی شخصیات اور مخفی مخلوق کا بتایا ہوا ہے جو انسان کی کوششوں کے باوجود بھی اس کے پاس نہیں آتے اور ان میں کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے۔اس کی آزمائش اور اس کے مجرب نسخہ جات کی میرے پاس سندیں ودلائل ہیں۔اور ایسے غیر مرد وخواتین کے ناموں کی لسٹ بھی جنہوں نے سچی نیت سے انہیں آزمایا اور اس میں پورا اترے اب اگر کوئی خود ہی محنت نہ کرے اور نہ ہی روحانیت کو ٹھیک طریقے سے سمجھے تو اس میں قصور اس باطن کا ہوتا ہے۔ جو تاریک پہلے سے ہوتا ہے اور ایسے اعمال اس سلسلے سے رشتہ توڑنے کی وجہ بن جاتے ہیں۔اس لئے جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہئے بلکہ اسی نسخے کو خود کی اصلاح کرتے ہوئے بھرپور طریقے سے کرنا چاہئے تاکہ وہ مخلوق اس عمل میں ضرور حاضر ہو جس کیلئے عمل کیا جارہا ہے۔ یا وہ نقوش اور اعمال ضرور کامیاب ہونگے جنہیں ٹھیک طریقے اور باطن کے روشن ہونے کے بل بوتے پر کیا جائیگا۔ویسے میں نے ایسے افراد کی اصلاح اور ان کو عملیات، نقوش، اور مختلف وظیفہ جات میں سو فیصد کامیابی دلوانے کیلئے فہرست کے بعد ایک صفحہ کتاب کی اجازت اور اس سے فیض حاصل کرنے کا طریقہ کار لکھا ہے۔جس میں سینکڑوں روحانی نقطہ نظر اور اس کے حصول کے واضح دلائل ہیں۔ جو عملیات کرنے میں مہارت اور دنیا کو اس کتاب کے اعمال کے توسل اور اپنے باطن کے ذریعے ان کی روحانی مدد کی جائیگی۔انشاءاللہ

یہ پرانے ایسے بزرگوں کی تصویر ہے جو اس مخفی علوم کے متعلق تحقیق کر کے دوسرے لوگوں کو اس سے متعلق بتاتے تھے۔ چونکہ وہ اس مخفی علوم کے متعلق بہت کچھ جانتے تھے اور طرح طرح کی تحقیقات کر کے عوام الناس کیلئے بہت کچھ چھوڑ گئے جو آج تمام عوام الناس کے گوش گذار کیا جا رہا ہے چونکہ شروع سے ہی یہ علم نہایت ہی مشکل اور دقیق رہا ہے۔ اور اس میں بہت محنت کر کے کامیاب ہوا جاتا تھا۔ لیکن جیسے جیسے وقت گذرتا گیا اور دوسرے افراد اس علم میں مہارت رکھنے کے ساتھ اس میں طرح طرح کی اور مزید تحقیقات کرتے گئے اور آخر کار ایسے علوم پر قابو پا لیا جس کی آج اس دور میں اشد ضرورت ہے۔ لیکن بہت افسوس کے ساتھ یہاں یہ بھی لکھنا پڑ رہا ہے کہ بعض ایسے افراد اب بھی موجود ہیں۔ جو روحانیت یا کسی مخفی علم کی الف بے بھی نہیں جانتے لیکن وہ عملیات، تعویذات، فلکیات اور اس سے دیگر جتنے بھی مشکل اور مخفی اسرار ہیں ان کے متعلق جھوٹی اور بے بنیاد قسم کی کتب لکھ رہے ہیں۔ جو کہ بازار میں موجود ہیں ان سب کا دھیان اور پوری توجہ سے مطالعہ کیا گیا ہے لیکن کہیں کسی بھی بات کی کوئی سچائی نظر نہیں آتی ایک دوسرے کی نقل مارتا ہے۔ تیسرا ان دونوں کی نقل مارتا ہے چوتھا ان تینوں کی نقل مارتا اور پانچواں ان سب کی نقل مارتا ہے اسی طرح نقل مارتے مارتے بات وہی ایک چھوٹی سی ہی ہوتی ہے جس طویل وعریض کر کے اس قدر بنا دیا جاتا ہے کہ اس کا کچھ بھی نام رکھ کر اسے بیچ لیں اس سے کیا نقصان واقع ہوتا ہے کہ ایک ضرورت مند جب اسی کتاب میں سے کسی نسخے کو آزماتا ہے تو وہ کسی بھی صورت صحیح نہیں نکلتا اور اس کے بعد جو صحیح اور تحقیق یافتہ کتب ہوتی ہیں انہیں بھی شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور کئی افراد اس علم سے بدزن ہو کر اس موضوع کو ہمیشہ کیلئے بند کر دیتے ہیں۔ کیونکہ اپنی حلال کی کمائی کو کوئی بھی ضائع نہیں کرنا چاہتا اس لئے خدارا اس پاکیزہ اور روحانی علم کے حق کو ادا کیجئے اور اگر بات میں سچائی اور وزن ہے تو اسے ضرور بیان کیجئے وگرنہ ایسے موضوع پر بات بھی نہیں کرنی چاہئے جس کے متعلق کچھ پتہ ہی نہ ہو۔ اس لئے عوام الناس سے درخواست ہے کہ وہ ایسی کتب خریدنے سے پہلے تسلی کیا کریں۔ اور بغیر کسی وجہ کے کوئی ایسا فیصلہ نہ کریں جس کوئی کوتاہی ہو جائے۔

روحانی عملیاتی کتب چھاپنے والا نادر و نایاب ادارہ

الحسیب پبلشرز (رجسٹرڈ)

یہ روحانی و نورانی ادارہ پیر السید علی حسین شاہ بخاری سجادہ نشین حضرت پیر السید محمد جیلانی (گولڑے والا) کے زیر نگرانی ہے۔ تمام نادر و نایاب کتب چھاپنے والا واحد ادارہ ہے۔ جس کے مصنف (السید علی حسین شاہ) کسی تعریف کی محتاج نہیں اب پہلے سے بھی کہیں زیادہ پر اثر وطاقتور وظائف، نقوش، چلہ جات، روحانی طریقہ کار پر چل کر اپنے آپ کو دنیا میں منوانے کیلئے، اور اس سے دیگر انسان کی جتنی بھی حاجات ہیں ان سب کی تکمیل کیلئے ایسی روحانی کتب کچھ لکھی جا چکی ہیں۔ جو آہستہ آہستہ چھپ کر عوام الناس کی خدمت میں پیش کی جائینگی اور بہت سی نادر کتب ابھی لکھائی و چھپائی کے مراحل سے گزر رہی ہیں۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہ السید علی حسین شاہ کی قلم سے لکھی کتب کسی تعریف کی محتاج نہیں اور نہ ہی کسی تحقیق کا کمال ہے۔ بلکہ اپنے پیر کامل کی خاص توجہ اور صحیح عامل استادوں کے سینوں کے رازوں کو پھیلایا جا رہا ہے جس کا فیصلہ عوام الناس پر ہے۔ اب نئی کتب دیکھ کر انسان کی حیرت گم ہوتی ہے کیونکہ سب کتابوں کو با اشکال اور کروڑوں سال پہلے بولے جانی والی زبان سے اردو زبان میں ترجمہ کر کے چھپوایا جا رہا ہے جس کی تیاری میں السید علی حسین شاہ کا ہاتھ ہے اور شاید ان کی توجہ کے بغیر یہ کتابیں چھپ ہی نہ سکتیں پرانی نادر کتب اصل زبانوں کے ساتھ اردو تراجم میں مصنف کے پاس موجود ہیں۔ جیسے ہندی، بنگالی، عبرانی، سریانی، قدیناوی، حوزی، فراعنہ مصر، صولیانی، سامی، یافث، برہمی، یونانی، صابی، یعفوری، عزری، حیری، کاہنی، رومی، فرنجی، قبطی، ارمنی، کوفی، بربری، اور اس سے دیگر اور ایسی کئی زبانوں میں کتب با تصویر اصل اصول قوائد وضوابط کے ساتھ چھپ کر تیار ہو رہی ہیں۔ جو کچھ ہی عرصہ میں عوام الناس کی خدمت میں پیش کی جائینگی جسے دیکھنے سے انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔

سچا علم الحاضرات

یہ ایسی نادر اور قیمتی کتاب ہے۔ جس میں ایک ایک نسخہ لاکھوں روپے کا ہے۔ اور دنیا میں بولی جانے والی مختلف زبانوں کا اصل ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں حضور نبی کریم ﷺ، حضرت علیؓ، بارہ امامؑ، شاہ شرف الدین عرف بو علی شاہ قلندرؒ، شہنشاہ قلندر حضرت علی عثمان مروندی عرف سخی لعل شہباز قلندرؒ، پیران پیر غوث الاعظم دستگیرؒ، حضرت علی عثمان عرف داتا گنج بخش ہجویریؒ، اور مختلف بزرگان دین سے روحانی فیض حاصل کرنا اور اس دنیا میں ان کی باطنی توجہ حاصل کرنے کے نسخہ جات لکھے ہیں۔ جو حقیقت میں سینوں کے راز ہیں اور استعمال کرنے پر کوئی بھی پاک و پرہیز حالت اپناتے ہوئے اس دنیا میں درجہ ولایت اور کئی قسم کے شعبہ جات میں سو فیصدی کامیابی حاصل کر سکتا ہے ان سے ملاقات کر سکتا ہے اور کامیاب ہونے کے بعد کسی سے بھی ان کے فیض ہمکنار کروا سکتا ہے بے شک یہ ایک لازوال کتاب ہے جو مطالعہ کرنے اور عمل کرنے پر اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہ سکے گی۔ اس بات کا دعویٰ ہے کہ اس قسم کی کتاب زندگی میں کسی آنکھ نے دیکھی نہیں ہوگی۔ ان روحانی بزرگان کا تصرف حاصل کرنے کے علاوہ ان دیوی دیوتاؤں کو اپنے پاس بلا کر ان سے دنیاوی کاموں میں مدد لینے کے سو فیصدی نسخہ جات لکھے ہیں۔ جو حاضر کرنے والوں کے پاس آتے ہیں اور ان کو اپنی تسخیر میں کس طریقے سے کر کے ان سے کام لیا جا سکتا ہے وہ سب کچھ لکھ دیا ہے۔ کوئی بھی ان کو اپنے قابو میں کر کے ان سے کام لے سکتا ہے اور کئی جگہ سے اشیاء منگوا سکتا ہے۔ تمام نسخہ جات سینہ بہ سینہ ہیں اور استعمال کرنے والا کبھی ناکامیاب نہیں ہوگا۔ اس بات کا دعویٰ ہے۔ اگر کوئی عامل یا فن عملیات سے لگاؤ رکھنے والا ان طریقہ کار سے واقف نہ ہو تو وہ کبھی عامل نہیں بن سکتا۔

عامل سید شبیر حسین شاہ کی لازوال تصنیف (اصل کنز الحسین)

کنز الحسین عملیات دنیا کی لازوال کتاب جو اردو زبان کے علاوہ مختلف زبانوں سے ترجمہ کی گئی ہے۔ جو اس کتاب سے ناآشنا ہے وہ عملیات، وہ نقوش اور ایسے طریقہ کار سے بالکل ناآشنا ہے جو اصل میں عامل کے پاس ہونا چاہئے ایسے کون سے نقوش ہوں جو فوراً اپنا اثر دکھائیں؟ ایسا کون سا عمل ہے جس سے چند گھنٹوں میں کوئی دور گیا واپس آئے، محبوب اپنے مطلوب کے بغیر ایک پل بھی نہ رہ سکے، دنیاوی حاجات کیسے پوری ہوں؟ ایسے کون سے راز ہیں جس سے مریض کے مرض کی صحیح تشخیص ہو اور اس پر کئے گئے جادو، تعویذ، گنڈے، پتلے، اور دیگر جادوئی دفینے کو مریض کے سامنے اس کی آنکھوں سے دکھایا جا سکے، دین کے دشمنوں کا قلع قمع کیا جا سکے، غیر یقینی مقاصد میں سو فیصد کامیابی حاصل ہو، اس کے علاوہ کتاب میں وہ بنگالی زبان کے اصل (۲۰) صحیفے ہیں جو عذاب کے بعد جلنے سے بچ گئے تھے۔ کتاب میں اصل ہندی زبان کا اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے اور ثبوت کے طور پر ہندی زبان ساتھ لکھی ہے۔ ہندی، عبرانی، اردو، سریانی، بنگالی، زبانوں کے اصل پر اثر ایسے نقوش درج ہیں جن کو دیکھ کر حیرت گم ہونے کے ساتھ ساتھ ان میں ایسے دیرپا اثرات موجود ہیں۔ جس میں کسی شخصیت کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ تیر کمان والے رشتے کی طرح عمل کی بدولت صرف کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ کام خواہ جائز ہو یا ناجائز اس میں کوئی سروکار نہیں ہے۔ مصنف نے نہایت ہی محنت سے اس کتاب کپڑے، پیپل کے پتوں، اور پتھر پر اپنے ہاتھوں سے لکھنے والی شے سے لکھ کر عملیاتی دنیا میں ایک ایسا کام کر دیا ہے۔ جس کو (السید علی حسین شاہ) نے خود ترتیب دیا ہے۔ اور منہ بولتا ایک ایسا ثبوت پیش کر دیا ہے۔ جو آج سے پہلے نہ تو کبھی تھا اور نہ ہی کبھی ہوگا۔ تمام ہندو دیوتاؤں سے کام لینے کے طریقہ کار ان کی اصل زبان میں درج ہیں اور ایسے نسخہ جات بھی جس کی بدولت ان کو اپنی تسخیر میں کر کے انسان ایسا بہت کچھ جھٹ پٹ کر سکتا ہے جو تعویذ دھاگے بھی نہیں کرتے کالے و نوری علم کے لازوال نسخہ جات سے ترتیب دی گئی اس کتاب کو عاملین اور ایسے افراد ضرور مطالعہ کریں جو عملیاتی دنیا میں اپنے نام کا ڈنکا بجوانا چاہتے ہوں اور جو کوئی عامل اس کتاب سے ناآشنا ہے وہ عملیات میں کبھی کچھ نہیں کر سکتا کیونکہ اس کتاب کے مصنف (سید شبیر حسین شاہ) کا اس کتاب کے نسخہ جات کے متعلق فرمانا ہے کہ اگر اس کتاب میں سے کسی کا کام نہ ہو تو روز محشر میرا گریبان ہوگا اور دوسرے کے ہاتھ اس کے علاوہ لکھنا بتانا ہی کیا ہے۔ کتاب کی عمر آج سے اڑھائی سو سال پرانی ہے۔

Scanned by CamScanner